ماہنامہ
جہدِحق

پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق



دہشت گردی کا نشانہ زیادہ تر عورتیں، بچے اور اقلیتیں ہی کیوں؟

پی آئی اے کے ملازم کی ہلاکت قابل مذمت ہے

پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق (ایچ آرسی پی) نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تشدد کے نتیجے میں پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) کے ایک ملازم کی ہلاکت اور دیگر چار افراد کے زخمی ہونے پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے جو پی آئی کی نجکاری کے خلاف احتجاج کر رہے تھے۔

منگل کو جاری ہونے والے ایک بیان میں کمیشن نے کہا: ''ایچ آرسی پی فائرنگ کے واقعے میں پی آئی اے کے ملازم کی ہلاکت کی مذمت کرتا ہے۔ صبح کے وقت ٹی وی پر دکھائی جانے والی فوٹیج میں یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ جب مظاہرین نے ایئرپورٹ کی طرف جانا شروع کیا تو پولیس اور رینجرز کے اہلکاروں نے ان کے خلاف لاٹھیوں، واٹرکینن اور آنسو گیس کا استعمال کیا۔

''ہر شہری کو پرامن احتجاج کی آزادی کا حق حاصل ہے۔ پی آئی کے ملازمین نے پی آئی اے کی مجوزہ نجکاری کے حوالے سے اپنے خدشات کا کئی مرتبہ اظہار کیا تھا۔ یہ امر باعث تشویش ہے کہ منگل کے روز ملازمین پر گولیاں چلائی گئیں۔ آیا یہ طاقت کا مناسب استعمال تھا یا نہیں یہ ایک الگ بحث ہے، اور اس نقطے کی عدالتی تحقیقات کرانا ضروری ہے۔ اب قانون نافذ کرنے والے ادارے اور موقع پر موجود اہلکار یہ کہہ رہے ہیں کہ انہوں نے آتش گیر اسلحہ استعمال نہیں کیا۔ سندھ رینجرز کا کہنا ہے کہ پیراملٹری فورس نے کوئی گولی نہیں چلائی اور ایک اعلیٰ پولیس افسر کا یہ کہنا ہے کہ انہیں ملازمین پر گولی چلانے یا ان پر تشدد کرنے کی اجازت نہیں تھی۔

ایچ آرسی پی تشدد کے نتیجے میں ہونے والی ہلاکت کی شدید مذمت کرتا ہے اور مطالبہ کرتا ہے کہ ذمہ داران کا سراغ لگانے اور انہیں انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لیے اعلیٰ عدلیہ کے جج کے ذریعے فوری اور قابل بھروسہ تحقیقات کی جائیں۔

معاملے کو اس طریقے سے نبٹانا بہتر تھا کہ جس سے سڑکوں پر احتجاجی مظاہروں کی ضرورت ہی نہ پڑتی۔ ایچ آرسی پی کا حکومت سے مطالبہ ہے کہ اس معاملے کو فوری اور پرامن انداز سے حل کرنے کے لیے تمام ممکنہ ذرائع استعمال کیے جائیں اور پی آئی اے کے ملازمین کے تحفظات کا ازالہ کیا جائے۔ ایئرلائن اور دیگر سرکاری اداروں کی بلا سوچے سمجھے نجکاری کے عمل کی مخالفت صرف متعلقہ ملازمین ہی نہیں بلکہ نامور خودمختار معاشی ماہرین بھی کر رہے ہیں۔ بہرحال، یہ یقینی بنانے کی تمام کوششیں کی جائیں کہ اختلافات مزید تشدد یا کشیدگی کا سبب نہ بنیں۔

[پریس ریلیز۔ لاہور۔ 02 فروری 2016]

فہرست

ایچ آرسی پی کی جاری کردہ پریس ریلیز	5
پارلیمان اور صوبائی اسمبلیوں کی کارکردگی پر مشاورت کا اہتمام	6
تھر کے کثیر جہتی مسائل	7
تعلیم	9
عورتیں	11
اقلیتیں	13
سکیورٹی کو درپیش خطرات کا ازالہ	15
ترقی غیر ہم آہنگی کو فروغ دے رہی ہے	17
انتخابات کو جمہوری بنائیں	23
انتہا پسندی کی روک تھام اور رواداری کے فروغ کے لیے منعقدہ تربیتی ورکشاپس کی رپورٹس	25
تضحیک مذہب قوانین	37
قانون نافذ کرنے والے ادارے	38
خودکشی کے واقعات	39
اقدام خودکشی	44
بچے	47
صحت	48
کاری، کارو کہہ کر مار ڈالا	49
جنسی تشدد کے واقعات	49
جہد حق پڑھنے والوں کے خطوط	52

پارلیمان اور صوبائی اسمبلیوں کی کارکردگی پر مشاورت کا اہتمام

پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق (ایچ آر سی پی) نے پارلیمان اور صوبائی اسمبلیوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے میر پور خاص اور حیدر آباد میں دو مشاورتی تقاریب کا اہتمام کیا جن میں وکلاء، طلباء وطالبات، کاشتکاروں اور انسانی حقوق کے کارکنوں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی اور اظہار خیال کیا۔ ذیل میں تقاریب کی کارروائی بیان کی گئی ہے۔

میرپور خاص 22 دسمبر، 2015

ڈاکٹر اشو تھاما

کوآرڈینیٹر، ایچ آر سی پی، (حیدرآباد ٹاسک فورس)

آپ سب کا نہایت شکریہ کہ آپ اپنا قیمتی وقت نکال کر یہاں تشریف لائے تاکہ ملک کو درپیش مسائل کو زیر بحث لایا جا سکے۔ ہماری آج کی رقریب کا مقصد پارلیمان اور صوبائی اسمبلیوں کی کارکردگی کا جائزہ لینا ہے۔ ہمیں اس بات پر بھی زور دینا چاہئے کہ شہریوں اور ان کے منتخب نمائندوں کے ساتھ رابطہ سازی نہ ٹوٹنے پائے۔ شہریوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ منتخب نمائندوں کے پاس اپنے مسائل لے کر جائیں اور انہیں اپنے مسائل سے آگاہ کریں اور نمائندوں کا بھی یہ قانونی و آئینی فریضہ ہے کہ وہ اپنے حلقہ کے شہریوں کے ساتھ تعاون کریں۔ نمائندے اس بات کے پابند ہیں کہ وہ مجالس قانون ساز کے اندر اور باہر فیصلے لیتے وقت پاکستان کے شہریوں کے مفادات کو سامنے رکھیں۔

عبدالوحید جیلانی

(معروف سماجی کارکن)

اگر اراکین پارلیمان اور عوام مل کر ٹھوس حکمت عملی اپنائیں تو عوام کو غربت کے دائرے سے نکالا جا سکتا ہے اور ہم بھی ترقی یافتہ اقوام کی طرح ترقی وخوشحالی کے راستے پر گامزن ہوسکتے ہیں۔ اس حوالے سے سب سے پہلا قدم درست ترجیحات کا تعین ہے۔ ہمارے ملک کو اس وقت بنیادی زرعی و صنعتی اصلاحات کی ضرورت ہے جو کہ صرف پارلیمان اور صوبائی اسمبلیاں ہی کرسکتی ہیں۔ اس لئے اراکین پارلیمان کو چاہئے کہ وہ متفقہ طور پر ایک جامع حکمت عملی مرتب کریں اور اصلاحات کے حق میں قانون سازی کو یقینی بنائیں۔

عبدالرزاق (سماجی کارکن)

میں ایچ آر سی پی کا نہایت مشکور ہوں کہ انہوں نے اس اہم موضوع پر مشاورت کا انعقاد کیا ہے۔ نہایت افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ پاکستان کے عوام کو ان کے بنیادی حقوق تک رسائی نہیں ہے اور اراکین پارلیمان کی کارکردگی مایوس کن ہے۔ جمہوری ممالک میں حکومتیں اور پارلیمان عوام کی فلاح و بہبود پر توجہ دیتی ہیں اور ریاست کی پہلی ترجیح لوگوں کی ضروریات ہوتی ہے۔ مگر ہمارے ہاں حکومتیں اور قانون ساز اسمبلیوں کے اراکین شہریوں کی خود مختاری کو یقینی بنانے کے لئے کسی قسم کے اقدامات نہیں کررہے۔ اراکین پارلیمان کو چاہئے کہ وہ عوام دوست قوانین بنائیں اور بعد ازاں ان کے نفاذ کو یقینی بنائیں۔

> پاکستان میں غیر جمہوری طاقتیں تمام قومی پالیسیوں اور اہم فیصلوں پر اثر انداز ہورہی ہیں اور یہ سب کچھ وہ اپنے مفادات کے لئے کررہی ہیں۔ جب سے پاکستان قائم ہوا ہے اس پر زیادہ عرصہ فوج کی حکومت رہی ہے جس کی بدولت یہاں جمہوریت مستحکم نہیں ہوسکی۔

غفار نار یجو ایڈووکیٹ

سب سے پہلے ہمیں نچلی سطح پر لوگوں کی حالت زار دیکھنے کی ضرورت ہے۔ عام آدمی ہر قسم کی سہولت سے محروم ہے اور اسے کسی قسم کے حقوق حاصل نہیں جو ایک پریشان کن بات ہے۔ ہمارے سیاست دان مالدار ہیں اور وہ انتخابی مہم پر بہت زیادہ اخراجات کرتے ہیں جس کی بدولت انتخابات کے بعد وہ عوام کی فلاح و بہبود کی بجائے اپنے معاشی مفادات کو ترجیح دیتے ہیں۔ علاوہ ازیں ہمارے سیاست دانوں میں سیاسی شعور کی بھی کمی ہے جس کی وجہ سے وہ اسمبلیوں میں بہتر سیاست نہیں کرپاتے۔ ہمارے مشاہدے میں کبھی نہیں آیا کہ کبھی پارلیمان یا کسی صوبائی اسمبلی نے عوام دوست قانون سازی کی ہو۔ پاکستان نے انسانی حقوق کے متعدد بین الاقوامی معاہدوں پر دستخط کر رکھے ہیں مگر ہماری پارلیمان ان کے نفاذ کے لئے کچھ نہیں کررہی۔ ہمارے ہاں نظم و نسق کی صورتحال بھی بہت خراب ہے۔ ان تمام مسائل پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

کانجی بھیل ایڈووکیٹ

(ایچ آر سی پی کونسل رکن)

پاکستان میں غیر جمہوری طاقتیں تمام قومی پالیسیوں اور اہم فیصلوں پر اثر انداز ہورہی ہیں اور یہ سب کچھ وہ اپنے مفادات کے لئے کررہی ہیں۔ جب سے پاکستان قائم ہوا ہے اس پر زیادہ عرصہ فوج کی حکومت رہی ہے جس کی بدولت یہاں جمہوریت مستحکم نہیں ہوسکی۔ علاوہ ازیں اسٹیبلشمنٹ ملک کی جغرافیائی حدود کے تحفظ کی بجائے اندرونی نظم و نسق کنٹرول کرنے پر توجہ دے رہی ہے جو ایک غیر جمہوری قدم ہے۔ ہمارے سیاست دان سیاسی تعلیم سے محروم ہیں۔ ہمارے منتخب نمائندوں کو سیاسی تعلیم و تربیت کی ضرورت ہے تاکہ وہ اسمبلی میں عوام دوست قوانین کے لئے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرسکیں۔

عبدالحمید چنہ (سماجی کارکن)

ہمارے ہاں جمہوری نظام تو موجود ہے مگر جمہوری اقدار پر عمل درآمد نہیں ہو رہا۔ اسمبلیوں پر چند خاندان براجمان ہیں۔ پاکستان کو وہ رہنما چاہئیں جو عوام میں سے ہوں۔ مطلب یہ کہ وہ نچلی سطح سے ہوں۔ پارلیمان عموماً عوام کے مفاد کی بجائے جاگیرداروں اور صنعتکاروں کے مفاد کو سامنے رکھ کر قانون سازی کرتی ہے جو افسوس ناک بات ہے۔ پارلیمان اور صوبائی اسمبلیوں کو چاہئے کہ وہ عوام کے حقوق و ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئے قانون سازی کریں اور پھر ان قوانین کے نفاذ کو بھی یقینی بنائیں۔

ممتاز جرور ایڈووکیٹ

میں اس امر پر مکمل اتفاق ہے کہ ہمارے منتخب نمائندے قانون سازی کی تعلیم و تربیت سے بے خبر ہیں جس کی بدولت وہ بہتر قانون سازی نہیں کرپاتے۔ ملک میں ناخواندگی کی شرح بھی بہت زیادہ ہے اور عوام کی بہت بڑی تعداد بھی سیاسی تعلیم سے محروم ہے۔ جس کی وجہ سے وہ اپنے حقیقی نمائندے منتخب کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔ ملک کے سیاسی نمائندے منتخب ہونے کے بعد کبھی اپنے علاقے کا دورہ نہیں کرتے اور اپنے حلقے کے لوگوں سے رابطہ نہیں رکھتے جو کہ قابل مذمت بات ہے۔

مسعود سان (سندھ یونائٹڈ پارٹی)

پاکستان 1947ء میں قائم ہوا مگر اس کا پہلا جمہوری آئین 1973ء میں مرتب ہوا۔ 1973ء کے آئین کی روح سے یہ ملک مذہبی نوعیت کا ملک نہیں تھا۔ ہمارا آئین بہتر تھا مگر اسے نافذ نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے مسائل جنم لے رہے ہیں۔ ایک بڑی خرابی یہ ہوئی کہ آئین کو مسخ کردیا گیا۔

اس مشاورت میں مسٹر ولی محمد، عبدالحسن نوندانی ایڈووکیٹ، بودو خان اور صلاح الدین نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

تھر کے کثیر جہتی مسائل

آئی۔اے۔رحمٰن

تھر کے لوگوں کی حالت زار گزشتہ کئی دنوں سے عوامی بحث و مباحثے کا موضوع بنی ہوئی ہے مگر اس کے اسباب جاننے یا موثر تلافیوں کی تلاش کی بامعنی کوشش کے کوئی شواہد نظر نہیں آتے۔

جیسا کہ گزشتہ کئی برسوں سے ہو رہا ہے، تھر ایک بار پھر ذرائع ابلاغ کی توجہ کی زینت بن رہا ہے کیونکہ رواں برس کے آغاز سے اب تک متعدد بچے جاں بحق ہو گئے ہیں اور حسب معمول انتہائی سادہ تجزیے پیش کئے جا رہے ہیں۔ تھر کی صورتحال پر صوبائی اسمبلی سندھ میں ہونے والی بحث حکومت اور حزب اختلاف کے مابین دشنام طرازی کے مقابلہ کا شکار ہو گئی اور کسی بھی فریق نے ان دلائل میں کوئی اضافہ نہیں کیا جو متروک ہو چکے ہیں۔ حکومت اپنے اس موقف پر قائم رہی کہ بچے خوراک کی قلت کے باعث نہیں مر رہے اگرچہ یہ دلیل کچھ عرصہ سے تسلیم کی جا رہی ہے۔

ایک اور موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سندھ کے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وہ ماہرین صحت کے مشاہدات سے باخبر ہیں کہ تھر میں بچوں کی اموات کی وجہ معاشی عوامل (بیروزگاری، غربت، بچوں اور خواتین کی ناقص غذا) اور سماجی وثقافتی رجحانات (کمسنی کی شادیاں، مناسب وقفے کے بغیر بچوں کی پیدائش) ہیں۔

مگر اس کے بعد وہ سرکاری اقدامات کی وضاحت کرنا شروع ہو گئے اور کہا کہ ''ہم نے علاقہ میں ترقیاتی کام کئے ہیں، مزید بنیادی صحت مراکز (بی ایچ یو)، ڈسپنسریاں اور تعلقہ ہسپتال قائم کئے ہیں اور مٹھی ہسپتال کو ضروری آلات اور ادویات سے لیس کیا ہے''۔ انہوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ صوبائی حکومت نے صاف پانی کی فراہمی کے لیے ریورس اوسموسس پلانٹ نصب کئے تھے اور کہا کہ مزید 700 پلانٹس کی ضرورت تھی۔

حکومت ان عوامی شکایات سے لاعلم نہیں ہو سکتی کہ بعض اطلاعات کے مطابق صحت کے بہت سے مراکز، تقریباً ستر فیصد، کئی وجوہات کے باعث غیر فعال ہیں، کئی ریورس اوسموس پلانٹ بھی کام نہیں کر رہے اور ان کی جگہ کا انتخاب زیادہ تر مقامی با اثر شخصیات یا ٹھیکیداروں کی سہولت کو مدنظر رکھ کر کیا گیا ہے (کئی پلانٹ ایک دوسرے کے بہت قریب نصب کئے گئے اور بہت بڑا علاقہ نظر انداز کیا گیا ہے)۔

ماہرین صحت کئی برسوں سے حکومت کو بتا رہے ہیں کہ غریب افراد تین بنیادی وجوہات کے باعث صحت کی سہولیات سے مستفید نہیں ہو سکتے: بچوں کی قبل از وقت پیدائش یا بیماری کے خلاف قوت مدافعت سے محروم بچوں کی پیدائش، دیہات میں بنیادی صحت کی سہولت کی عدم موجودگی، اور بیمار بچوں کو فوری طور پر طبی مرکز منتقل کرنے کے لیے ٹرانسپورٹ سسٹم کی عدم دستیابی۔ اور بدعنوانی کی داستانیں بھی بے شمار ہیں۔

اب حکومت نے اُن ہی سابق ججوں پر مشتمل ایک عدالتی کمیشن قائم کیا ہے جنہیں 2014ء سے ملتا جلتا مشن سونپا گیا ہے۔ ان کی رپورٹ ابھی تک شائع نہیں ہو سکی۔ یہ نہیں معلوم کہ کمیشن کے قواعد وضوابط کیا ہیں، اگر ہیں بھی تو مگر اس امر کی نشاندہی کرنا بے معنی نہیں کہ تھر کے لوگوں کے مصائب کا بنیادی سبب ان کے مسائل سے لاعلمی نہیں بلکہ ان سے نمٹنے میں ناکامی ہے، چاہے حکومت قوت ارادی کی عدم موجودگی کی تردید ہی کیوں نہ کرے۔

> کہا جاتا ہے کہ غیر مسلم جو حالیہ وقت تک تھر پارکر کی آبادی کا 74 فیصد تھے اب صرف 45 فیصد رہ گئے ہیں۔ یہ تبدیلی غیر مسلموں کی کسی بڑی نقل مکانی کا نتیجہ نہیں ہے، اس کا بنیادی سبب مسلمان آبادکاروں کی آمد ہے۔ اطلاعات کے مطابق، تھر میں آکر آباد کاری کرنے والوں میں سب سے نمایاں ''مدارس کے قیام کے لیے اراضی ہتھیانے والے قبضہ گیر'' ہیں۔

مثال کے طور پر، یہ ڈھکی چھپی بات نہیں کہ زرعی وسائل بڑھتی ہوئی آبادی کے لیے ناکافی ہیں اور مویشیوں کی بہت بڑی تعداد کو چارہ بھی دستیاب نہیں۔ نوجوانوں کے لئے اپنے گھر سے 300 کلومیٹر دور تک روزگار میسر نہیں۔ اور سب سے اہم بات یہ کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حکومت ترقی کی ناقص منصوبہ بندی، قبضہ گروپ کی سازشوں اور مردم نگاری (Demography) کو تبدیل کرنے کی منظم کوششوں سے لاتعلق ہے۔

تھر کو عارف حسن سے بہتر کوئی نہیں جانتا، جنہوں نے وہاں چالیس سے زائد برس صرف کئے ہیں اور سماجی۔ معاشی مسائل پر بہت زیادہ تحقیقی کام کیا ہے۔ تھر کوئلہ پراجیکٹ پر ان کے تحفظات پر توجہ دینے سے حکام کا انکار انتہائی شرمناک ہے۔ عارف حسن کہتے ہیں کہ کوئلے کے پراجیکٹ کی اس طرح کی منصوبہ بندی ممکن تھی جس سے مطلوبہ معاشی فوائد بھی حاصل ہو جاتے اور ماحول کو اور مقامی آبادی کے مفادات کو بھی کوئی نقصان نہ پہنچتا۔

ایسے کئی مسائل ہیں جنہیں منصوبہ سازی میں مہارت اور متاثرہ آبادی کے حقوق اور مفادات کا احترام کرکے حل کیا جا سکتا ہے۔ یہ مسائل درج ہیں۔

اول، براہ راست متاثر ہونے والے خاندانوں کی پیداواری ضروریات کے لیے چراگاہوں کی ضرورت کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ اس مقصد کے لیے اراضی کی دستیابی کے بغیر ان کی بحالی تو ممکن نہیں ہو سکے گی۔

دوئم، کوئلہ نکالنے کے لیے تقریباً 24 میٹر گہرے گڑھے کھودنا پڑیں گے۔ گڑھوں کے گرد اکٹھا ہونے والے مٹی کے ڈھیر ماحول کو متاثر کریں گے۔ اس کے علاوہ، زیر زمین پانی کا قدرتی بہاؤ متاثر ہوگا اور آلودہ پانی کی بہت بڑی مقدار سمندر میں جا گرے گی۔

سوئم، پراجیکٹ کے عملے کی آمد اور ان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے جو سروسز وجود میں آئیں گی، ان سے روایتی دیہاتی معیشت اور لوگوں کی گزر بسر کی عادات و اطوار بری طرح متاثر ہوں گی۔

اور، آخر میں، آلودہ ہوا نہ صرف اسلام کوٹ بلکہ نگر پارکر جیسے دور دراز علاقوں کے لوگوں کو بھی متاثر کرے گی۔

جب تک ان معاملات سے مکمل طور پر نمٹا نہیں جاتا تو تھر کوئلہ پراجیکٹ تھر کے لوگوں کی تکالیف کا مستقل سبب بن جائے گا۔

بیک وقت، تھر پارکر میں وقوع پذیر ہونے والی آبادیاتی تبدیلیاں بہت بڑی انسانی تباہی کا موجب بن سکتی ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ غیر مسلم جو حالیہ وقت تک تھر پارکر کی آبادی کا 74 فیصد تھے اب صرف 45 فیصد رہ گئے ہیں۔ یہ تبدیلی غیر مسلموں کی کسی بڑی نقل مکانی کا نتیجہ نہیں ہے، اس کا بنیادی سبب مسلمان آباد کاروں کی آمد ہے۔ اطلاعات کے مطابق، تھر میں آکر آباد کاری کرنے والوں میں سب سے نمایاں ''مدارس کے قیام کے لیے اراضی ہتھیانے والے قبضہ گیر'' ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ پنجاب میں واقع ایک شدت پسند تنظیم کو ننگر پارکر میں بہت بڑا قطعہ اراضی دیا گیا۔

اگر یہ سچ ہے تو حکام میں سے کسی کو فوری پیش قدمی کرنی چاہئے تاکہ خوفناک المیے سے بچا جا سکے۔ تھر اپنی شان وشوکت سے محروم ہو جائے گا۔ غیر مسلم آبادی کا اقلیت میں تبدیل ہو جانا ایک ایسی کمیونٹی کے ساتھ سنگین ناانصافی ہے جو کہ بہترین پاکستانیوں کی فہرست میں شمار ہونے کی مستحق ہے اس سے اقلیتوں کو تحفظ فراہم کرنے کے پاکستان کے دعوے کی بھی نفی ہوگی اور یہ ملک دنیا کی اقوام میں تنہا رہ جائے گا۔

کیا نئے قائم شدہ تھر کمیشن یا کسی اور کے پاس ان معاملات کا جائزہ لینے کا اختیار ہوگا؟

(انگریزی سے ترجمہ، بشکریہ ڈان)

قحط سالی نے سنگین صورتحال اختیار کر لی

چاغی چاغی ایک مرتبہ پھر قحط کا شکار ہو گیا ہے جس کے سبب 8 ہزار سے زائد خواتین و بچے غذائی قلت کا شکار ہو گئے جبکہ 40 فیصد سے زائد زرعی زمینیں بنجر ہوئیں اور چراگاہیں ختم ہونے سے 91 فیصد سے زائد گھرانوں کے مال مویشی شدید متاثر ہو کر موت کے منہ میں جانے لگے۔ اکثر علاقوں میں پانی کی سطح دس فٹ تک نیچے گر گئی جس کے سبب کئی دیہات ویران ہو گئے اور علاقہ مکین پانی کی تلاش میں کئی کئی سو کلومیٹر دور جا کر آباد ہو رہے ہیں۔ اگر بارشیں نہ ہوئیں تو دو سال میں چاغی دوبارہ 1997 جیسی صورتحال کا سامنا کر سکتا ہے جب 9 سالوں تک علاقے میں مسلسل قحط جاری رہا۔ چاغی قحط سالی کے حوالے سے ہائی رسک ایریا ہے کیونکہ یہاں سالانہ بارشوں کی اوسط 7.5 ملی میٹر ہے جو کہ انتہائی ناکافی ہے جبکہ اس علاقے میں سالانہ کم سے کم 170 ملی میٹر بارش ہونی چاہیے جو کہ تین سالوں کے دوران پانی کی اوسط سطح 3.5 فٹ نیچے چلی گئی جبکہ آمری اور جھلی کے کئی دیہاتوں میں پانی کے بیشتر ذرائع مکمل طور پر خشک ہو گئے ہیں۔ جہاں کے اکثر علاقوں میں پانی کی سطح پانچ سے دس فٹ تک نیچے چلی گئی ہے جس کے سبب خواتین اور بچوں کی مشکلات بڑھ گئیں کیونکہ پانی کے ذرائع ناپید ہونے سے خواتین اور بچوں کو دور دراز مقامات سے اپنے جسموں پر پانی لاد کر لانا پڑ تا رہا ہے جبکہ مضر صحت پانی کے استعمال سے وہاں مختلف وبائی بیماریاں بھی پھیلنے لگیں ہیں کیونکہ ان علاقوں میں پینے کے پانی کے کوئی متبادل ذرائع نہ ہونے کے سبب 42 فیصد گھرانے جوہڑوں کا آلودہ پانی پینے پر مجبور ہیں جس کی وجہ سے وبائی اور جلد کے امراض بڑھ گئے ہیں۔ دوسری جانب ان علاقوں میں صحت کی سہولیات کا بھی شدید فقدان ہے جس کی وجہ سے لوگ طویل سفر طے کر کے شہروں میں اپنا علاج کروانے پر مجبور ہیں۔ ایران اور افغانستان کی سرحدوں سے متصل 44 ہزار سے زائد اسکوائر کلومیٹر کے رقبے اور منتشر آبادیوں پر مشتمل ضلع چاغی میں قحط سالی کے سبب 80 فیصد مال مویشی شدید متاثر ہوئے جن میں اکثر طبعی موت مر گئے جبکہ باقی رہنے والوں کی پیداواری صلاحیت کم ہو گئی جس کے سبب لوگ انھیں انتہائی سستے داموں فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔ طویل خشک سالی سے 40.8 فیصد زرعی زمینیں بنجر بن گئیں جن پر زیادہ تر تربوز، خربوز اور گندم سمیت دیگر موسمی فصلیں کاشت کی جاتی تھیں۔ اس تمام صورتحال سے 78 فیصد گھرانوں کے لیئے دو وقت کی روٹی کا حصول مشکل ہو گیا اور اس صورتحال نے مذکورہ علاقوں کے 8 ہزار سے زائد خواتین اور بچوں کو شدید غذائی قلت سے دوچار کیا۔ قحط سالی سے تنگ 15.5 فیصد لوگ پانی کے آسان ذرائع پانے کے لیے 10 سے 400 کلومیٹر دور منتقل ہونے پر مجبور ہو گئے جن میں کچھ لوگ قریبی اضلاع خاران اور واشک چلے گئے جس کے سبب کئی دیہات ویران ہو گئے ہیں۔

حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ صورتحال کا ادراک کرتے ہوئے وہاں لوگوں کی مدد کو پہنچیں اور انھیں خوراک، ادویات و دیگر مطلوبہ سہولیات سمیت شعور و آگاہی فراہم کر کے قحط سالی کی نقصانات کو کم کرنے کی کوشش کریں۔ چاغی میں محکمہ حیوانات کے ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر سعید احمد صاحبزادہ کے مطابق قحط سالی نے علاقے میں ایک لاکھ سے زائد مویشیوں کی زندگیاں شدید خطرات سے دوچار کی ہیں جن میں اونٹ، بھیڑ بکریاں اور گائے شامل ہیں جو پیٹ بند ہونے، انتڑیوں میں زہر بھر جانے اور جلد کے موذی امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں کیونکہ ان کی قوت مدافعت ختم ہوتی جا رہی ہے جس کی سب سے بڑی وجہ چراگاہوں کا ختم ہونا ہے۔ ان کے مطابق ان کے محکمے نے متاثرہ علاقوں میں چھ ماہ کے دوران پانچ طبی کیمپ لگائے جس کے دوران 90 ہزار سے زائد مویشیوں کی ویکسینیشن کرائی گئی اور مویشیوں کے مالکان کو ادویات فراہم کی گئیں۔ انہوں نے محکمے کی طرف سے مطلوبہ ادویات فراہم نہ کرنے کو سب سے بڑی رکاوٹ قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکام بالا کو صورتحال سے آگاہ کیا گیا ہے۔ فوڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن چاغی کے ٹیم لیڈر عتیق احمد بلوچ کے مطابق خشک سالی کے سبب چاغی میں فصلوں میں کیڑے پڑ رہے ہیں جس نے زمینداروں کی مشکلات میں اضافہ کیا۔ ان کے مطابق بارشیں نہ ہونے سے کاریزات خشک ہو گئے ہیں جبکہ ایسی صورتحال سے نمٹنے کے لیئے ڈیمز چاہئیں جو نہ ہونے کے برابر ہیں۔ ان کے مطابق وہ پچھلے تین سالوں سے چاغی کے زمینداروں اور مالداروں کو تربیت، بیج اور متعلقہ سہولیات فراہم کر رہے ہیں تا کہ وہ تکنیکی اور آسان طریقوں سے اپنے ذریعہ معاش کو وسعت دے سکیں۔ ڈپٹی کمشنر چاغی خدائے نذر بڑیچ نے صورتحال کو تشویشناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے 02 دسمبر 2015 کو ایک مراسلے کے ذریعے صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کو صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے ضروری اقدامات اٹھانے کی درخواست کی تھی لیکن تا حال کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ ان کے مطابق انہوں نے ضلع کے تمام انتظامی حکام اور محکمہ زراعت و حیوانات کے حکام کو حکم جاری کیا ہے کہ وہ اس سلسلے میں جامع سروے کر کے رپورٹ پیش کریں تا کہ اصل صورتحال سامنے آ سکے۔

(علی رضا)

ہاریوں کے خلاف ناجائز مقدمات

عمرکوٹ 20 فروری کو سیشن کورٹ عمرکوٹ کے حکم پر زمیندار کی جبری مشقت سے رہا ہونے والے ہاریوں نے زمیندار پیر خالد جان سرہندی اور سامارو پولیس کے خلاف سانوری شاخ روڈ پر احتجاجی مظاہرہ کیا۔ بات چیت کرتے ہوئے غلام مصطفیٰ، گل حسن اور ملوکاں کھوسو نے کہا کہ وہ تحصیل سامارو کے علاقے گلزار خلیل کے زمیندار پیر خالد جان سرہندی کے پاس گزشتہ دس برسوں سے بطور ہاری کام کر رہے ہیں۔ ان دس برسوں کا کوئی حساب کتاب نہیں کیا گیا۔ "ہم پر جو ظلم کیے جاتے تھے وہ تو ہم بیان ہی نہیں کر سکتے۔ پھر ہم سیشن کورٹ کے حکم پر بازیاب ہوئے۔ ہم بازیاب ہونے والے پندرہ ہاری افراد نے کنری شہر کی کے قریب سانوری شاخ کے کنارے پر سرکاری اراضی پر جھونپڑیاں بنا کر پناہ لی"۔ بااثر زمیندار کو یہ بات ناگوار گزری۔ پھر زمیندار کے کہنے پر سامارو پولیس نے ان کی جھونپڑیوں پر چڑھائی کر کے ایک ہاری سہراب کھوسو کو گرفتار کر لیا۔ سامارو تھانے پر بااثر زمیندار کے کامدار راجو کولہی کی درخواست پر دھمیاں دینے، دو گائیں اور دو بھینسیں ہتھیانے کا مقدمہ تین ہاریوں غلام مصطفیٰ، گل حسن اور گل کھوسو کے خلاف درج کر لیا گیا ہے۔ بااثر زمیندار نے اپنے حواریوں کے ہمراہ ان کی جھونپڑیوں پر دھاوا بول کر ان سب کو زبردستی دوبارہ اپنے ساتھ لے جانے کی کوشش کی اور موت کی دھمکیاں دیں۔ متاثرہ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ ان کے افراد کے خلاف جھوٹا مقدمہ واپس لیا جائے۔

(اوکھو منروپ)

خاندانی دشمنی نے دو اور زندگیاں لے لیں

مٹیاری 18 فروری کو مٹیاری کے نزدیک گاؤں شیر محمد ٹھوڑہا میں دیرینہ خاندانی دشمنی کی وجہ سے دو برادریوں میں تصادم سے دو افراد ہلاک جبکہ دو زخمی ہو گئے۔ پی پی رہنما کے بیٹے سمیت پانچ افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ مٹیاری کے نزدیک گاؤں شیر محمد ٹھوڑہا میں پرانی رنجش کی بناء پر خاصخیلی اور تالپر برادریوں میں جھگڑا ہو گیا جس کے باعث دو افراد عمر خاصخیلی اور حاجن خاصخیلی ہلاک ہو گئے۔ نعشوں اور زخمیوں کو تعلقہ ہسپتال پہنچایا گیا اور پوسٹ مارٹم کے بعد نعشوں کو ورثاء کے حوالے کر دیا گیا۔ دریں اثناء پولیس نے پی پی رہنما میر شبیر ٹالپر اور اس کے بیٹے میر طارق ٹالپر سمیت 5 آدمیوں کو گرفتار کر لیا جبکہ گاؤں میں دو افراد کو گرفتار کر لیا۔

(ایاز میمن)

تعلیم

ٹیچر کا طالبہ پر تشدد

میرپور گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج میرپور کے پروفیسر کا ایم اے کی طالبہ (الف ر) جن کا ایجوکیشن فزیکل ڈیپارٹمنٹ سے کوئی تعلق بھی نہیں تھا۔ اور نہ ہی ان کا اس ڈیپارٹمنٹ میں کوئی پریڈ تھا نے طالبہ کو بلایا اور تھپیڑ مارنا شروع کردیئے اور گالیاں دینا شروع کردیں جس کے باعث ایم اے کی طالبہ کے ناک سے خون بہنا شروع ہوگیا۔ واقعہ کے بعد طالبہ کے ورثاء اور شہر کی سیاسی وسماجی شخصیات سمیت انسانی حقوق کے کارکن موقع پر پہنچ گئے۔ فزیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے انچارج پروفیسر الیاس کا کہنا تھا کہ ایم اے کی طالبہ سے پریکٹیکل پیپر فی میل پروفیسر لیتی ہیں اور پروفیسر جمیل کا اس ڈیپارٹمنٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے جبکہ دن بارہ بجے کے بعد موصوف کا کوئی پریڈ بھی نہیں ہوتا اور نہ ہی اس طرح طلبہ کو تشدد کرنے کی انہیں کوئی اجازت ہے۔ اس حوالہ سے پرنسپل ادارہ کو طالبہ کی جانب سے تحریری درخواست دے دی گئی ہے جس کی تحقیقات کے لیے پرنسپل نے تین رکنی انکوائری کمیٹی بنا دی ہے۔ کمشنر کو بھی فون پر آگاہ کیا گیا۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے پروفیسر صاحبان کو نوکری سے فارغ کرکے قانونی کارروائی کی جائے۔ اس سے قبل بھی پروفیسر خرم جمیل کی جانب سے طلبہ وطالبات کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ اس سے قبل ایک مرد پروفیسر نے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج میں لیکچر کے دوران پروفیسر نے بی اے کی طالبہ سے نامناسب سوال پوچھا جس پر طالبات نے مشتعل ہوگئیں۔ اور تقریباً تین دن تک کالج میں ہڑتال رہی۔ میرپور کے شہری حکومت آزاد کشمیر وزیر تعلیم اور سیکرٹری تعلیم سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ آئے روز کالجز میں ایسے واقعات کا سختی سے نوٹس لیں تاکہ آئندہ کوئی ایسا واقعہ رونما نہ ہوسکے۔

(عابد حسین عابدی)

پرنسپل کے ناروا رویے سے دلبرداشتہ ہوکر خودکشی کرلی

قلعہ سیف اللہ 19 فروری کو بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ کی 17 سالہ طالبہ ثاقبہ حکیم نے کالج کے پرنسپل کی جانب سے داخلہ فارم انٹرمیڈیٹ بورڈ نہ بھجوائے جانے پر خودکشی کرلی۔ پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق، بلوچستان چیپٹر کی چار رکنی ٹیم نے ثاقبہ حکیم کے گھر جاکر ان کے اہل خانہ سے تعزیت کی اور واقعہ کے متعلق معلومات حاصل کیں۔ حاصل کردہ حقائق کے مطابق جولائی 2015ء میں گورنمنٹ گرلز کالج مسلم باغ کی طالبات نے احتجاج شروع کیا جس کی وجہ یہ تھی کہ کالج میں ایڈہاک کی بنیاد پر خواتین اساتذہ کا تقرر کیا گیا تھا جو کہ مطلوبہ تعلیم اور تجربے کی حامل نہیں تھیں۔ طالبات ان کی کارکردگی سے مطمئن نہیں تھیں۔ ایک بار کمرہ جماعت کے اندر ایک سیکنڈ ایئر کی طالبہ نے اپنی ٹیچر سے دوران پڑھائی کوئی سوال کیا تو ٹیچر نے اس کا تسلی بخش جواب نہ دیا اور بعدازاں پرنسپل سے مذکورہ طالبہ کی شکایت کی جس نے کمرہ جماعت میں آکر طالبہ کو ڈانٹا اور ثاقبہ حکیم کو بھی ڈانٹا اور اسے کمرہ جماعت سے باہر نکال دیا۔ اس پر متعدد دیگر طالبات بھی احتجاجاً کمرہ جماعت سے باہر نکل گئیں۔ اس کے بعد طالبات نے ثاقبہ حکیم کی قیادت میں کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاج کیا اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ ایڈہاک کی بنیاد پر تعینات ہونے والی ٹیچرز کو فارغ کیا جائے اور ان کی جگہ اہل اور تجربہ کار اساتذہ کو بھرتی کیا جائے۔ ایچ آر سی پی کی فیکٹ فائنڈنگ ٹیم کو ملنے والی معلومات کے مطابق طالبات نے جن ایڈہاک ٹیچرز کو ان کے عہدوں سے ہٹانے کا مطالبہ کیا وہ کالج کے کلرک محمود کی رشتہ دار ہیں اور پرنسپل سے بھی ان کا قریبی تعلق ہے جس کی وجہ سے طالبات کے مطالبات پر کوئی توجہ نہ دی گئی۔ اس کے برعکس اگست 2015ء میں 60 سے زائد طالبات کو کالج سے نکال دیا گیا جن میں ثاقبہ حکیم بھی شامل تھی۔ بعدازاں بعض طالبات کے والدین نے کالج جاکر پرنسپل سے معذرت کی اور بعض نے تحریری معافی نامہ جمع کرایا جس پر ان کی بچیوں کو کالج آنے کی اجازت دے دی گئی اور انٹرمیڈیٹ کے امتحان کے لئے ان کے داخلہ فارم بورڈ کو بھیج دیے گئے۔ ثاقبہ کے والد عبدالحکیم جو خود بھی پیشے کے لحاظ سے معلم ہیں، انہوں نے بھی کالج جاکر کالج کی پرنسپل سے معذرت کی اور ثاقبہ کا داخلہ بھجوانے کی درخواست کی مگر پرنسپل نے ایسا کرنے سے انکار کردیا۔ پرنسپل نے بعض طالبات کو دیگر کالجز میں منتقل کردیا۔ ثاقبہ کے والدین نے بھی درخواست کی کہ ان کی بچی کو بھی نزدیکی کالج خانوزئی منتقل کردیا جائے مگر کالج انتظامیہ نے ایسا کرنے سے بھی انکار کردیا۔ حاجی عبدالحکیم نے بچی کے داخلے کے لئے شہر کے معتبرین بشمول چیئرمین میونسپل کمیٹی کی سفارش بھی کروائی مگر پرنسپل نے انکار کردیا۔ انٹرمیڈیٹ کے داخلے کی آخری تاریخ 10 فروری 2016ء تھی۔ مقررہ تاریخ پر جب ثاقبہ کا داخلہ نہ بھیجا گیا تو 12 فروری کو اس نے دلبرداشتہ ہوکر زہریلی گولیاں کھالیں جسے پہلے سول ہسپتال مسلم باغ لے جایا گیا مگر تشویشناک پیش نظر اسے سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کردیا گیا جہاں اس کی موت واقع ہوگئی۔ ثاقبہ نے میٹرک کے امتحان میں ضلع بھر میں اول پوزیشن حاصل کی تھی۔ ثاقبہ کی خودکشی کے بعد حکومت بلوچستان نے حقائق کی چھان بین کے لئے ایک تحقیقاتی کمیشن قائم کیا جسے ثاقبہ کے والدین نے مسترد کردیا۔ بعدازاں بلوچستان ہائی کورٹ کے حکم پر پولیس نے کالج کی پرنسپل اور کلرک کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔

ایچ آر سی پی کی فیکٹ فائنڈنگ ٹیم میں صوبائی کوآرڈینیٹر فرید احمد شاہوانی، شمس الملک مندوخیل، حاجی نظام الدین اور احد آغا شامل تھے۔

(ایچ آر سی پی کوئٹہ آفس)

نوجوان طالب علم کا قتل

فیصل آباد جڑانوالہ میں تھرڈ ائیر کے طالب علم کے قتل پر اس کے ورثا نے احتجاجی مظاہرہ کیا ہے۔ مظاہرین نے نعش فیصل آباد روڈ پر رکھ کر ٹائروں کو آگ لگادی اور ٹریفک بلاک کرکے پولیس کے خلاف نعرے لگائے۔ جڑانوالہ کے چک 24 گ ب کا رہائشی 18 سالہ محمد ارسلان 11 فروری کو تھانہ روڈالہ کے علاقہ میں ٹریکٹر ٹرالی پر ریت لاد کر لا رہا تھا کہ راستے میں اس کا کچھ نامعلوم افراد کے ساتھ جھگڑا ہوگیا اور نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے اسے قتل کردیا۔ مقتول کے والد سب انسپکٹر شوکت کا کہنا ہے کہ ارسلان اپنے تین ساتھیوں کے ہمراہ ٹرالی پر ریت لاد کر آرہا تھا کہ راستے میں کچھ افراد نے ان سے ریت چھیننے کی کوشش کی اور مزاحمت پر قتل کردیا۔

(میاں نوید)

گھریلو تنازعے پر خاتون قتل

صوابی تھانہ کالوخان کی حدود میں گھریلو تنازعے پر ایک خاتون کو قتل کر دیا گیا۔ ضیاء اللہ نے مقامی پولیس کو بتایا کہ 19 فروری کو اس کی بہن نوشابہ کو اس کے خاوند سرتاج نے تلخ کلامی کے بعد قتل کیا۔ قتل کے بعد ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ کالوخان پولیس نے واقعے کی ایف آئی آر درج کر لی ہے۔

(ایچ آر سی پی پشاور چیپٹر آفس)

طالب علموں کے لیے متبادل جگہ کا فوری بندوبست کیا جائے

ڈیرہ غازی خان پرائمری سکول نمبر 9 کی عمارت زیرِ تعمیر ہونے کے باعث طلباء کے لیے متبادل جگہ کا بندوبست نہیں ہو سکا۔ گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول نمبر 9 چونسٹھ سال قبل 1952ء میں قائم ہوا۔ سکول کے فارغ التحصیل طلبہ ملکی سطح پر اہم ترین عہدوں پر فائز ہوئے۔ سکول کی عمارت ایک مدت سے خستہ حالی کا شکار تھی اور کسی بھی وقت حادثے کا سبب بن سکتی تھی۔ خستہ حال بلڈنگ کی وجہ سے سکول میں نہ صرف انرولمنٹ متاثر ہو رہی تھی بلکہ والدین نے بچوں کو خطرناک بلڈنگ کی وجہ سے سکول سے نکالنا شروع کر دیا۔ سکول میں طلباء کی تعداد کم ہو جانے کے باعث گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول نمبر 9 کو گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول نمبر 5 کے ساتھ منسلک کر دیا گیا۔ شہری حلقوں اور طلباء اوران کے والدین کے احتجاج پر بنی اور مقررہ مدت کے اندر سکول کی تعمیر کسی طور پر ممکن نہیں ہے۔ گورنمنٹ ایم سی سکولز بنیادی طور پر میونسپل کمیٹی ڈیرہ غازی خان کے سکول ہیں اور 2001ء میں میونسپل کمیٹیوں کے ختم ہونے کے بعد ان سکولوں کا سربراہ چیرمین بلدیہ کی بجائے اب ڈی سی او ڈیرہ غازی خان ہے۔ تاہم ڈی سی او ان سکولز کا دورہ کر کے ان کے مسائل کو حل کرنے کی کوشش نہیں کرتے۔ سکول کی عمارت گرا کر نئی عمارت کی تعمیر تو شروع کر دی گئی تاہم سکول میں پڑھنے والے کلاس اول تا پانچویں کے 112 طلباء کے لیے متبادل جگہ کا انتظام نہیں کیا گیا اور بچے آج بھی زیرِ تعمیر سکول کی عمارت کے ملبے پر بیٹھ کر کھلے آسمان تلے تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں۔ عمارت کے زیرِ تعمیر ہونے کی وجہ سے کسی بھی وقت حادثہ پیش آسکتا ہے۔ شہری و سماجی حلقوں نے اس صورتحال پر احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ ڈی سی او کو چاہیے کہ وہ فی الفور سکول کے بچوں کے لیے متبادل جگہ کا انتظام کرے اور اس بدانتظامی کے مرتکب افسران کے خلاف کارروائی کا حکم دے۔

(شیر افگن)

دھماکا خیز مواد پھٹنے سے ایک شخص ہلاک

مہمند ایجنسی مہمند ایجنسی کی تحصیل صافی میں دھماکا خیز مواد پھٹنے کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک ہو گیا۔ مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ 19 فروری کو باجوڑ ایجنسی کے علاقے چارمنگ کا رہائشی جمعہ کی نماز کے لئے زیارت کلے جا رہا تھا جب نامعلوم ملزمان کی جانب سے نصب کیا گیا دھماکا خیز مواد پھٹ گیا جس سے وہ موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ صافی تحصیل کے پولیٹیکل تحصیل دار معراج خان نے واقعے کی تصدیق کی۔ واقعے کے بعد سکیورٹی فورسز نے علاقے میں سرچ آپریشن کیا۔ تاہم اس رپورٹ کے جاری ہونے تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی تھی۔ ماضی میں بھی اس طرح کے کئی واقعات رونما ہو چکے ہیں۔

(ایچ آر سی پی پشاور چیپٹر آفس)

زمین کے تنازعے پر ایک شخص قتل

مردان 19 فروری کو تحصیل تخت بھائی میں زمین کے تنازعے پر ایک شخص کو قتل کر دیا گیا۔ تیمور نامی شخص نے پولیس کو بتایا کہ وہ اپنے کزن خورشید عالم کے ساتھ گھر کے باہر بیٹھا ہوا تھا جب اسلام الدین نے ان پر فائرنگ کر دی اور فرار ہو گیا۔ فائرنگ کے نتیجے میں خورشید موقع پر جاں بحق ہو گیا جبکہ تیمور محفوظ رہا۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

(ایچ آر سی پی پشاور چیپٹر آفس)

نامعلوم شخص کی نعش برآمد

مردان 20 فروری کو تھانہ رستم کی حدود میں ایک شخص کی نعش برآمد ہوئی۔ مقامی لوگوں کے مطابق نعش ایک کھیت سے برآمد ہوئی جسے پوسٹ مارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ مقتول کی شناخت نہیں ہو سکی۔ پولیس نے نامعلوم حملہ آوروں کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی ہے۔

(ایچ آر سی پی پشاور چیپٹر آفس)

کم سن گھریلو ملازمہ پر تشدد

پشاور ایک ڈاکٹر پر اپنی 13 سالہ گھریلو ملازمہ پر تشدد کرنے، جلانے اور اس کے بال کاٹنے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ مذکورہ ڈاکٹر نے متاثرہ بچے پر زیورات کی چوری کا شبہ ظاہر کیا تھا۔ متاثرہ بچی عالیہ جس کا تعلق صوابی سے تھا، ڈاکٹر شکیل کے گھر پر کام کرتی تھی۔ لیڈی ریڈنگ ہسپتال جہاں لڑکی کو داخل کرایا گیا تھا، میں تعینات ایک پولیس اہلکار نے بتایا ''ملزم نے لڑکی پر تشدد کیا، استری سے اس کے جسم کو داغا اور اس کے بال کاٹ دیئے''۔ اس سے پہلے ڈاکٹروں نے اسے ہسپتال میں داخل کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ پولیس اہلکار نے مزید بتایا کہ یہ سلسلہ چار دن تک جاری رہا اور بالآخر متاثرہ بچی کے والدین کو اس کے ساتھ ہونے والی زیادتی کا پتا چلا، جس پر انہوں نے ایک تھانے سے رجوع کیا۔ تھانہ شاہ مقبول کے ایک اہلکار نے بتایا کہ ملزم ڈاکٹر شکیل کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ واقعے کی ایف آئی آر تا حال درج نہیں کی گئی۔ اطلاعات کے مطابق پولیس ایف آئی آر کے اندراج میں اس لئے تاخیر کر رہی ہے تاکہ متاثرین پر صلح کے لئے دباؤ ڈالنے کے لئے وقت مل جائے۔ عہدے داروں کا یہ بھی کہنا ہے کہ وہ میڈیکل رپورٹ کا انتظار کر رہے ہیں۔ دریں اثنا، لیڈی ریڈنگ ہسپتال کے ترجمان جمیل شاہ نے بتایا کہ ہسپتال کے طبی و قانونی شعبے میں متاثرہ لڑکی کا اندراج کر دیا گیا ہے اور رپورٹ پیر تک جمع کرائے جانے کا امکان ہے۔

(ایچ آر سی پی پشاور چیپٹر آفس)

مزدور کی نعش برآمد

ہری پور یونین کونسل خان پور کے گاؤں ساہول میں ایک مزدور کی نعش برآمد ہوئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ 20 فروری کو اطلاع ملنے پر پولیس ساہول گاؤں پہنچی جہاں نامعلوم حملہ افراد نے مقتول کو تشدد کر کے قتل کرنے کے بعد پھینک دیا تھا۔ مقتول کی شناخت پذیر احمد علی شاہ کے طور پر ہوئی اور اس کا تعلق تحصیل تخت بھائی سے تھا۔ پولیس نے نعش کو پوسٹ مارٹم کے لئے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ہری پور منتقل کر دیا۔

(ایچ آر سی پی پشاور چیپٹر آفس)

عورتیں

سکیورٹی گارڈ کے دھکے سے خاتون ہلاک

گجرانوالہ شناختی کارڈ کے حصول کے لیے نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) آفس آنے والی 50 سالہ خاتون سکیورٹی گارڈ کے مبینہ دھکے سے ہلاک ہو گئی۔نوشہرہ روڈ کی رہائشی 50 سالہ رسولاں بی بی 15 فروری کو جب شناختی کارڈ کے حصول کے لیے شیخوپورہ موڑ پر واقع نادرا آفس پہنچیں تو رش کے باعث لائن میں کھڑی دیگر خواتین کو گارڈز نے دھکے دینے شروع کر دیئے۔سکیورٹی گارڈ کے دھکے لگنے سے رسولاں بی بی زمین پر گر گئیں جس کے بعد ان کا موقع پر ہی انتقال ہوگیا۔رسولاں بی بی کی لاش کو سول ہسپتال منتقل کیا گیا۔مقامی افراد کے مطابق رسولاں بی بی پچھلے 3 روز سے شناختی کارڈ کے حصول کے لیے نادرا دفتر کے چکر لگا رہی تھیں۔دوسری جانب خاتون کی ہلاکت کے بعد نادرا دفتر کے باہر موجود شہری مشتعل ہو گئے۔خاتون کی ہلاکت کے بعد پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور واقعے کی تحقیقات شروع کر دی۔(انگریزی سے ترجمہ،بشکریہ ڈان)

لڑکی کی نعش برآمد

پشاور 14 کو پشاور کے علاقہ بمرہی سے ایک لڑکی کی گلا کٹی نعش برآمد ہوئی۔مقتولہ کی عمر سولہ برس تھی اور تیز دھار آلے سے اس کا گلا کاٹا گیا تھا۔قاتلوں نے اس کی نعش کو کولہ محسن خان میں کھیتوں میں پھینک دیا تھا۔بعدازاں اس کی شناخت کرن کے نام سے ہوئی اور وہ چرخا خیل کی رہائشی تھی۔کرن کی والدہ کے بقول، وہ 13 فروری کی رات کو ایک شادی کی تقریب میں گئے تھے مگر جب واپس آئے تو کرن گھر پر موجود نہیں تھی۔انہوں نے بچی کو تلاش کیا اور ایک مقامی چیک پوسٹ پر تعینات پولیس اہلکاروں کو اطلاع دی مگر انہوں نے کہا کہ ''صبح ہوتی ہے تو وہ لڑکی کو تلاش کریں گے''۔مقتولہ کی والدہ نے کہا کہ اسے نہیں علم کہ لڑکی خود گھر سے گئی تھی یا اسے اغواء کیا گیا تھا۔پولیس نے ضابطہ فوجداری پاکستان کی دفعہ 302 کے تحت مقدمہ درج کرلیا ہے۔

(پشاور چیپٹر آفس)

خواتین شکایت سنٹر کا خاتمہ

حیدرآباد خواتین کے مسائل ومشکلات کے حل اورانہیں اخلاقی وقانونی امداد فراہم کرنے کے لیے آٹھ سال سے جاری ویمن کمپلینٹ سیل منصوبے کوختم کئے جانے کے خلاف متاثرہ خواتین افسران وملازمین نے سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کرنے کا فیصلہ کیا ہے جبکہ 12 فروری کو کراچی پریس کلب کے سامنے احتجاج کیا جائے گا۔پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت نے 2008ء میں اس وقت کی محکمہ ترقی نسواں کی صوبائی وزیر توقیر فاطمہ بھٹو کے پیش کردہ منصوبے کومنظور کرتے ہوئے سندھ بھر میں ویمن کمپلینٹ سیل قائم کرنے کی منظوری دی تھی۔پہلے مرحلے میں 5 اضلاع کراچی، حیدرآباد، لاڑکانہ، میرپورخاص اورنوابشاہ میں یہ سیل قائم کئے گئے۔منصوبے کی خاص بات یہ تھی کہ سینٹرز میں کنٹریکٹ کی بنیاد پرصرف خواتین افسران وملازمین بھرتی کی گئی تھیں۔سندھ بھر کی ہزاروں خواتین نے معاشرتی مسائل اورقانونی امداد کے لیے ان دفاتر سے رابطہ کیا جنھیں اخلاقی وقانونی امداد فراہم کی گئی۔مارچ 2013ء میں سندھ اسمبلی نے تمام عارضی، ایڈہاک اور کنٹریکٹ ملازمین کومستقل کرنے کا قانون پاس کیا۔وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ کے حکم پر ویمن کمپلینٹ سیل کے منصوبے سمیت بے بی ڈے کیئر سینٹر اور ویمن کرائسز منصوبوں کے افسران وملازمین کرنے لیے 22 نومبر 2015ء کو ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی گئی۔اس کمیٹی نے کوائف کی چھان بین کے علاوہ افسران وملازمین کی ڈگریوں کی تصدیق کرائی اور وزیراعلیٰ کی رپورٹ بھیجی جس میں خواتین شکایت سیل حیدرآباد کی انچارج سمیت دیگر ملازمین کومستقل کرنے کی سفارش کی گئی۔لیکن 9 فروری کومحکمہ ترقی نسواں کے سیکرٹری اعجاز منگی نے ایک نوٹیفکیشن جاری کردیا جس میں کہا گیا ہے کہ ویمن کمپلینٹ سیل پروجیکٹ مکمل ہونے پراس کے تمام ملازمین کو 30 جون 2015ء سے ملازمتوں سے فارغ کردیا گیا ہے لیکن حیرت انگیز طور پراس کا باقاعدہ اعلان نہیں کیا گیا۔دلچسپ امر یہ ہے کہ پانچ اضلاع میں قائم سیل کے ملازمین 10 جنوری تک فرائض انجام دیتے رہے ہیں اورانہیں 8 ماہ سے تنخواہیں نہیں دی گئیں۔حیرت انگیز امر تو یہ ہے کہ 2008ء میں ویمن کمپلینٹ سیل کے ساتھ ساتھ ویمن کرائسز سینٹر اور بے بی کیئر سینٹر کے منصوبے بھی شروع کئے گئے اوران دونوں منصوبوں کی پی سی فور بھی تاحال التواء کا شکار ہے لیکن اس کو جواز بنا کرایک منصوبہ کوختم کرکے اس کے ملازمین کوفارغ کردیا گیا جبکہ دونوں منصوبے تاحال جاری ہیں۔ایچ آرسی پی کے کوآرڈینیٹر کے رابطہ کرنے پرمتاثرہ ملازمین نے بتایا کہ انہوں نے خواتین شکایات مرکز ختم کرنے کے حکومتی اقدام کوسندھ ہائی کورٹ میں چیلنج کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

(لالہ عبدالحلیم)

گھریلو ملازمہ کو جنسی تشدد کے بعد قتل کرنے کا الزام

فیصل آباد تھانہ ملت ٹاؤن کے علاقہ میں مبینہ زیادتی کے بعد قتل ہونے والی گھریلو ملازمہ کے والدین نے پولیس کے خلاف پریس کلب میں پریس کانفرنس کی۔چنیوٹ کے محلہ عثمان آباد کے رہائشی مشتاق حسین اوراس کی بیوی حسین بی بی عرف پٹھانی نے پریس کانفرنس میں الزام لگایا ہے کہ ان کی بیٹی کو مالک مکان کے بیٹوں نے زیادتی کے بعد قتل کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ان کی بیٹی 13 سالہ مریم فیصل آباد کے محلّہ رسولپور میں عبدالحمید کی کوٹھی پرگزشتہ ایک سال سے گھریلو ملازمہ تھی۔ان کا کہنا تھا کہ وقوعہ سے ایک ہفتہ قبل وہ آٹھ مہینے کی تنخواہیں لینے گئے تو فری نے بتایا کہ مالک کا بیٹا ثقلین اسے تنگ کرتا ہے اس لئے وہ یہاں نہیں رہنا چاہتی ہے۔پٹھانی بی بی کے مطابق عبدالحمید نے بچی کوزبردستی روک لیا اور کہا کہ پندرہ روز بعد آ کر تنخواہ اور بچی کو واپس لے جانا۔بعد ازاں ایک ہفتے بعد انہیں مالک مکان کی بیوی ثریا بی بی نے فون پر اطلاع دی کہ تمہاری بیٹی کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے آ کرلے جائیں جس پر وہ وہاں پہنچی تو اس کی بیٹی کو مبینہ طور پرزیادتی کا نشانہ بنانے کے بعد قتل کردیا گیا تھا۔انہوں نے بتایا کہ پولیس نے دادرسی اورانصاف کی یقین دہانی کرواکر دھوکا دہی سے سادہ کاغذوں پرانگوٹھے لگوالئے۔ان کا کہنا تھا کہ تھانہ ملت ٹاؤن میں ثقلین سمیت تین افراد کے خلاف مقدمہ درج ہے لیکن پولیس ملزموں کو گرفتار کرنے کی بجائے قتل کوخودکشی قراردے رہی ہے۔متاثرہ خاتون اور اس کے شوہر نے وزیراعلیٰ پنجاب اورآئی جی پولیس سے انصاف کی فوری فراہمی کا مطالبہ کیا ہے۔

(میاں نوید)

لڑکی کو قتل کردیا گیا

صوابی 16 فروری کوعلاقہ گڈون امازئی میں ایک گاؤں پرفائرنگ کی گئی جس کے باعث گاڑی میں سوار ایک لڑکی جاں بحق جبکہ اس کے تین رشتہ دار زخمی ہوگئے۔یہ واقعہ اتلا پولیس اسٹیشن کی حدود میں پیش آیا اوراطلاعات کے مطابق اس کا سبب دوخاندانوں کے مابین پرانی دشمنی ہے۔ہلاک ہونے والی خاتون کا نام زاہدہ بی بی ہے۔مذاہب شاہ کی درخواست پرپولیس نے مذاکر خان، شاہ زیب، روید خان، احمد خان، ابوبکر، سیار خان اورشاہ خان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔

(پشاور چیپٹر آفس)

عزت کے نام پر ایک اور قتل

صوابی 2 فروری کی صبح 4 بجے ضلع صوابی کے گاوں آدینہ محلہ سلطان آباد ہجرہ جان افسر کے کمرے میں سیماء ولد جان افسر اور عبداللہ ولد خان شیر کو عزت کے نام پر قتل کرنے کے لیے گولیاں ماریں، جس کے نتیجے میں 16 سالہ سیماء موقع پر جاں بحق اور اس کے گھر کے سامنے کا رہائشی اور چچازاد عبداللہ ولد خان شیر شدید زخمی ہو گیا۔

زخمی عبداللہ کے والد خان شیر نے HRCP کے کوآرڈینیٹر کو بتایا کہ وہ فائرنگ کے دس منٹ بعد جائے وقوعہ پر پہنچے جہاں سیماء کی لاش تو پڑی تھی لیکن اس کے بیٹے عبداللہ کی لاش غائب تھی اور سڑک پر خون کے نشانات موجود تھے جو اس بات کی طرف اشارہ کر رہے تھے کہ عبداللہ کو مار کر ان کی لاش سڑک تک گھسیٹی گئی ہے اور وہاں سے گاڑی کے ذریعے نامعلوم مقام پر منتقل کر کے پھینک دی گئی ہے۔

لیکن حقیقت اس کے برعکس تھی۔ اس کے بیٹے عبداللہ کو پیٹ کے نیچے چھ گولیاں لگی تھیں جس سے وہ شدید زخمی ہوئے تھے اور قاتل سمجھ رہے تھے کہ عبداللہ مر گیا ہے اسلئے اس کی لاش چھوڑ کر فرار ہو گئے تھے۔ عبداللہ موقع کا فائدہ اٹھا کر رینگتے ہوئے سڑک کے کنارے پہنچ کر جہاں سے نامعلوم وین ڈرائیور نے اسے ہسپتال پہنچایا تھا اور پھر دو دن بعد انہیں ہسپتال سے اطلاع ملی کہ عبداللہ زخمی حالت میں مردان کمپلیکس ہسپتال میں پڑا ہوا ہے۔

مقامی شخص محمد فاروق اور عبداللہ کے پڑوسی صادق خان نے بتایا کہ عبداللہ اور سیماء ایک دوسرے سے محبت کرتے تھے اور شادی کرنا چاہتے تھے، کئی مرتبہ عبداللہ کے والدین روایتی طریقے سے سیماء کا رشتہ مانگ چکے تھے لیکن سیماء کے والدین اس وجہ سے رشتہ دینے سے انکار کر دیتے تھے کہ عبداللہ پہلے سے شادی شدہ تھا اور اس کی ایک بیٹی بھی تھی۔ جب عبداللہ کو یقین ہو گیا کہ سیماء کے والدین شادی کے لئے نہیں مانیں گے تو عبداللہ اور سیماء گھر چھوڑ کر چلے گئے۔ جس پر بعد ازاں لڑکی کے ورثاء نے انہیں گولیاں ماریں۔

تھانہ کالو خان کے محرر اور مقدمے سے منسلک دیگر پولیس اہلکاروں انور علی اور راحت نے بتایا کہ یہ دونوں واقعہ سے 29 دن پہلے گھر سے بھاگے تھے جس پر سیماء کے والد جان افسر نے عبداللہ کیخلاف مقدمہ درج کرلیا تھا جس میں انہوں نے دعوی کیا تھا کہ عبداللہ نے اس کی بیٹی کو اغواء کیا ہے۔

ان کا مزید کہنا تھا کہ اب عبداللہ کے والد خان شیر نے جان افسر ولد صفدر، فطرتی زوجہ جان افسر، جواد ولد محمد افسر اور وسیم ولد کمال خان کے خلاف مقدمہ درج کروایا ہے کہ جب سے اس کا بیٹا اور ان کی بیٹی گھر سے بھاگے تھے تب سے یہ لوگ دونوں کو ڈھونڈ رہے تھے اور آج کسی بہانے سے دونوں کو بلا کر ان پر گولیاں برسائی گئیں ہیں۔ ملزمان میں سے اب تک صرف فطرتی زوجہ جان افسر کو گرفتار کیا گیا ہے جبکہ باقی ملزمان فرار ہیں۔ اور تمام ملزمان رشتہ دار اور اسی گاوں کے رہائشی ہیں۔

واضح رہے کہ عبداللہ پہلے سے شادی شدہ اور ایک بچی کا باپ تھا جبکہ سیماء کمسن تھی اور اپنے دوسرے چچازاد فواد کے نکاح میں تھی۔ (نامہ نگار)

پولیس نے چادر و چاردیواری کا تقدس پامال کیا

مالا کنڈ واڑی پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے نہاگدرہ گلگوڑ کے رہائشی نوجوان بخت ولی ولد گل شیر خان نے کہا کہ تھانہ واڑی اور تھانہ جاگام کے ایس ایچ او نے مفرور شخص کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن کے دوران اس کے گھر کے تقدس کو پامال کیا ہے۔ خواتین پولیس اہلکاروں کے بغیر اس کے گھر کی خواتین کی تلاشی لی گئی۔ پولیس نے انتہائی غیر ذمہ دارانہ رویہ اپنایا تھا۔ اس پر اور اس کے گھر میں موجود مہمان کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ ایک پرامن شہری ہے اس کے خاندان کے کسی فرد پر کبھی بھی مقدمہ درج نہیں ہوا اور نہ ہی ان کے گھر سے کوئی مفرور شخص برآمد ہوا۔ انہوں نے کہ ہے کہ صوبائی حکومت، آئی جی پی، ڈی آئی جی ملاکنڈ سے اپیل کی کہ واقعے کا شفاف انکوائری کر کے ذمہ داران کے خلاف فوری کاروائی کی جائے۔

(نامہ نگار)

خاتون اپنی بچی سمیت زخمی

کرم ایجنسی 17 فروری 2016ء کو لوئر کرم ایجنسی کے علاقے مرغے چینہ قریب گوڑکی میں بارودی سرنگ دھماکے کے نتیجے میں ایک خاتون اپنی 9 سالہ بچی سمیت زخمی ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق صبح دس بجے کے قریب لوئر کرم کے علاقے مرغے چینہ کے قریب گوڑکی میں اس وقت بارودی سرنگ کا دھماکہ ہوا جب ایک خاتون زوجہ میر محمد اپنی 9 سالہ بچی لیلیٰ کیساتھ قریبی پہاڑیوں میں مویشی چرانے جا رہی تھی۔ واقعے کے بعد دونوں کو زخمی حالت میں قریبی ہسپتال صدہ منتقل کیا گیا جہاں پر وہ اپنے دونوں پیروں سے محروم ہوگئی تاہم اس واقعے میں اس کی بچی کے زخم معمولی نوعیت کے تھے۔ حکام نے نامعلوم افراد کے خلاف بارودی سرنگ نصب کرنے کا مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔

(نامہ نگار)

سکولوں کی بندش کا فیصلہ واپس لیا جائے

ایف آر بنوں ایف آر بنوں کے احمدزئی اور اُتمانزئی مشران کا ایک گرینڈ جرگہ زیر صدارت ملک شاہ کرام خان وزیر بمقام بنوں ٹاؤن شپ منعقد ہوا جرگہ میں مشران سمیت سکول مالکان اور والدین نے بھی کثیر تعداد میں شرکت کی۔ احتجاجی جرگہ سے ملک شاہ کرام خان، سابق ایم پی اے ملک عالمگیر خان، ملک میر شمد خان، ملک لیاقت علی خان، ملک مویز خان، ملک شیر غلی خان اور دیگر نے خطاب کیا اور کہا کہ پشتونوں کو دبانے اور تعلیمی شعور کے خاتمے کیلئے مختلف حربے استعمال کئے جا رہے ہیں۔ اب حکومت کی طرف سے ایف آر بنوں کے 500 کے قریب سکولوں کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس میں لاکھوں بچے زیر تعلیم ہیں جن کا تعلیمی مستقبل داؤ پر لگایا جا رہا ہے جبکہ غریب طلباء کے والدین کو مشکل میں ڈال دیا جائے گا۔ ایف آر بنوں کے سکولوں کی حالت زار ہماری وجہ سے ایسی نہیں بلکہ گذشتہ 25 سالوں سے ان سکولوں کی مرمت کیلئے کوئی فنڈ نہیں دیا گیا ہے جو کہ حکومت کی ناکامی ہے جس کی وجہ سے سکولوں کی عمارتیں خستہ حالی کا شکار ہیں یہی وجہ ہے کہ زیادہ تر بچے عمارتیں گرنے کے خوف سے سکولوں میں نہیں آتے۔ اگر حکومت سکولوں کی مرمت کیلئے فنڈز جاری کرے اور تمام سکولوں میں تعمیراتی اور مرمتی کام کیا جائے تو یہ سکول آباد ہو جائیں گے اور یہاں پر طلباء کی تعداد میں بے پناہ اضافہ ہو جائے گا۔ حکومت کا یہ فیصلہ ہمیں ہرگز قبول نہیں اگر یہ فیصلہ واپس نہ لیا گیا تو وہ پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے احتجاجی دھرنا دینگے

(نامہ نگار)

اقلیتیں

دو ہندو لڑکیوں کا اغواء

عمرکوٹ 22 جنوری کو بودر فارم کے قریب گوٹھ مفتی اسد کے رہائشی کولہی برادری کی درجنوں عورتوں، مردوں اور بچوں نے عمرکوٹ۔ وایا سامارو مرکزی شاہراہ پر رکاوٹیں ڈال کر ٹائروں کو آگ لگا کر دھرنا دیا۔ مظاہرین کرمشی، شودان کولہی اور دیگر کے مطابق ہالیپوٹو برادری کے افراد نے اپنی برادری کے پانچ مسلح افراد کے ہمراہ گھروں پر حملہ کرکے اہل خانہ کو زدوکوب ویرغمال بنا کر اسلحہ کے زور پر دو بچیوں کو اغوا کرکے لے گئے۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ پولیس نے ان کی مدد کرنے کی بجائے احتجاجی دھرنا ختم کروانے کے لیے ان پر تشدد کیا۔ آل سندھ کولہی اتحاد کے مرکزی رہنما کامریڈ رازومل کولہی اپنے ساتھیوں سمیت دھرنے میں شامل تھے۔ آخر کار ضلع عمرکوٹ کے منتخب ممبر صوبائی اسمبلی سندھ سید سردار شاہ نے دھرنے کے منتظمین سے بات چیت کی اور انہیں انصاف فراہم کرنے کی یقین دہانی کروائی جس کے بعد متاثرین نے دھرنا ختم کر دیا۔

(اوکھول)

خیبر پختونخوا میں احمدی برادری کے خلاف انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں

پشاور احمدی برادری نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سے احمدی برادری کو تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو لکھے گئے ایک خط میں جماعت احمدیہ خیبر پختونخوا کے امیر ڈاکٹر محمد علی خان نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت اور مقامی انتظامیہ نے صوبے میں امن وامان کی بحالی کے لئے جو اقدامات کئے ہیں احمدی برادری اسے قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ تاہم دہشت گردی اور تشدد کے واقعات اب بھی پیش آتے رہتے ہیں جن کی روک تھام کے لئے انتظامیہ کو اقدامات کرنے چاہئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ احمدی پرامن اور قانون کی پابندی کرنے والے شہری ہیں اور وہ ہمیشہ حکومت کی ہر طرح سے مدد کریں گے۔ انہوں نے حالیہ دنوں میں احمدی برادری کے حقوق کی خلاف ورزیوں سے متعلق پیش آنے والے واقعات کا حوالہ دیا جو درج ذیل ہیں:

1۔ 9 فروری 2016ء کو ایک احمدی طالب علم رزاق احمد ولد شریف احمد (مرحوم) کو چند ملاؤں نے کالج کے احاطے میں گھیر لیا اور اسے جان سے مارنے کی دھمکی دی۔ انہوں نے کہا کہ یا تو وہ احمدی عقیدے کو ترک کردے یا پھر مرنے کے لئے تیار ہو جائے۔

2۔ احمدیوں کا ایک قبرستان ہے جو دیواروں سے گھرا ہوا ہے۔ چند روز پہلے پولیس حکام ایک تحریری درخواست کے ساتھ وہاں پہنچے جو مجلس ختم نبوت نے جمع کرائی تھی۔ اس درخواست میں کہا گیا تھا کہ احمدیوں پر دباؤ ڈالا جائے کہ وہ اس قبرستان میں موجود قبروں کے کتبوں پر عربی میں لکھی ہوئی دعائیں مٹا دیں ورنہ یہ کام وہ ہجوم کی مدد سے خود کریں گے۔ مذہبی شخصیات کے دباؤ کی وجہ سے پولیس کو یہ کام احمدی برادری کے لوگوں کے ذریعے کرانا پڑا۔

ان کا کہنا تھا کہ ان کی مذہبی آزادی اور عبادت کے حق کو مسلسل خطرات کا سامنا ہے جو ایک افسوسناک امر ہے۔ ان کی زندگی کو لاحق خطرات کی وجہ سے وہ اپنی مستقل رہائش گاہوں اور اپنے چلتے ہوئے کاروبار کو چھوڑنے، اور بچوں کو اسکول جانے سے روکنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تشویشناک امر یہ ہے کہ ایسے واقعات بلا روک ٹوک جاری ہیں اور مجرموں کو سزا سے استثنا حاصل ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ سے فوری طور پر مندرجہ ذیل اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا:

i۔ تمام حالات میں احمدی برادری کے اراکین کی جسمانی اور نفسیاتی سلامتی کی ضمانت دی جائے۔

ii۔ اشتعال انگیز اجتماعات کی اجازت دینے والوں کے خلاف انتظامی کارروائی کی جائے۔

iii۔ آئینی ضمانتوں اور انسانی حقوق سے متعلق بین الاقوامی معاہدوں کی مطابقت میں انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کے احترام کو ہر حالت میں یقینی بنایا جائے۔

(نامہ نگار)

سندھ اسمبلی میں ہندو میرج بل کی منظوری

کراچی سندھ اسمبلی نے ہندو برادری کی شادی کو رجسٹر کرنے کے ضمن میں ہندو میرج بل منظور کرلیا ہے جس کے بعد اب ہندو برادری کے افراد کی شادیاں بھی قانونی طور پر رجسٹر کی جاسکیں گی۔ 15 فروری کو صوبائی وزیر برائے قانون اور پارلیمانی امور نثار کھوڑو نے بل ایوان میں پیش کیا جسے مختصر بحث کے بعد منظور کرلیا گیا۔ بحث کے دوران مسلم لیگ فنکشنل کے پارلیمانی لیڈر نند کمار نے کہا کہ پاکستان بننے سے آج تک ہندو برادری کی شادیاں رجسٹرڈ نہیں ہو پا رہی تھیں اور اس بل کو پیش کرنے میں پہلے ہی بہت دیر ہو چکی ہے لہٰذا اب اس معاملے کو طول نہ دیں، جس کے بعد ایوان نے 'ہندو میرج' بل منظور کرلیا۔ نند کمار نے بعد ازاں بی بی سی کو بتایا کہ اس بل میں صرف شادی کو رجسٹر کرنے کا طریقہ کار وضع کیا گیا ہے جس میں ایک پروفارما رکھا گیا ہے لیکن اس میں کمی یہ ہے کہ اگر بعد میں علیحدگی ہو جائے تو بیوی بچوں کو کیا حقوق ملیں گے، اس بارے میں اس ایکٹ میں کچھ نہیں ہے۔ نند کمار نے بتایا کہ ہم چاہتے تھے کہ پنڈت اور شادی کروانے والوں کی بھی رجسٹریشن ہونی چاہیے مگر حکومت نے کہا کہ آج یہ بل منظور کرلیں باقی بعد میں دیکھیں گے۔ اس منظور شدہ بل کے مطابق دولہا اور دلہن کی عمر 18 سال سے زیادہ ہونا ضروری ہے اور 45 دن کے اندر اندر شادی کی رجسٹریشن یونین کونسل میں کروائی جانی لازمی ہے۔ بل کے مطابق شادی میں دو گواہوں کی موجودگی اور والدین کی اجازت لازمی درکار ہوگی۔ اس بل کی منظوری کے تین ماہ بعد اس بل کے قوانین کا اجرا کیا جائے گا۔ نند کمار نے بتایا کہ جن افراد کی اس سے پہلے شادی ہو چکی ہے وہ بھی اب اسے رجسٹر کروا سکتے ہیں اس کے لیے پہلے پنڈت کے دستخط ہوں گے اس کے بعد یونین کونسل میں دستخط ہوں گے۔ 18 ویں ترمیم کے بعد صوبوں کو یہ اختیار مل گیا تھا کہ وہ مذہبی اقلیتوں اور خاندانی امور سے متعلق معاملات خود دیکھیں، مگر بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیوں نے ہندو میرج قوانین سے متعلق قانون سازی کی اجازت وفاق کو دینے کی قرارداد منظور کی جبکہ پنجاب اسمبلی میں ایک قرارداد زیر التوا ہے۔ یاد رہے کہ مسلمانوں اور مسیحیوں کے علاوہ پاکستان میں ہندوؤں اور دیگر اقلیتی مذاہب کی شادی کو رجسٹر کرنے کے لیے کسی قسم کا قانونی طریقہ کار موجود نہیں تھا، جس کی وجہ سے وہ اپنی شادی کا کوئی قانونی ثبوت فراہم نہیں کر سکتے تھے۔ اب اس بل کی منظوری کے بعد سکھ، پارسیوں اور دیگر اقلیتوں کی شادیاں بھی اسی بل کے تحت رجسٹرڈ کی جاسکیں گی۔ 18 ویں ترمیم کے بعد صوبوں کو یہ اختیار مل گیا تھا کہ وہ مذہبی اقلیتوں اور خاندانی امور سے متعلق معاملات خود دیکھیں، مگر بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیوں نے ہندو میرج قوانین سے متعلق قانون سازی کی اجازت وفاق کو دینے کی قرارداد منظور کی جبکہ پنجاب اسمبلی میں ایک قرارداد زیر التوا ہے۔ اس بل کا مسودہ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے قانون اور انصاف نے گذشتہ دنوں منظور کیا تھا۔

(بشکریہ بی بی سی اردو)

مندر کی بے حرمتی پر ہندو برادری میں اضطراب

کراچی کراچی کے چڑیا گھر کے گیٹ نمبر تین کے قریب واقع کوارٹروں میں واقع ایک چھوٹے سے مندر میں شیتلا ماتا، سنتوشی ماتا اور بھوانی ماتا کی خوبصورتی سے سجائی گئی مورتیاں مٹی کے دیوں کی ٹمٹماہٹ سے منور ہیں۔ مورتیوں کے سامنے فرش پر ایک تھال میں چند کیلے پرساد کے طور پر رکھے گئے ہیں۔ لیکن یہاں عقیدت مندوں کا معمول کا ہجوم موجود نہیں ہے۔ مہاراج، ان کے خاندان اور اس مندر کے نگران کے علاوہ وہاں کوئی بھی موجود نہیں تھا۔ مہاراج ہیرالال نے بتایا ''حملے کے بعد لوگ یہاں پوجا کے لئے آنے سے ڈرتے ہیں''۔ وہ 21 جنوری کی شام کو پیش آنے والے ایک واقعے کا ذکر کر رہے تھے جب پستول لئے ہوئے تین باریش لوگوں نے مندر پر دھاوا بول دیا اور سب لوگوں کو وہاں سے نکل جانے کو کہا۔ انہوں نے ہندو دیوی دیوتاؤں کی مورتی کی بے حرمتی کی جس پر یہاں کی اقلیتی برادری میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ مہاراج کا کہنا ہے کہ وہ نہیں جانتے کہ وہ کون لوگ تھے۔ انہوں نے انہیں پہلے کبھی نہیں دیکھا۔ اس واقعہ سے وہ بہت دکھی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ''60 سال پہلے بھارت سے پاکستان آنے کے بعد میرے دادا نے یہاں مندر تعمیر کرایا تھا۔ وہ بے اولاد تھے لیکن انہوں نے ایک چودہ سالہ لڑکے موہن کو گود لیا تھا اور اس کی اپنے بچوں کی طرح پرورش کی تھی۔ موہن نے جلد ہی ایک ہندو لڑکی چمپا بائی سے شادی کی جو سولجر بازار میں رہتی تھی۔ میں موہن اور چمپا کا بیٹا ہوں''۔

انہوں نے مزید بتایا کہ ''عقیدت مندوں کی خیرات کی مدد سے ہم نے اس کمرے کی دیواروں، ان گھروں اور مندر کو مضبوط کیا اور اس کی چھت کو اونچا کیا۔ میری ماں چمپا بائی اور بہن للیتا مورتیوں کو غسل دیتیں اور ان کی تزین و آرائش کرتیں۔ ہم اس واقعے پر بہت غم زدہ ہیں۔ اس سے پڑوسیوں میں شدید خوف و ہراس پایا جاتا ہے''۔

آخر میں انہوں نے کہا ''چڑیا گھر کے گیٹ نمبر 5 کے قریب ہندوؤں کے چار گھر اور گیٹ نمبر 1 قریب 15 گھر موجود ہیں۔ جن لوگوں نے اس مندر کے معجزات کے بارے میں سنا ہے وہ شہر بھر کے علاقوں سے یہاں کا رخ کرتے ہیں۔ لیکن اس حملے کے بعد یہ سلسلہ بند ہو گیا ہے۔ ہم اقلیتی برادری کے امن پسند لوگ ہیں۔ جو کچھ ہوا اس کے بعد ہم خود کو انتہائی غیر محفوظ محسوس کرتے ہیں۔''

(انگریزی سے ترجمہ بشکریہ ڈان)

فرقہ وارانہ ٹارگٹ کلنگ

پشاور 8 فروری کو پشاور کے علاقہ یکاتوت میں دو مسلح موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے ملک افتخار حیدر کو قتل کر دیا۔ مقتول ایک سرکاری ملازم تھے اور ان کا تعلق شیعہ کمیونٹی سے تھا۔ یہ واقعہ صبح کے آٹھ بجے کوہاٹی گیٹ کے نزدیک پیش آیا۔ پولیس کے بقول، انہیں فرقہ وارانہ بنیادوں پر قتل کیا گیا ہے۔ مقتول کی عمر 50 برس تھی اور وہ کوہاٹ روڈ پر ایک ٹیکنیکل کالج میں ملازمت کرتے تھے۔ مقتول کے بھائی ملک جرار حسین کو بھی گزشتہ برس اکتوبر کے مہینے میں اس وقت فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا جب وہ اپنے بچوں کو اسکول چھوڑنے جا رہے تھے۔ مقتول کے ہمسائے کے بقول مسٹر افتخار نے اپنے بیٹے کو کوہاٹی گیٹ پر چھوڑا اور واپس اپنے کالج کی راہ لی جس کے فوری بعد انہیں گولیاں ماری گئیں۔ مقتول مجلس وحدالمسلمین کے صوبائی جنرل سیکرٹری علامہ سید سبطین حسینی نے قتل کی شدید مذمت کی اور کہا کہ مقتول ان کی تنظیم کے فعال کارکن تھے۔ انہوں نے قاتلوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ فرقہ وارانہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ٹھوس اقدامات جانے تک ایسے واقعات رونما ہوتے رہیں گے۔ پولیس نے واقعہ کی ایف آئی آر درج کر لی تھی۔

(پشاور چیپٹر آفس، ایچ آر سی پی)

احمدی نوجوان کو قتل کر دیا گیا

شیخوپورہ یکم مارچ کو کوٹ عبدالمالک میں جماعت احمدیہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص قمر الضیاء کو اس کے گھر کے باہر چھریوں کے وار کر کے قتل کر دیا گیا۔ وہ اپنے بچوں کو اسکول سے گھر لے کر آ رہے تھے جب دو نامعلوم حملہ آوروں نے ان پر چھریوں سے حملہ کر دیا۔ ان کے جسم پر کئی زخم آئے اور وہ موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ مقتول نے اپنے والد، بیوی اور تین بچوں کو سوگوار چھوڑا ہے۔

قمر الضیاء کا موبائل فون کا کاروبار کرتے تھے اور انہیں احمدی ہونے کی بنا پر کافی عرصے سے دھمکیوں کا سامنا تھا۔ 2012ء میں برادری کے مخالفین نے انہیں ہراساں کیا جس پر انہوں نے اگست 2012ء میں تھانہ فیکٹری ایریا میں درخواست درج کرائی اور انہیں مجبوراً کچھ عرصے کے لئے اپنا گھر چھوڑنا پڑا۔ پولیس نے ان کے حقوق کا تحفظ کرنے کی بجائے چند مذہبی گروہوں کی دباؤ میں آ کر ان کے گھر کے دروازے سے ''محمد علی'' (ان کے والد کا نام) اور دیگر اسلامی نقوش جیسے کہ ''ماشاءاللہ'' مٹا دیے۔

اس المناک واقعے پر جماعت احمدیہ کے ترجمان سلیم الدین صاحب نے کہا کہ ملک بھر میں آزادانہ طور تقسیم کیا جانے والا نفرت انگیز مواد ایسے واقعات کا باعث بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی ایکشن پلان کے تحت ان لوگوں کے خلاف کارروائی کی جانی تھی جو نفرت کی ترغیب دیتے ہیں لیکن ایسا احمدیوں کے حوالے سے نہیں کیا جاتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ قمر الضیاء کا قتل اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ حکام پاکستان میں معصوم احمدیوں کا تحفظ کرنے میں ناکام ہو چکے ہیں۔ اگر مقتول کے قتل پر اکسانے والوں کے خلاف کوئی کارروائی کی جاتی تو اس واقعے کو روکا جا سکتا تھا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حملہ آوروں کو گرفتار کیا جائے اور ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

انگریزی سے ترجمہ بشکریہ صدر انجمن احمدیہ پاکستان، ربوہ)

تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف احتجاج

بنوں ڈسٹرکٹ کونسل ملازمین نے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف سڑکوں پر آنے اور میونسپل سروسز بند کرنے کی دھمکی دے دی۔ ڈسٹرکٹ کونسل ملازمین کا ایک احتجاجی اجلاس زیر صدارت غلام دیاز سکندری بمقام میونسپل لائبریری منعقد ہوا۔ اجلاس میں ملازمین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے غلام دیاز سکندری، ظاہر شاہ، اللہ نواز، حاجی گل ریاض، عباس خان اور قیوم خان نے کہا کہ ڈسٹرکٹ کونسل ملازمین پہلے ہی ایڈجسٹمنٹ کے سنگین مسئلے سے دوچار ہیں دوسری طرف ملازمین کو گذشتہ دو ماہ سے تنخواہوں کی ادائیگی نہیں نہیں کی جا رہی جس کی وجہ سے ملازمین کو شدید مالی مسائل کا سامنا ہے۔ مقررین نے کہا کہ ملازمین کے ساتھ ٹی ایم او تحصیل ڈومیل کا رویہ غیر منصفانہ ہے جسکی وہ پُرزور مذمت کرتے ہیں۔

(نامہ نگار)

سکیورٹی کو درپیش خطرات کا ازالہ

آئی۔اے۔رحمٰن

لاہور ادبی میلہ (ایل ایل ایف) کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا ہے۔اس کے منعقد ہونے کے متعلق پائی جانے والی غیر یقینی صورتحال اور لوگوں کی خوف کا سامنا کرنے کی صلاحیت کے بارے میں موجود شکوک وشبہات سے یہ تقریب اور بھی زیادہ پُرلطف ہو گئی۔تاہم، سکیورٹی خطرات سے نبٹنے کے طریقہ کار پر سنجیدہ توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

نومبر 2015ء سے صوبائی دارالحکومت میں منعقد ہونے والی مذہبی اور ثقافتی تقریبات پر سکیورٹی کو یقینی بنانے کے حوالے سے پنجاب حکومت کی کارکردگی بہتر رہی ہے۔تاریخ، فن اور ثقافت پر تھاپ کانفرنس قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کو فکرمند کیے بغیر نجی مقام پر منعقد ہوئی۔پھر الحمراء میں تین بڑی تقاریب کا انعقاد کیا گیا: فیض فیسٹیول، خیال فیسٹیویل اور سب سے آخر میں لاہور آرٹ کونسل کی اپنی عظیم الشان تقریب۔ایل ایل ایف سے صرف چند دن قبل اوپن ایئر تھیٹر میں فیض امن میلہ منعقد کیا گیا۔چونکہ لاہور کبھی بھی انتہا پسندوں کی دھمکیوں سے محفوظ نہیں رہا اس لیے انتظامیہ ان تمام تقاریب پر سکیورٹی کو یقینی بنانے پر ستائش کی مستحق ہے۔

یہ چیز سمجھ سے بالاتر ہے کہ حکام نے خوف کی فضا پیدا کر کے ایک ایسے فیسٹیول کو متاثر کیوں کیا جو نہ صرف لاہور شہر بلکہ عموی طور پر پورے ملک کے لیے قابل فخر تقریب بن چکی ہے۔

یہ فرض کر کے کہ دھمکیاں دینے والوں کے پاس ایل ایل ایف کے مہمانوں یا شرکاء کو نشانہ بنانے کی کوئی خاص وجہ ہے، حکام نے یہ اندازہ کیسے لگا لیا کہ آواری ہوٹل میں سکیورٹی کو یقینی بنانا ممکن جبکہ الحمراء میں ناممکن تھا اور انہوں نے غیر ملکی مہمانوں کی تعداد کا تعین کیسے کیا جنہیں وہ تحفظ فراہم کر سکتے تھے۔ان سوالات کے درست جوابات سے ہی یہ نتیجہ نکل سکے گا کہ حکام انتہا پسندوں کے عزائم سے امکان کی حد سے بھی زیادہ آگاہ تھے۔

اس قسم کی صورتحال میں درج ذیل نکات پر غور کرنے کی ضرورت ہے جو ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں: خطرات زدہ تقریب کی اہمیت اور اس کی منسوخی کے اثرات۔

پہلے سوال کا جواب ایل ایل ایف کے شرکاء کی طرف سے سامنے آ گیا تھا۔اس حقیقت کو جاننے کے لیے کسی تفصیلی مقالے کی ضرورت نہیں کہ ادب، فن اور ثقافت لوگوں کو خود شناسی کرانے خاص طور پر کشیدگی اور مایوسی کے اوقات میں انہیں معقولیت برقرار رکھنے میں انتہائی مددگار ثابت ہوتے ہیں۔چنانچہ، ایل ایل ایف کو ایک ناگزیر سرگرمی کے طور پر لیا جانا چاہیئے تھا اور اس کا تحفظ اور حوصلہ افزائی کرنے کی ضرورت تھی۔

جہاں تک ایل ایل ایف جیسی بڑی سرگرمی کو منسوخ کرنے کی قیمت کا تعلق ہے، منتظمین کے اخراجات میں اضافے کے علاوہ، لوگوں کو جو قیمت ادا کرنا پڑی، اس کا اندازہ جائے تقریب کی تبدیلی اور سرگرمیوں میں تخفیف کے نتائج سے لگایا جا سکتا ہے۔

کئی افراد نے محسوس کیا کہ تمام لوگوں کے لیے قابل رسائی ثقافتی مقام سے صرف امراء کے لیے قابل رسائی ہوٹل میں پروگرام کی منتقلی سے عام لوگوں کے لیے میلہ (فیسٹیول) کی دلکشی کم ہو گئی تھی۔میلہ کو تین دن کی بجائے دو دن تک محدود کرنے سے شیڈول سے بعض سرگرمیاں حذف کرنا پڑیں۔

یہ ذکر کرنے کی ضرورت نہیں کہ ہر دھمکی کو سنجیدہ لیا جائے چاہے اس کا ہدف کوئی عوامی شخصیت، کوئی ریاستی ادارہ یا کوئی نجی ادارہ ہو۔یہ بھی واضح ہے کہ حکومت اور خطرے میں گھرے شہریوں کو ممکنہ حد تک مستحکم سکیورٹی سسٹم تشکیل دینے کے لیے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنا چاہیئے۔شہریوں کے لیے پریشانی کا ایک سبب حکام کا بے ضابطہ طرز عمل بھی ہے جس کے باعث وہ بعض اوقات سکیورٹی کی مکمل ذمہ داری اس فریق پر ڈال دیتے ہیں جو کہ خطرے کی زد میں ہوتا ہے۔

افسوسناک بات یہ ہے کہ پنجابی زبان اور ادب سے متعلقہ سرگرمیاں منسوخ کر دی گئی تھیں جو کہ بہت بڑا خسارہ ہے۔لاہور میں منعقد ہونے والے فیسٹیول میں پنجاب کے ادبی خزانے اور ثقافت کو جگہ نہ ملنا ناقابل یقین امر ہے اور پنجاب حکومت کو اس کی جزوی ذمہ داری قبول کرنی چاہیئے۔

اس سے بھی اہم بات یہ ہے کہ دہشت گردی کے خطرات سے نبٹنے کے لیے منطقی بیانیہ تشکیل دیا جائے۔یہ ذکر کرنے کی ضرورت نہیں کہ ہر دھمکی کو سنجیدہ لیا جائے چاہے اس کا ہدف کوئی عوامی شخصیت، کوئی ریاستی ادارہ یا کوئی نجی ادارہ ہو۔یہ بھی واضح ہے کہ حکومت اور خطرے میں گھرے شہریوں کو ممکنہ حد تک مستحکم سکیورٹی سسٹم تشکیل دینے کے لیے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنا چاہیئے۔شہریوں کے لیے پریشانی کا ایک سبب حکام کا بے ضابطہ طرز عمل بھی ہے جس کے باعث وہ بعض اوقات سکیورٹی کی مکمل ذمہ داری اس فریق پر ڈال دیتے ہیں جو کہ خطرے کی زد میں ہوتا ہے۔

بینکوں اور پٹرول پمپوں کو جس طرح انتظامیہ کے تشکیل شدہ سکیورٹی منصوبوں کے لیے اخراجات ادا کرنے کا حکم دیا گیا، جس طریقے سے اسکولوں کو سکیورٹی کی ضروریات پورا کرنے کا حکم دیا گیا یا بعض افراد کو بیرون ملک چلے جانے کا کہا گیا...... یہ واقعات حکام کے مذکورہ طرز عمل کی محض چند مثالیں ہیں۔

دہشت گردی کے خلاف جنگ کی ایک واضح خامی یہ ہے کہ کمیونٹی خود کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے کوئی کردار ادا نہیں کر رہی۔ایک وقت تھا جب فرقہ وارانہ تصادم یا مسلح جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف بستیاں اجتماعی دفاع کے لیے خود کو منظم کرتی تھیں۔اسی قسم کے اقدامات کی اطلاعات ماضی قریب میں بعض قبائلی علاقہ جات سے بھی موصول ہوتی رہی تھیں۔تاہم، اب شہروں یا دیہاتوں سے اس قسم کے اقدامات کی اطلاعات کبھی موصول نہیں ہوتیں۔

کیا مقامی آبادیاں دہشت گردی کے خلاف جنگ کی ضرورت یا جواز سے لاعلم ہیں؟ مساجد اور مزار دہشت گردانہ حملوں کے نشانے پر ہیں۔کیا یہ ممکن نہیں کہ ان مساجد اور مزارات کو انتہا پسندی کے خلاف مزاحمتی مراکز بنایا جائے؟ اگر قانون نافذ کرنے والے اداروں اور دہشت گردوں کا نشانہ بننے والوں کو مقامی آبادیوں کا تعاون حاصل نہیں ہوتا تو ان کو درپیش خطرہ اس سے کہیں بڑا ہو گا جس کا عموماً خیال کیا جاتا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف بیانیہ تشکیل نہ دینے کا ایک انتہائی ناقابل برداشت نتیجہ یہ نکلا ہے کہ حکام مجموعی طور پر عوام کو اس بات پر آمادہ نہیں کر پا رہے کہ وہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کو اپنے ایک اچھے نصب العین کے طور پر اپنائیں۔

سب سے اہم بات یہ ہے کہ ایک حد تک ہی انتہا پسندوں کی دھمکیوں کے ہاتھوں عام زندگی کو مفلوج ہوتے ہوئے برداشت کیا جا سکتا ہے۔فرض کریں کہ حکام کو لاہور میں سول سیکرٹریٹ یا اسلام آباد میں ایوان پارلیمان پر ممکنہ حملے کی معلومات موصول ہوتی ہیں۔کیا یہ ادارے بند کر دیے جائیں گے؟

یہ نہ بھولیں کہ سکیورٹی کو درپیش خطرات کے پیش نظر جب بھی کوئی عوامی تقریب منسوخ کی گئی، یا کسی اسکول کو بند کیا گیا یا کسی عوامی شخصیت کو بیرون ملک جانے کا کہا گیا تو انتہا پسندوں کو ایک ایسی فتح سے ہمکنار کیا گیا جس کے وہ مستحق نہیں تھے۔ شہریوں اور سرکاری/نجی اداروں کی طرف سے بطور احتیاط کیے گئے اقدامات اور اپنے شہریوں کے تحفظ کے لیے ریاست پر عائد فرائض میں توازن ہونا چاہیئے۔جو ریاست اپنے شہریوں کو خوف سے آزادی کا یقین نہیں دلاتی وہ درحقیقت انہیں زندگی کا حق دینے سے انکار کر رہی ہوتی ہے۔

(انگریزی سے ترجمہ، بشکریہ ڈان)

ہاریوں کی بازیابی

سانگھڑ جھول پولیس نے عدالتی حکم پر زمیندار علی حسن مری کی زمینوں پر چھاپہ مار کر 27 ہاری بازیاب کرا لیے۔ بالم بھیل نے سیشن کورٹ سانگھڑ میں درخواست دائر کی تھی کہ زمیندار علی حسن مری اس کے عزیز واقارب سے زبردستی اپنی زمینوں پر کام کروا رہا ہے۔ ان کو کام کا کوئی معاوضہ بھی نہیں دیا جاتا۔ رات کے وقت مسلح پہرداروں کو بھی ان کے اوپر مسلط کر دیا جاتا ہے جس پر سیشن جج سانگھڑ نے جھول پولیس کو حکم دیا کہ متاثرہ لوگوں کو آزاد کروا کر عدالت میں پیش کیا جائے۔ جھول پولیس نے 27 افراد کو رہا کروا کر سیشن کورٹ سانگھڑ کی عدالت میں پیش کیا۔ عدالت نے ان کے بیان سننے کے بعد انہیں اپنی مرضی سے زندگی گزارنے کی اجازت دے دی۔

(ابراہیم خلجی)

حیدرآباد: 16 فروری: ایچ آر سی پی نے سول سوسائٹی کی دیگر تنظیموں کے تعاون سے اصلاحات کے مطالبے کے حق میں ایک پرامن ریلی منعقد کی۔

تاجر کا قتل

ٹوبہ ٹیک سنگھ تاجر کو نامعلوم افراد نے اغوا کے بعد قتل کر کے نعش سڑک کنارے پھینک دی۔ گوجرہ کے چک 241 گ ب بہرام کے نادر حسین نے شہر موڑ ریلوے روڈ پر سپر سنٹر بنا رکھا تھا جو 3 فروری کو اچانک غائب ہو گیا۔ تلاش کے باوجود بھی نادر نہ مل سکا جسے نامعلوم افراد نے اغوا کرنے کے بعد تشدد کر کے قتل کر دیا اور رات کو نعش سمندری روڈ محلّہ علی پارک کے قریب سڑک کنارے پھینک دی۔ اہل محلّہ نے نعش کی اطلاع سٹی پولیس کو دی جس نے نعش تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کرانے کے بعد نعش ورثا کے حوالے کر دی ہے۔

(اعجاز اقبال)

گولیوں سے چھلنی 6 لاشیں برآمد

چمن 18 فروری کو افغانستان کی سرحد سے منسلک صوبہ بلوچستان کے علاقے چمن سے 6 افراد کی لاشیں برآمد کی گئیں۔ پولیس کے مطابق 3 افراد کی لاشیں چمن کے علاقے شکھا درا سے برآمد کی گئیں جبکہ ایک لاش توبہ اچکزئی سے برآمد ہوئی۔ چاروں افراد کو گولیوں کا نشانہ بنا کر ہلاک کیا گیا، جن کی لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لیے سول ہسپتال چمن منتقل کیا گیا۔ ابتدائی طور پر لاشوں کی شناخت اور انہیں ہلاک کیے جانے کی وجوہات معلوم نہیں ہو سکیں۔ لاشیں برآمد ہونے کے بعد پولیس کے سینئر حکام شکھا درا پہنچے اور جائزہ لینے کے بعد واقعے کی تحقیقات کی ہدایت کی۔ چمن کے علاقے دلسورا کاریز میں بھی دو افراد کو فائرنگ کر کے ہلاک کیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ نامعلوم موٹر سائیکل سوار ملزمان گاڑی پر فائرنگ کر کے موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس اور لیویز اہلکاروں نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر لاشوں کو سول ہسپتال منتقل کیا، جبکہ حملے کی ذمہ داری تاحال کسی نے قبول نہیں کی۔ واضح رہے کہ گزشتہ چند سالوں کے دوران چمن میں کم شدت کے بم دھماکوں اور تشدد زدہ لاشیں ملنے کے کئی واقعات پیش آ چکے ہیں۔

(نامہ نگار)

فائرنگ سے قبائلی رہنما سمیت تین افراد ہلاک

بارکھان پاکستان کے صوبہ بلوچستان کے دو مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات میں ایک قبائلی رہنما اور ایک سرکاری اہلکار سمیت تین افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔ قبائلی رہنما کی ہلاکت کا واقعہ 16 فروری کی شب ضلع بارکھان میں پیش آیا۔ بارکھان انتظامیہ کے ذرائع کے مطابق نامعلوم افراد نے دولائی کے علاقے میں ایک قبائلی رہنما موزان مری کے گھر پر حملہ کیا۔ اس حملے میں قبائلی رہنما سمیت دو افراد ہلاک ہوئے۔ قبائلی رہنما کا شمار حکومت کے حامیوں میں ہوتا تھا۔ اس واقعے کی ذمہ داری کالعدم عسکریت پسند تنظیم بلوچ لبریشن آرمی نے قبول کی ہے۔ ادھر ایران سے متصل ضلع پنجگور میں پولیس کے مطابق فائرنگ کے ایک اور واقعے میں محکمہ پولیس کا ایک نائب قاصد ہلاک ہوا ہے۔ پولیس نائب قاصد کو ہلاک کرنے کے محرکات تاحال معلوم نہیں ہو سکے ہیں۔

(نامہ نگار)

مغوی کی رہائی کا مطالبہ

شہداد کوٹ 11 فروری کو شہداد کوٹ سے اغواء ہونے والے تحصیل نصیرآباد کے تاج برکت علی کی بازیابی کے لیے شہریوں اور مغوی ورثاء نے 25 فروری کو احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین کے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز تھے جن پر 'مغوی برکت علی کو آزاد کرو' جیسے نعرے درج تھے۔ اس موقع پر قومی عوامی تحریک کے رہنماؤں اور شہریوں سمیت ورثاء محمد رفیع لغاری، عنایت تونیو، اسداللہ اور مغوی کے بھائی احمد علی نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ شہداد کوٹ پولیس مغوی برکت لوڈرو کو ابھی تک بازیاب کروانے میں ناکام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اغواء میں ملوث ملزمان انہیں دھمکیاں دے رہے ہیں کہ وہ مغوی کو تاوان نہ ملنے کی صورت میں قتل کر دیں گے۔ مظاہرین نے آخر میں پریس کلب کے سامنے ہڑتال کی جس میں شہریوں نے بھرپور شرکت کی۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مغوی برکت علی کو بازیاب کرا کے اغواء میں ملوث افراد کو گرفتار کر کے قانونی کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

(ندیم جاوید)

دکان میں دھماکہ، دو افراد ہلاک

بنوں پاکستان کے صوبے خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں حکام کا کہنا ہے کہ ایک دکان میں ہونے والے بم دھماکے میں دو افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔ بنوں پولیس کے مطابق یہ دھماکہ 8 فروری کی صبح تقریباً ساڑھے سات بجے بنوں شہر سے تقریباً 15 کلومیٹر دور نواحی علاقے ناوید میں ہوا۔ دھماکہ گاڑیوں کی پنکچر لگانے والی ایک دکان میں اس وقت ہوا جب دکان کے مالک تالا کھول کر شٹر اٹھا رہے تھے۔ یاد رہے کہ جس علاقے میں دھماکہ ہوا ہے وہ نیم خودمختار قبائلی علاقے ایف آر جانی خیل کے قریب واقع ہے جہاں پہلے بھی بم دھماکے اور خودکش حملے ہوتے رہے ہیں۔ ضلع بنوں کی حدود قبائلی علاقے شمالی وزیرستان اور نیم خودمختار قبائلی علاقے ایف آر بنوں سے ملی ہوئی ہے۔ قبائلی علاقے سے متصل ہونے کی وجہ سے یہ ضلع انتہائی حساس رہا ہے جہاں سکیورٹی فورسز اور پولیس اہلکار اکثر اوقات شدت پسندوں کے نشانے پر رہے ہیں۔

(نامہ نگار)

ترقی غیر ہم آہنگی کو فروغ دے رہی ہے

ڈاکٹر پرویز طاہر

بلوچستان پاکستان کا ایک انتہائی پسماندہ صوبہ ہے۔ یہ بات خلاف قیاس ہے کہ اسے ترقیاتی منصوبوں، خاص طور پر بڑے ترقیاتی منصوبوں سے خطرہ لاحق ہے۔ اس کی وجوہات کیا ہیں، سب اچھی طرح جانتے ہیں۔ ایک ایسا صوبہ جہاں کل شرح خواندگی 43 فیصد، پرائمری اسکولوں میں داخلے کی شرح 39 فیصد اور میٹرک میں داخلے کی شرح صرف 5 فیصد ہے، وہاں کے نوجوانوں کے پاس ان بڑے منصوبوں سے پیدا ہونے والے روزگار کے ان مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے تعلیمی بنیاد موجود نہیں ہے جن کے لئے ہنرمند افراد کی ضرورت ہے۔ سرکاری اندازے کے مطابق 20 سے 24 سال کی عمر کے افراد میں روزگار کی شرح 10.4 فیصد ہے۔ قدرتی طور پر یہ ملازمتیں اور کاروباری مواقع دیگر صوبوں کے لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کریں گے جیسا کہ ماضی میں ہوتا رہا ہے۔ ایک ایسا علاقہ جس کا رقبہ پاکستان کے کل رقبے کا تقریباً نصف ہے لیکن آبادی پاکستان کی کل آبادی کا صرف پانچ فیصد ہے، وہاں کے مقامی لوگوں کو اس بات کا خدشہ ہے کہ وہ اپنے ہی علاقے میں اقلیت بن کر رہ جائیں گے۔

اس پس منظر میں، اسی اخبار میں 6 فروری 2016ء کو جاری ہونے والی رپورٹ میں شامل یہ خبر خوش آئند ہے کہ گوادر پورٹ اتھارٹی مقامی لوگوں کو بندرگاہ اور علاقے سے متعلق مفت تربیت مہیا کرنے کے لئے ایک فنی ادارہ قائم کرنے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے۔ یہ کہانی اس مصنف کو ماضی میں لے گئی۔ جنزل (ریٹائرڈ) پرویز مشرف کی بغاوت کے بعد معیشت تباہ ہو چکی تھی اور ملک تنہائی کا شکار ہو چکا تھا۔ یہ ایک ایسی صورتحال تھی جو ہماری امداد کی عادی بیوروکریسی کو حواس باختہ کر دینے کے لئے کافی تھی۔ اس وقت تک یہ کسی حوصلہ افزا خبر کے انتظار میں تھی جو اسے جلد ہی اپنے سدا بہار دوست چین کی شکل میں مل گئی۔ وزیراعظم وو بانگوؤ نے مارچ 2002ء میں گوادر بندرگاہ کا سنگ بنیاد رکھا۔ سینٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی (سی ڈی ڈبلیو پی) کی جانب سے اس منصوبے کی منظوری کے وقت اس مصنف نے مقامی لوگوں کو بندرگاہ سے متعلق تربیت فراہم کرنے کے لئے ایک ادارہ قائم کرنے کی تجویز دی تھی جس کا مقصد یہ تھا کہ انہیں بندرگاہ کی تعمیر کے دوران اور تعمیر کے بعد درکار افرادی قوت مہیا کرنے کے قابل بنایا جا سکے۔ باقی سب تاریخ کا حصہ ہے۔ اس تجویز پر عمل درآمد تو دور کی بات، اس کو زیرغور بھی نہیں لایا گیا۔ پھر نائن الیون کے بعد انکل سام واپس لوٹ آئے۔ بندرگاہ کو سنگاپور کے حوالے کر دیا گیا۔

مقامی افراد کے لئے فنی ادارے کا تصور درست سمت میں ایک قدم ہے اگرچہ اس میں کافی تاخیر کی گئی ہے۔ تاہم تصورات سے نتائج حاصل کرنے کے لئے رقم کی ضرورت ہوتی ہے۔ میں نے اس کی چھان بین کی لیکن مجھے اس میں کوئی حوصلہ افزا بات نظر نہیں آئی۔ اس منصوبے کو چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) برائے 2014-15ء میں شامل کر لیا گیا۔ مجموعی طور پر ایک ارب روپے کی رقم کی نشاندہی کی گئی لیکن اخراجات اور غیر ملکی فنڈنگ کی تفصیلات نہیں بتائی گئیں۔ چونکہ ابھی تک اس منصوبے کی باقاعدہ منظوری نہیں دی گئی تھی اس لئے اعداد و شمار تصوراتی تھے۔

سیاسی مصلحت یا عجلت کے باعث پی ایس ڈی پی میں غیر منظور شدہ منصوبے بھی شامل ہو گئے ہیں۔ بعد ازاں سی ڈبلیو ڈی پی نے 19 اکتوبر 2014ء کو 98 کروڑ چالیس لاکھ روپے کی تخفیف شدہ رقم کی منظوری دے دی۔ 2014-15ء میں اس ضمن میں کوئی بھی فنڈ جاری نہیں کئے گئے۔ پی ایس ڈی پی 2014-15ء میں بھی اس منصوبے کے لئے اتنی ہی رقم رکھی گئی ہے لیکن اس میں چین کی جانب سے دی گئی 83 کروڑ چونسٹھ لاکھ روپے کی اضافی رقم بھی شامل ہے۔ اب منصوبہ بندی کمیشن کی ویب سائٹ یہ بتاتی ہے کہ سی پیک منصوبے کے تحت گوادر میں ایک کروڑ روپے کی لاگت سے ایک ٹیکنیکل اور فنی ادارہ قائم کیا جائے گا۔ 4 فروری تک شائع کی گئیں تفصیلات ظاہر کرتی ہیں کہ اس منصوبے کے لئے کسی قسم کے فنڈ جاری نہیں کئے گئے۔ یہ بات درست ہے کہ منصوبہ بندی کمیشن صرف مختص کی گئی رقم کے بارے میں معلومات دیتا ہے۔ غیر ملکی مالی معاونت کی مد میں ادائیگیاں کرنا شعبہ امور مالیات (ای اے ڈی) کی ذمہ داری ہے۔ ای اے ڈی نے ابھی تک کسی قسم کی ادائیگی نہیں کی۔ درحقیقت، ای اے ڈی نے غیر ملکی معاونت سے چلنے والے منصوبوں کے لئے جو بجٹ تیار کیا ہے اس میں گوادر میں ٹیکنیکل اور فنی ادارے کا قیام شامل نہیں۔ ابھی تک صرف گوادر پورٹ اتھارٹی نے ایک ایسے منصوبے پر جو لوگوں کو تقسیم کرنے کی بجائے متحد کرنے کی اہلیت رکھتا ہے دس لاکھ روپے کی ''شاہانہ'' رقم خرچ کی ہے!

ایسے منصوبوں کے ساتھ، ترقی صرف غیر ہم آہنگی میں اضافہ کرے گی۔

(انگریزی سے ترجمہ بشکریہ ایکسپریس ٹریبیون)

جہد حق پڑھنے والے توجہ کریں

- آپ نے اس شمارہ کا مطالعہ کیا
  جو خامیاں / کمزوریاں آپ کو نظر آئی ہوں۔ ان کی نشاندہی خط کے ذریعے سے کیجئے۔
- آپ بھی اپنے علاقے میں ہونے والی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی رپورٹ / اطلاع ہمیں اس رسالہ میں چھپنے والا رپورٹ فارم پُر کر کے بذریعہ ڈاک روانہ کر سکتے ہیں۔ حقائق اچھی طرح سے تصدیق کر کے لکھیں۔
- ہر شمارہ کی قیمت مبلغ =/5 روپیہ ہے
- سالانہ خریداروں کے لیے =/50 روپیہ ایسے خریدار پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق (Human Rights Commission of Pakistan) کے نام صرف =/Rs.50 کا منی آرڈر یا ڈرافٹ (چیک قبول نہیں کیا جائے گا) ہمارے ہیڈ آفس کے پتہ پر روانہ کریں۔ پتہ یہ ہے:

پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق

''ایوان جمہور'' 107 - ٹیپو بلاک،

نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور

HRCP کارکن متوجہ ہوں

'''جہد حق'' کے لیے رپورٹ فارم کے مطابق کوائف پر مبنی رپورٹیں، خبریں، تصاویر اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں سے متعلق دیگر مواد مہینے کے تیسرے ہفتہ تک پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق کے مرکزی دفتر میں پہنچ جانا چاہیے تاکہ یہ اگلے شمارے میں شائع کیا جا سکے۔

جہد حق کا تازہ شمارہ اور پچھلے شمارے اب ویب سائٹ پر بھی موجود ہیں۔ پتہ:

www.hrcp-web.org

بارودی مواد پھٹنے سے سات افراد جاں بحق

خضدار ضلع خضدار میں ایک مکان میں رکھا گیا بارودی مواد پھٹنے سے سات افراد ہلاک اور 14 زخمی ہوگئے ہیں۔ حکام کے مطابق یہ واقعہ تحصیل نال کے خیث چک نامی گاؤں میں 24 فروری کو پیش آیا۔ ڈپٹی کمشنر خضدار کی جانب سے جاری ہونے والے پریس نوٹ کے مطابق اس گاؤں میں حادثاتی طور پر بھڑکنے والی آگ نے جب ذخیرہ کیے گئے بارودی مواد کو لپیٹ میں لیا تو زوردار دھماکا ہوا۔ حکام کے مطابق بارودی مواد پھٹنے اور آگ کی زد میں آکر جھلسنے سے اب تک سات افراد کی ہلاکت کی تصدیق ہوئی ہے جن میں دو خواتین اور دو بچے بھی شامل ہیں۔ حادثے میں زخمی ہونے والوں میں بھی تین خواتین، چار بچے اور سات مرد شامل ہیں جن کا تعلق تحصیل نال سے ہی ہے۔ اس واقعے کی اطلاع ملتے ہی لیویز کے اہلکار جائے حادثہ پر پہنچے اور زخمیوں کو نال اور خضدار کے سول ہسپتال منتقل کیا۔ ماضی میں بھی جان لیوا حادثات پیش آتے رہے ہیں۔

(نامہ نگار)

ایک شخص کی نعش برآمد

پشاور 14 فروری کو بڈھ بیر پولیس سٹیشن کی حدود میں ماما خیل کے علاقہ سے ایک نوجوان کی نعش برآمد ہوئی۔ مقتول کی شناخت 22 سالہ کلیم اللہ کے نام سے ہوئی جو شیخ محمدی کا رہائشی تھا۔ پولیس سے موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق وہ ایک کالعدم شدت پسند تنظیم کا سرگرم کارکن تھا۔ پولیس نے نعش کو تحویل میں لے لیا اور واقعہ کی ایف آئی آر درج کرلی ہے۔

(ایچ آر سی پی، پشاور چیپٹر آفس)

نوجوان کو قتل کردیا

فیصل آباد 17 فروری کو تھانہ ملت ٹاؤن کے علاقہ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک نوجوان کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق ملت ٹاؤن کے نواحی علاقے چک 121 ج ب کا رہائشی محمد اعظم اپنے گھر سویا ہوا تھا کہ نامعلوم موٹرسائیکل سواروں نے بیٹھک میں گھس کر اسے گولیاں مار کر قتل کر دیا اور مقتول کی نعش قریبی کھیتوں میں پھینک کر فرار ہوگئے۔ قتل کی اطلاع ملنے پر تھانہ ملت ٹاؤن کی پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ پولیس کی جانب سے پوسٹ مارٹم کروانے کے بعد مقتول کی نعش ورثا کے حوالے کر کے ملزموں کی تلاش شروع کر دی گئی ہے۔

(میاں نوید)

ترقیاتی کاموں کی جلد تکمیل اور سینیٹری ورکرز کی بھرتی کا مطالبہ

ٹوبہ ٹیک سنگھ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں جاری ترقیاتی کام کے باعث اٹھنے والی دھول مریضوں کی مشکلات کا باعث بن گئی ہے۔ مریضوں اور ان کے لواحقین نے مطالبہ کیا ہے کہ تعمیراتی کام جاری رکھنے کی صورت میں صفائی کا مناسب بندوبست کیا جائے۔۔ ہسپتال میں دیواروں کے ساتھ لگائے جانے والے پتھر کی رگڑائی کے دوران اڑنے والی دھول نے وارڈز میں داخل مریضوں کو اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے۔ ہسپتال میں داخل مریضوں کی شکایت پر پتھر کی رگڑائی فی الحال تو بند کروائی گئی ہے مگر ہسپتال میں سینٹری ورکروں کی متعدد خالی آسامیوں کے باعث وہاں صفائی کی صورت حال بھی ابتر ہے۔ ہسپتال کے باتھ روم انتہائی گندے، کموڈ ٹوٹے ہوئے ہیں جب کہ وہاں پانی بھی میسر نہیں ہے۔ ڈی سی او اور ای ڈی او ہیلتھ سینٹری ورکر تعینات کرنے کے مجاز ہیں مگر نہ جانے کیوں ہسپتال میں سینیٹری ورکروں کی درجنوں آسامیاں خالی ہیں جس کے باعث وہاں صفائی کی صورت حال انتہائی ناقص ہے۔ مریضوں نے ڈی سی او عامر اعجاز اکبر اور ای ڈی او ہیلتھ ڈاکٹر نواز سے مطالبہ کیا ہے کہ ہسپتال میں فوری طور پر سینیٹری ورکروں کی تعیناتی کو یقینی بنایا جائے اور جاری ترقیاتی کاموں کو مریضوں کے آرام کو مدنظر رکھتے ہوئے جلد مکمل کروایا جائے۔

(اعجاز اقبال)

مہمند ایجنسی میں حملے، نو خاصہ دار اہلکار ہلاک

مہمند ایجنسی پاکستان میں وفاق کے زیرِ انتظام قبائلی علاقے مہمند ایجنسی میں حکام کا کہنا ہے کہ خاصہ دار فورس کے اہلکاروں پر ہونے والے دو الگ الگ حملوں میں نو اہلکار ہلاک ہوگئے ہیں۔ دونوں واقعات 17 اور 18 فروری کی درمیانی شب مہمند ایجنسی کی تحصیلوں یکہ غنڈ اور پنڈیالی میں پیش آئے۔ انھوں نے کہا کہ پہلا واقعہ اس وقت پیش آیا جب شمسی توانائی سے چلنے والے ٹیوب ویل پر تعینات خاصہ دار فورس کے دو اہلکاروں پر مسلح افراد کی طرف سے فائرنگ کی گئی جس میں دونوں اہلکار ہلاک ہوگئے۔ سرکاری اہلکار کے مطابق فائرنگ کا دوسرا واقعہ یکہ غنڈ سب ڈویژن کے علاقے کڑپہ میں رات گئے ہوا جب مسلح افراد نے خاصہ دار فورس کی ایک چیک پوسٹ پر اندھا دھند فائرنگ کر دی جس سے وہاں ڈیوٹی پر موجود سات اہلکار مارے گئے۔ مقامی صحافیوں کا کہنا ہے کہ مرنے والے اہلکاروں کی لاشیں ایجنسی ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کر دی گئی ہے۔ ان دونوں حملوں کی ذمہ داری کالعدم تحریک طالبان پاکستان جماعت الاحرار گروپ نے قبول کر لی ہے۔ سرکاری اہلکاروں کا کہنا ہے کہ ان حملوں کے بعد علاقے میں سکیورٹی فورسز کی جانب سے بڑے پیمانے پر سرچ آپریشن کا آغاز کیا گیا ہے اور کئی مشتبہ افراد کو حراست میں لیا گیا ہے۔ سال جنوری میں خیبر ایجنسی اور پشاور سے ملحق سرحد پر قائم خاصہ دار فورس کی چوکی پر خودکش حملے میں دس افراد ہلاک ہوئے تھے۔ خیال رہے کہ مہمند ایجنسی میں سکیورٹی فورسز کی طرف سے کاروائیوں کے بعد سکیورٹی کی صورت حال پہلے کے مقابلے میں کافی حد تک بہتر بتائی جاتی ہے۔ تاہم سکیورٹی فورسز اور حکومتی حامی قبائلی سرداروں کو ہدف بنا کر قتل کے واقعات مسلسل ہوتے رہے ہیں۔ ان واقعات کی ذمہ داری وقتاً فوقتاً کالعدم شدت پسند تنظیمیں قبول کرتی رہی ہے۔ یہ امر بھی اہم ہے کہ مہمند ایجنسی میں ایک ہی رات میں دو واقعات میں نو اہلکاروں کی ہلاکت کا واقعہ بھی کافی عرصے کے بعد پیش آیا ہے۔ رواں سال جنوری میں قبائلی علاقے خیبر ایجنسی اور پشاور سے ملحق سرحد پر قائم خاصہ دار فورس کی چوکی پر خودکش حملے میں اسسٹنٹ لائن افسر اور قبائلی صحافی سمیت دس افراد ہلاک 23 زخمی ہوئے تھے۔ نامہ نگار عزیز اللہ خان کے مطابق خیبر پختونخوا کے ضلع چارسدہ کے علاقے شب قدر میں پولیس کے مطابق نامعلوم افراد نے حیوانات کے ایک شفا خانے کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ تھانہ سرو کلی کی حدود میں حبیب اللہ کلی میں پیش آیا، تاہم عمارت خالی ہونے کے باعث کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

(نامہ نگار)

لا پتہ ہندوستانی شہری کے والدین کے لیے اُمید کی کرن

دہلی پاکستان آرمی کی جانب سے یہ تسلیم کئے جانے کے بعد کہ ہندوستانی انجینئر حامد انصاری ان کی تحویل میں ہے اور اس کا کورٹ مارشل کیا جا رہا ہے، اس کے پریشان والدین کو اب امید کی ایک کرن دکھائی دیتی ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ ان کے تیس سالہ بیٹے کو سفارتی رسائی دی جائے۔ حامد، جو اپنی محبت کو ہاٹ سے تعلق رکھنے والی ایک لڑکی کو اپنے ساتھ لانے کے لئے گھر سے نکلا تھا، اس کی تلاش کے لئے تین سال تک ایک جگہ سے دوسری جگہ بھاگ دوڑ کرنے کے بعد اس کی ماں فوزیہ انصاری فائلوں کے انبار کو دیکھ کر مسکرانے کے سوا اور کچھ نہیں کرسکتی۔ یہ فائلیں اقوام متحدہ، ریڈ کراس، ہندوستان کے صدر، اور دونوں ممالک کے وزرائے اعظم کو لکھے گئے خطوط پر مشتمل ہیں۔ گیتا کے کیس کے بعد ان کی امیدیں اور بڑھ گئی ہیں جس نے 10 سال پہلے غلطی سے سرحد عبور کرلی تھی اور اب وہ ہندوستان لوٹ آئی تھی۔ ان کی امیدیں بڑھنے کی ایک اور وجہ امور خارجہ کی یونین کی وزیر سشما سوراج کے ساتھ ہونے والی مثبت ملاقات ہے۔ 55' سالہ فوزیہ انصاری جو' پاکستانی ہائی کمیشن، وزارت امور خارجہ کے دفتر اور وکلاء سے''معمول کی ملاقاتوں'' کے لئے اپنے خاوند کے ساتھ ممبئی سے دہلی آئی ہیں کا کہنا ہے: ''ہمیں ایک ماہ پہلے سرکاری طور پر اطلاع دی گئی کہ حامد زندہ ہے۔ میں نے پاکستانی ہائی کمیشن کو خط لکھ کر درخواست کی ہے کہ ہمیں سفارت خانے تک رسائی دی جائے اور ہمیں ویزا جاری کیا جائے تاکہ ہم اس سے مل سکیں۔ وزارت امور خارجہ نے ہمیں بتایا ہے کہ یہ کیس اب ان کے پاس ہے اور اس کی کاروائی مکمل ہونے میں 90 دن لگ سکتے ہیں۔ لیکن ہم تین ماہ سے زیادہ انتظار نہیں کرسکتے''۔ جب حامد انصاری نومبر 2012ء میں کابل ایئرپورٹ پر ملازمت کے انٹرویو کا بہانہ کرکے گھر سے نکلا تب سے انصاری خاندان کی زندگی یکسر تبدیل ہوگئی ہے۔ دراصل کابل اس کے کوہاٹ کے طے شدہ سفر کا عارضی پڑاؤ تھا جہاں وہ ایک لڑکی سے ملنا چاہتا تھا۔ ایک ایسا انتظام جس کا مشورہ اس کے چند پاکستانی دوستوں نے دیا تھا۔ انہوں نے مبینہ طور پر حامد کو افغانستان کی سرحد سے پاکستان داخل ہونے کا مشورہ دیا تھا۔ حامد کے والد نہال انصاری جو بینک آف انڈیا میں اسسٹنٹ مینیجر تھے کا کہنا ہے: ''ہم جسمانی، ذہنی اور معاشی طور پر ٹوٹ چکے ہیں۔ ممبئی کے علاقے ورسوا میں ہمارا اپنا گھر تھا لیکن اب ہم کرائے کے ایک چھوٹے سے گھر میں رہتے ہیں۔ میری زندگی کا واحد مقصد اپنے بیٹے کو گھر واپس لانا ہے، چنانچہ میں نے مئی 2014ء میں رضا کارانہ طور پر ریٹائرمنٹ لے لی۔ یہ ایک بڑا فیصلہ تھا کیونکہ میری ملازمت کے ابھی بھی تین سال باقی تھے''۔ اسی سال محترمہ فوزیہ انصاری جو ممبئی میں ایک جونیئر کالج میں ہندی کی لیکچرار کے طور پر کام کرتی ہیں، دہلی میں سڑک پار کرتے ہوئے حادثے کا شکار ہوگئیں جس کی وجہ سے ان کے ٹخنے کی سرجری کرنا پڑی۔ مسٹر نہال نے شکایت کی کہ حامد کے بڑے بھائی خالد انصاری جو ایک ڈینٹسٹ ہیں وہ اب شادی کرنے پر رضا مند نہیں۔ انہوں نے کہا ''میرے چھوٹے بیٹے نے 12 یا 15 نومبر کو واپس آنا تھا اور خالد کی شادی دسمبر میں طے تھی جو بعد میں منسوخ کردی گئی۔ اس وقت سے وہ اس بات پر مصر ہے کہ وہ اسی وقت شادی کرے گا جب اس کا بھائی واپس آئے گا''۔ مسٹر نہال اور ان کی اہلیہ نے دوپہر کا کھانا شروع کرنے سے پہلے بتایا کہ وہ اتوار کا دوپہر کا کھانا اپنے دونوں بیٹوں کے ساتھ کھایا کرتے تھے۔ وہ انہیں بتایا کرتے تھے کہ ''کسی کی مدد کرنا صدقہ ہے، اس سے ثواب ملتا ہے''۔ مسٹر نہال نے مزید کہا ''میرا خیال ہے اس نے ایک انتہائی قدم اٹھایا۔ حامد کو سمجھانے والا کوئی نہیں تھا۔ مجھے ڈر ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ اب بھی تفتیش کے دوران لڑکی کی ساکھ کو بچانے کے لئے اصل حقائق کو چھپائے۔ اگر ایسا ہوا تو وہ پھر سے مصیبت میں پھنس جائے گا''۔ اگرچہ انصاری خاندان اپنے بیٹے تک سفارتی رسائی کے حصول کے لئے پرامید ہے تاہم پاکستان ہائی کمیشن کے ذرائع کا کہنا ہے کہ چونکہ یہ مقدمہ فوجی عدالت میں زیر سماعت ہے اس لئے ہوسکتا ہے کہ اس پر عام قانون کا اطلاق نہ ہو، اور حامد پر لگائے گئے الزامات اگرچہ مخفی تاہم ''بہت سنگین'' ہیں۔

فوجی عدالت نے حامد انصاری کو تین سال قید کی سزا سنائی ہے (ڈان 16 فروری)۔

(انگریزی سے ترجمہ بشکریہ دی ہندو)

خودکش حملے میں دس شہری ہلاک

کوئٹہ پاکستان کے صوبہ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں واقع ضلع کچہری کے قریب 6 فروری کو ہونے والے خودکش بم دھماکے کے نتیجے میں کم از کم دس افراد ہلاک اور 40 سے زائد زخمی ہوگئے ہیں۔ سرکاری حکام کے مطابق 'دھماکہ اس وقت ہوا جب ایف سی کی ایک گاڑی ضلع کچہری کے سامنے سے گزر رہی تھی۔' حکام کا کہنا ہے کہ حملے میں فورسز کی گاڑیوں کو نشانہ بنایا گیا۔ دھماکے کے نتیجے میں تین ایف سی اہلکار ہلاک جبکہ 15 زخمی ہوئے۔ دھماکے کے نتیجے میں راہ گیر بھی ہلاک ہوئے جن میں ایک خاتون بھی شامل ہیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز سید امتیاز شاہ نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ خودکش بم دھماکے میں 10 سے 15 کلو دھماکہ خیز مواد استعمال ہوا۔ ڈی آئی جی کے مطابق حملے کی ذمہ داری کالعدم تحریکِ طالبان خراسانی گروپ نے قبول کی ہے۔ زخمیوں کو سول ہسپتال کوئٹہ میں منتقل کیا گیا ہے جبکہ شدید زخمیوں کو سی ایم ایچ کوئٹہ میں طبی امداد دی جا رہی ہے۔ بلوچستان حکومت کے ترجمان انور کاکڑ کے مطابق حملہ خودکش تھا جس میں سکیورٹی فورسز اور فرنٹیئر کور کی گاڑیوں کو نشانہ بنایا گیا۔ انھوں نے بتایا کہ 'خودکش حملہ آور سائیکل پر سوار تھا۔ خیال رہے کہ ضلع کچہری کے نواح میں کوئٹہ پریس کلب اور مختلف سرکاری دفاتر موجود ہیں۔ نامہ نگار کے مطابق 'دھماکے کے نتیجے میں اردگرد موجود دفاتر اور عمارتوں کے شیشے بھی ٹوٹ گئے۔' اس سے قبل سریاب کے علاقے میں نامعلوم افراد نے پولیس کی وین پر حملہ کیا۔ جس کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار ہلاک اور تین زخمی ہوئے۔ ادھر پاکستان کے وزیراعظم نواز شریف نے کوئٹہ میں دہشت گردی کی کارروائی کی مذمت کی ہے اور انتظامیہ سے کہا ہے کہ وہ زخمیوں کو بہترین طبی امداد فراہم کریں۔

(نامہ نگار)

تین تشدد زدہ لاشیں برآمد

آواران پاکستان کے صوبہ بلوچستان کے ضلع آواران سے تین افراد کی تشدد زدہ لاشیں برآمد کی گئی ہیں۔ آواران میں انتظامیہ کے ذرائع نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ تینوں لاشیں ضلع کی تحصیل مشکے سے 24 فروری کو برآمد کی گئیں۔ ذرائع کے مطابق تینوں افراد کو گولیاں مار کر ہلاک کیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ لاشوں کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی ہے اور نہ ہی ان کو ہلاک کرنے کے محرکات تاحال معلوم ہوسکے ہیں۔ اس ضلع سے پہلے بھی تشدد زدہ لاشیں برآمد ہوتی رہی ہیں۔ بلوچستان سے 2008ء میں تشدد زدہ لاشوں کی برآمدگی کا سلسلہ شروع ہوا تھا۔ محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان کے مطابق گزشتہ سال بلوچستان کے مختلف علاقوں سے 129 افراد کی لاشیں برآمد ہوئی تھیں۔ لاپتہ افراد کے رشتہ داروں کی تنظیم وائس فار مسنگ بلوچ پرسنز کا کہنا ہے کہ بلوچستان سے برآمد ہونے والی لاشوں کی تعداد اس سے بہت زیادہ ہے۔ (نامہ نگار)

میڈیکل کالج کی رجسٹریشن کا مطالبہ

ڈیرہ غازی خان غازی خان میڈیکل کالج کے طلباء وطالبات نے چھ سال گزرنے کے باوجود پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (PMDC) سے رجسٹریشن نہ ملنے پر احتجاجی مظاہرہ کیا اور کالج کے سامنے احتجاجی کیمپ لگایا۔ پنجاب حکومت نے 2010ء میں صوبہ بھر میں 4 نئے میڈیکل کالج قائم کیے تھے جن میں سے گوجرنوالہ میڈیکل کالج، سیالکوٹ میڈیکل کالج اور ساہیوال میڈیکل کالج کو PMDC نے رجسٹرڈ کر دیا ہے لیکن غازی خان میڈیکل کالج کے طلباء ابھی تک PMDC سے رجسٹریشن نہ ہونے پر اپنے مستقبل کے بارے میں پریشان ہیں اور 6 سو سے زائد طلباء و طالبات کا مستقبل خطرے میں ہے۔ ان طلباء وطالبات جن کا فائنل ایئر مکمل ہونے میں صرف 3 دن باقی رہ گئے ہیں وہ اپنے مستقبل کے بارے میں پریشان ہیں اگر PMDC نے فی الفور رجسٹریشن نہ کی تو وہ ہاؤس جاب بھی نہیں کرسکیں گے۔ غازی میڈیکل کالج کے طلباء وطالبات نے اپنے مطالبات کے حق میں غازی میڈیکل کالج کے سامنے احتجاجی کیمپ لگایا، اور پنجاب حکومت کے خلاف نعرے بازی کی۔ مظاہرہ میں شریک طلباء سلیمان امیر، اعجاز الدین، ریاض منور، محمد علی، حسان طاہر، کلیم اللہ، راؤ نعمان، عدنان فیض، سبطین فریال، ربعیہ جلالی، محمد سمیع، صدام اشرف، نبیل اکمل، شہاب، سعد علی، آغا محمد شہزاد، عارف حسین، فیاض عالم، حسان طاہر، حسان انور، کلیم اللہ، حسیب ممتاز، ودیگر کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت فی الفور اس مسئلہ پر توجہ دے۔ اس موقع پر فائنل ایئر کے طالبعلم نے کہا کہ انہوں نے انٹری ٹیسٹ کے ذریعے 40 ہزار طلباء میں سے میرٹ پر داخلہ حاصل کیا اور پنجاب بھر کے میڈیکل کالجوں میں بہترین نتائج ہمارے کالج کے ہیں اور صوبہ میں 90 فیصد سے زائد رزلٹ آتا رہا ہے۔ مگر اس کی رجسٹریشن میں تاخیری حربے استعمال کیے جا رہے ہیں۔ یہ کالج نہ صرف ڈیرہ ڈویژن بلکہ ملحقہ بلوچستان اور سکردو کے علاقے کے لوگوں کیلئے بھی طبی سہولتوں کی فراہمی کا واحد ذریعہ ہے۔ طلباء وطالبات نے وزیر اعظم پاکستان میاں نواز شریف، وزیر اعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف اور گورنر پنجاب رفیق رجوانہ سے مطالبہ کیا کہ وہ ان کا مسئلہ ترجیحی بنیادوں پر حل کرائیں۔ اس موقع پر کیمپ میں موجود طلباء نے ملی نغمے اور ترانے گا کر انوکھا احتجاج کیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ غازی میڈیکل کالج میں تدریسی عملے کو مکمل کر کے اس کی فوری رجسٹریشن کرائی جائے۔ دریں اثناء ینگ ڈاکٹرا یسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر یاسر بھٹی، ڈاکٹر زوہیب بزدار اور دیگر نے طلباء سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے مظاہرہ میں شرکت کی اور کالج ہذا کی فی الفور رجسٹریشن کا مطالبہ کیا۔ (شیر افگن)

خاکروبوں کی ملازمتیں صرف مذہبی اقلیتوں کے لئے مخصوص کیوں ہیں

----- پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کی جانب سے یہ اشتہار دیا گیا تھا کہ صرف غیر مسلم خاکروب کی ملازمت کے لئے درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ اس اشتہار کو غیر مسلموں کی تذلیل سمجھا گیا؛ یہاں لفظ غیر مسلم عام طور پر مسیحیوں کے لئے استعمال کیا گیا ہے۔ یہ اشتہارات ملک بھر میں تقسیم کئے گئے اور پاکستان کی مسیحی برادری نے اس پر شدید غم وغصے کا اظہار کیا۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کم درجے کی ملازمتیں خاص طور پر مسیحیوں کے لئے مخصوص کی گئی ہیں۔ بی بی سی نے اس حوالے سے جب پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے میڈیکل سپریٹنڈنٹ سے رابطہ کیا تو انہوں نے ملازمت کے اشتہار میں استعمال کئے گئے شرمناک الفاظ کی وضاحت کرنے میں ہچکچاہٹ کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ان اشتہارات کی تشہیر میں ان کا کوئی کردار نہیں تھا۔ انہوں نے بتایا کہ: ''یہ اشتہارات حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کئے گئے تھے۔ آپ سیکریٹری ہیلتھ پنجاب سے کیوں نہیں پوچھتے؟'' تاہم جب سیکریٹری ہیلتھ پنجاب سے رابطہ کیا گیا اور ان سے اس متنازعہ اشتہار کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے کوئی جواب نہ دیا۔ چونکہ قومی ادارہ برائے امن وانصاف (این سی جے پی) پاکستان کی مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے لئے کام کرتا ہے، اس لئے اس نے اس اشتہار کی شدید مذمت کی ہے۔ این سی جے پی کے سیسل شین چودھری نے کہا ہے کہ یہ اشتہار حکومت پنجاب کے دہرے معیار اور امتیازی سلوک کو ظاہر کرتا ہے۔ سیسل چودھری کا کہنا تھا کہ: ''ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایسی ادنیٰ ملازمتیں صرف مسیحیوں کے لئے ہیں اور معاشرے کی نظر میں وہ صرف مخصوص قسم کے کام انجام دے سکتے ہیں۔ دوسری بات یہ کہ آپ مسلمانوں کو بھی امتیاز کا نشانہ بنا رہے ہیں کیونکہ وہ ان اسامیوں کے لئے درخواست جمع نہیں کر سکتے''۔

(انگریزی سے ترجمہ بشکریہ قومی کمیشن برائے امن وانصاف)

قبائلی کشیدگی سے سکول بند

جھل مگسی ضلع جھل مگسی کے علاقے گاجان میں لاشاری قبیلہ کے دو گروپوں میں کشیدگی کی وجہ سے یونین کونسل ہنری کے درجنوں پرائمری سکول و مڈل سکول اور ایک ہائی سکول دو ماہ سے بند ہیں۔ کشیدگی بدستور جاری ہے۔ یونین کونسل ہنری کے تمام لوگ تجارتی شہر گنداوہ کو آنے والی سڑک استعمال نہیں کر رہے۔ اس کشیدگی میں دو افراد ہلاک ہوچکے ہیں۔ اور راستہ بند ہے۔ اس سلسلہ میں مقامی انتظامیہ کی جانب سے کوئی موثر اقدام نہیں کیا جا رہا۔ بچوں کی تعلیم کا نقصان ہو رہا ہے۔ لوگ خوف وہراس میں مبتلا ہیں۔ اگر اس کشیدگی کو فوری حل نہیں کیا گیا تو یہ بڑی تباہی کا سبب بن سکتی ہے۔ حالانکہ پولیس کے چند اہلکار وہاں موجود ہیں مگر وہ امن وامان بحال کرنے میں ناکام ہیں۔ اس پر انتظامیہ گنداوہ اور قبائلی عمائدین کو خصوصاً توجہ دینی چاہیے۔ تاکہ علاقہ میں سکون اور امن بحال ہو۔ گزشتہ سال بھی ایسے ہوا کہ دو ماہ سکول بند ہونے کی وجہ سے ہائی سکول گاجان کے اکثر طالب علم فیل ہوئے ہیں۔ اور اس سال بھی وہی حالت ہے۔ اور محکمہ تعلیم کے اعلیٰ حکام سے بھی اپیل ہے کہ گاجان ہائی سکول کے بچوں کو متبادل امتحانی سنٹر دیا جائے تاکہ وہ محفوظ طریقے سے امتحان دے سکیں۔ نہم اور دہم کے بچے پریشان ہیں اگر یہی حالت رہی تو خدشہ ہے کہ طالب علم امتحانات سے محروم رہ جائیں گے۔ بلوچستان بورڈ آف ایجوکیشن، بلوچستان سے اس معاملے کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ ہے۔ (نامہ نگار)

غیرت کے تصور نے ایک اور جان لے لی

ڈیرہ غازی خان بستی سرتھوخ کا رہائشی مقتول محمد جلال اپنے ماموں کے گھر جا رہا تھا کہ ملزمان ساون خان قوم کھوسہ، ملزم محمد رمضان اور محمد عیسیٰ نے اسے فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ پولیس نے مقتول کی لاش پوسٹ مارٹم کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی۔ پولیس نے مقتول کے والد محمد حسن کی مدعیت میں ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔ اس رپورٹ کے ارسال ہونے تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی تھی۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ بارڈر ملٹری پولیس کے تھانہ لاکھا میں درج کیا گیا۔ ایچ آر سی پی کے کوآرڈینیٹر نے حقائق جاننے کی کوشش کی، جس پر معلوم ہوا کہ ملزموں کو شک تھا کہ مرکزی ملزم ساون خان کی بھابھی اللہ زوجہ اللہ بخش کے ساتھ کے تعلقات استوار ہیں جس کا ملزمان کو رنج تھا۔ مقتول جلال کو ایک روز بعد سعودیہ جانا تھا۔ ملزمان نے جلال کو دیکھ کر اس پر فائرنگ کر دی جس پر وہ موقع پر جاں بحق ہوگیا۔ یہ واقعہ 21 فروری کو پیش آیا۔ (شیر افگن)

سول سوسائٹی کو حکومت کو چیلنج کرنے کا حق حاصل ہے

اسلام آباد جب حکومات اوراس کے ادارے اپنی آئینی ذمہ داریوں سے منحرف ہو جائیں تو سول سوسائٹی کوان سے سوال کرنے اورانہیں چیلنج کرنے کا حق حاصل ہے۔ان خیالات کا اظہار پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق (ایچ آر سی پی) کے سیکریٹری جنرل آئی اے رحمان نے ایک سیمینار سے خطاب کے دوران کیا جس کا عنوان تھا''پاکستان میں انسانی حقوق کا فروغ اور ترقی''۔

31 جنوری کو منعقد ہونے والے اس سیمینار میں پاکستان بھر کے سول سوسائٹی کی پچاس سے زائد تنظیموں اور سیاسی اور مزدور رہنماؤں نے شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب آئی اے رحمان نے کہا''پاکستان کی سول سوسائٹی حکومت کو کبھی بھی اس بات کی اجازت نہیں دے گی کہ وہ خصوصی اختیارات عطا کرنے والے قوانین کو تحدیدی قوانین میں تبدیل کرے۔''

ایچ آر سی پی کے سیکریٹری جنرل جن قوانین کا حوالہ دے رہے تھے وہ اجلاس منعقد کرنے اور معلومات کے حصول کے حق سے متعلق تھے۔مسٹر آئی اے رحمان نے اس بات پر زور دیا کہ حکومتی ضوابط کے ذریعے ان قوانین کی روح تبدیل نہیں کی جانی چاہئے۔

سول سوسائٹی کے کئی کارکنان نے اپنی تنظیموں کی کردار کشی اور انہیں نشانہ بنائے جانے اور انتہا پسندوں اور حکومتی ایجنسیوں کی جانب سے انسانی حقوق کے محافظین کو دھمکائے جانے پر اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔

انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ سول سوسائٹی کے کردار کو تسلیم کرے اوراس کی حوصلہ افزائی کرے۔انہوں نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ انہیں ایک سازگار ماحول فراہم کیا جائے تاکہ وہ عوام کی فلاح کا کام جاری رکھ سکیں اوران کے حقوق کا تحفظ کر سکیں۔

اجلاس میں سول سوسائٹی کی تنظیموں کی رجسٹریشن کے طریقہ کار اوران کی ہر سرگرمی کے لئے این او سی کے حصول کی شرط پر بھی تحفظات کا اظہار کیا گیا۔ان تنظیموں کے اراکین اس بات پر متفق تھے کہ یہ شرائط اجتماع اوراظہار رائے کی آزادی کے آئینی حق کی خلاف ورزی ہیں۔

شرکا کا یہ بھی کہنا تھا کہ ان کی تنظیموں نے آئین اور بین الاقوامی معاہدوں کی مطابقت میں قوم کی تعمیر میں ایک مثبت کردار ادا کیا ہے لیکن اس کے باوجود انہیں ہراساں کیا جا رہا ہے۔

اجلاس میں اس بات سے بھی اتفاق کیا گیا کہ مختلف ایجنسیوں کے اہلکار سول سوسائٹی کی تنظیموں کے غیر ضروری اور بلا اجازت دورے کر کے انہیں ہراساں کر رہے ہیں۔اراکین کا کہنا تھا کہ اگرچہ ایسی تمام تنظیمیں اوران کی سرگرمیاں قانونی ہیں تاہم اس کے باوجود رجسٹریشن کے غیر مناسب طریقہ کار اوراین او سی کی غیر ضروری شرط اور حتیٰ کہ بینک اکاؤنٹ کھلوانے میں رکاوٹیں پیدا کر کے ان کے لئے مسائل پیدا کئے جا رہے ہیں۔

اجلاس میں پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے سینیٹر فرحت اللہ بابر نے پاکستان سول سوسائٹی فورم (پی سی ایس ایف) کے چارٹر کی حمایت کی اور مطالبہ کیا کہ مسٹر طارق فاطمی نے وزیر اعظم کو این جی اوز سے متعلق جو رپورٹ پیش کی تھی اسے منظر عام پر لایا جائے۔

انہوں نے کہا''پارلیمنٹ کے تحت قومی کمیشن برائے انسانی حقوق قائم تو کیا گیا ہے لیکن اسے مکمل طور پر فعال کرنے کے لئے ابھی تک فنڈز فراہم نہیں کئے گئے''۔

عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے سابق سینیٹر افراسیاب خٹک نے قومی ایکشن پلان (نیپ) پر عمل درآمد نہ ہونے پر اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔

انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ''دہشت گردی کے خاتمے کے لئے پنجاب میں سنجیدگی سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ حکومت کا انتہا پسند گروہوں پر کوئی کنٹرول نہیں ہے اور یہ موجودہ صورتحال سے نمٹنے پر آمادہ نہیں''۔

قومی کمیشن برائے انسانی حقوق (این سی ایچ آر) کے چیئر پرسن (ریٹائرڈ) جسٹس علی نواز چوہان نے کہا کہ این ایچ سی آر پاکستان سول سوسائٹی فورم کی جانب سے اٹھائے گئے معاملات کو حل کر سکتا ہے لیکن ایسا اسی صورت میں ممکن ہے کہ اسے فعال کیا جائے۔

انہوں نے مزید کہا''ہم قائداعظم اور علامہ اقبال کے نظریے سے انحراف کر رہے ہیں۔اگر ہم جناح کے نظریے پر عمل کریں تو ہم دہشت گردی سے چھٹکارا حاصل کر سکتے ہیں۔''

انہوں نے کہا کہ مذہبی اور سیاسی پسند کے خلاف نفرت انگیز بیانات کی روک تھام کی جانی چاہئے۔

(انگریزی سے ترجمہ بشکریہ ڈان)

بنیادی حقوق سے محروم مزدور

حیدرآباد ہوم بیسڈ ورکرز کی فلاح و بہبود کے حوالے سے مرتب کردہ پالیسی کی سمری منظوری کے لیے گزشتہ دو سال سے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں موجود ہے جو تا حال منظور نہیں کی گئی جس کے باعث چوڑی کی صنعت سے وابستہ خواتین سمیت لاکھوں مزدور بنیادی حقوق سے محروم ہیں۔آل حیدرآباد چوڑی ویلڈنگ ورکرز یونین کے صدر ریحان یوسف زئی نے متنبہ کیا ہے کہ اگر حکومت سندھ نے ہوم بیسڈ ورکرز پالیسی فوری منظور نہ کی تو چوڑی ورکرز احتجاج کریں گے۔انہوں نے کہا کہ گھر مزدور پالیسی کی سمری 2014ء سے وزیر اعلیٰ کی میز پر رکھی ہے مگر نامعلوم وجوہ کی بنا پر پالیسی کی منظوری نہیں دی جا رہی۔انہوں نے کہا کہ یونین نے نئے سال کا کیلینڈر شائع کر کے حکومت کی توجہ اس جانب مبذول کرائی ہے اور چوڑی ورکرز کے مسائل اجاگر کئے ہیں۔انہوں نے حکومت سندھ سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر مجوزہ پالیسی کو منظور کر کے خواتین چوڑی ورکرز سمیت لاکھوں مزدوروں کو تحفظ فراہم کرے جبکہ سیاسی،سماجی اور مزدور رہنما بھی چوڑی ورکرز کے مسائل کے حل میں اپنا کردار ادا کریں۔

(نامہ نگار)

مغوی کو گولی مار کر چھوڑ دیا

تمپ 22 جنوری کو تین موٹر سائیکلوں پر سوار چھ مسلح افراد نے تمپ کے علاقے آسیاں آباد نخلستان سے تاج محمد کو اسلحہ کے زور پر اغواء کر لیا اور کچھ دیر کے بعد قریبی ندی میں فائرنگ کر کے اسے زخمی حالت میں چھوڑ دیا۔گولی اس کے پاؤں میں لگی جسے مقامی بی ایچ یو میں طبی امداد کے بعد مزید علاج کے لیے کراچی لے جایا گیا۔

(غنی پرواز)

کمسن طالبہ کے ساتھ دست درازی

ایبٹ آباد 19 فروری کی دوپہر لوہارگلی میں چار نوجوانوں نے نویں جماعت کی طالبہ مہوش سے اس وقت دست درازی کی جب وہ ساڑھے 12 بجے سکول سے واپس گھر جارہی تھی۔ طالبہ کو اس کی دیگر ہم جماعت طالبات نے ملزمان سے نجات دلائی تاہم طالبہ کا بایاں بازو زخمی ہوگیا۔ طالبہ کے والد نے تھانہ بکوٹ جاکر ایف آئی آر درج کروائی جس پر پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔ متاثرہ طالبہ نے طبی معائنہ بھی کروالیا ہے۔ جس کی رپورٹ اس اطلاع کے ارسال ہونے تک ابھی سامنے آنا باقی تھی۔ درج ایف آئی آر کے مطابق سکول سے چھٹی پر متاثرہ طالبہ دیگر طالبات کے ہمراہ گھر جارہی تھی کہ ملزمان نے اس کا راستہ روکا اور اس کے موبائیل نمبر کا تقاضا کیا جس سے انکار پر انہوں نے اسے لاتشدد کا نشانہ بنایا اور اس کا بازو مروڑا جس سے اسے شدید تکلیف کا سامنا کرنا پڑا۔ متاثرہ طالبہ کی چیخ وپکار اور دیگر طالبات کی مداخلت پر ملزمان اسے چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ پولیس نے ایک ملزم آفاق ولد خواص کو گرفتار کرکے مانسہرہ جیل منتقل کردیا ہے جبکہ دیگر تین ملزمان عاطف ولد طفیل، مجسم ولد حیات اور قادر ولد عنائت الرحمٰن کی گرفتاری تاحال عمل میں نہیں آسکی۔ ادھر بااثر ملزمان متاثرہ خاندان پر مقدمہ واپس لینے اور راضی نامہ کے لیے دباؤ ڈال رہے ہیں جبکہ مقدمہ میں مدعی فریق کی پیروی کرنے والے قانون دان سردار حسیب عباسی ایڈووکیٹ نے پولیس کی جانب سے درج دفعات پر اپنے شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے اور عدالت سے استدعا کی ہے کہ میڈیکل رپورٹ سامنے آنے کے بعد درج دفعات کی درستگی کرکے دیگر ملزمان کی گرفتاری بھی جلد از جلد ممکن بنائی جائے۔ کوارڈینیٹر ایچ آر سی پی کے ساتھ ایک ملاقات میں انہوں نے بتایا کہ بکوٹ ایک پرامن علاقہ ہے جہاں اس طرح کے واقعات کا کوئی وجود نہیں تھا مگر بعض قانون شکن اور بااثر افراد کے بگڑے ہوئے نونہال اس طرح کی مذموم حرکات سے علاقہ کی پرامن فضا کو خراب کررہے ہیں جنہیں کنٹرول کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے پولیس کی طرف سے نرم دفعات کے اندراج کو بھی مشکوک قرار دیتے ہوئے جانبداری اور ملزمان کی طرف جھکاؤ کا خدشہ ظاہر کیا۔

(نامہ نگار)

وکلاء کے قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ

ٹانک 9 فروری 2016 کو ٹانک بار کونسل کے وکلاء کا سینئر وکلاء کے قاتلوں کی گرفتاری کے لیے احتجاجی مظاہرہ۔ وکلاء نے عدالتوں کا بائیکاٹ کیا، بازوں پر سیاہ پٹیاں باندھے اور ضلعی انتظامیہ اور صوبائی حکومت کے خلاف نعروں پر مشتمل پلے کارڈ اور بینرز اٹھائے اور ٹانک کچہری سے پریس کلب تک ریلی نکالی۔ وکلاء کا کہنا تھا کہ گذشتہ سال 9 فروری 2015 کو ٹانک میں نامعلوم افراد نے مرکزی بازار میں ٹانک بار کونسل کے دو سینئر وکلاء یوسف برکی ایڈوکیٹ اور عبدالرحمان ایڈوکیٹ کو فائرنگ کرکے قتل کردیا تھا، مگر ایک سال گزرنے کے باوجود صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ وکلاء کے قاتلوں کی گرفتاری میں مکمل طور پر ناکام ہیں وکلاء نے احتجاجی مظاہرہ کیا احتجاجی مظاہرہ میں بار کونسل کے وکلاء، سول سوسائٹی اور عمائدین علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مظاہرین سے خطاب کے دوران بار کونسل کے صدر پیر عبدالغفار شاہ نے کہا کہ ٹانک میں دو سینئر وکلاء کو دن دیہاڑے بھرے بازار میں بے دردی سے قتل کیا گیا تھا لیکن ایک سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود وکلاء کے قاتلوں کو تاحال گرفتار نہیں کیا گیا اور نہ وکلاء کے ورثاء کو کوئی امدادی پیکج دیا گیا انھوں نے کہا کہ عوام کی جان ومال اور عزت کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے لیکن دن دیہاڑے وکلاء کا بازار میں قتل ضلعی انتظامیہ اور صوبائی حکومت کی نااہلی کا ثبوت ہے۔ انھوں نے کہا کہ وکلاء کے قاتلوں کو گرفتار نہ کیا گیا اور انکے ورثاء کو مالی امداد فراہم نہ کی گئی تو بار کونسل اور وکلاء عدالتوں کے بائیکاٹ سمیت مستقبل کے لائحہ عمل طے کرکے ملوث افراد کے گرفتاری تک احتجاجی

خواتین کے حقوق کے تحفظ پر زور

پاکپتن 12 فروری 2016ء کو ایچ آر سی پی کے ضلعی کور گروپ پاکپتن کے دفتر میں کور گروپ کا ماہانہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز کرتے ہوئے غلام نبی ڈھڈی نے کہا کہ 1982ء میں آج کے دن ضیاء الحق کے مارشل لاء کے دور میں خواتین کے خلاف بنائے گئے سیاہ قوانین کے خلاف پاکستان کی نڈر خواتین نے آواز اٹھائی تو ان پر لاٹھی چارج کیا گیا۔ ان کی لگاتار انتھک کوششوں سے خواتین کو کچھ حقوق ملے ہیں۔ ان کی اس جدوجہد کو سلام پیش کرنے کے لیے آج ہم لوگ اکٹھے ہوئے ہیں۔ ہم سب کو مل کر خواتین کی ترقی، بہتری اور خواتین پر ہونے والے تشدد کے خاتمے کے لیے کوشش کرنی چاہیے۔ کشور حسین نے کہا کہ ہم ان خواتین کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے خواتین کے حقوق کے لیے کوشش کی۔ ان خواتین نے مارشل لاء کے اس کٹھن دور میں خواتین کے حقوق کے لیے کام کیا تو ہم اب خواتین کے حقوق کے لیے کام کیوں نہیں کرسکتیں؟ جمیلہ اقبال نے کہا کہ آج کے اس دور میں بھی خواتین کو بے شمار مسائل درپیش ہیں۔ کہیں خواتین کو غیرت کے نام پر قتل کردیا جاتا ہے اور مزدور خواتین کو نہ تو مزدوری پوری ملتی ہے اور نہ ہی ان کو تعلیم اور صحت کی سہولتیں میسر ہیں۔ کہیں خواتین فرسودہ روایات کی بھینٹ چڑھ جاتی ہیں۔ شمائلہ کنول نے کہا کہ وہ خواتین ساڑھیوں اور شرٹس پر کڑھائی کا کام کرتی ہیں مگر انہیں اس کا پورا معاوضہ نہیں ملتا۔ امانت بی بی بھٹہ مزدور نے کہا کہ انہیں مزدوری نہیں ملتی۔ گورنمنٹ کا مقرر کردہ ریٹ فی ہزار اینٹ 970 روپے ہے مگر انہیں 600 روپے فی ہزار اینٹ کی مزدوری ملتی ہے۔ سوشل سکیورٹی کارڈز نہ ہونے کی وجہ سے وہ صحت کی سہولیات سے محروم ہیں۔ رابعہ طالب نے کہا کہ کھیت مزدور خواتین سارا دن کھیتوں میں کام کرتی ہیں مگر انہیں اس کی اجرت بہت کم ملتی ہے۔ گورنمنٹ کا مقرر کردہ ریٹ تیرہ ہزار روپے ماہانہ ہے مگر انہیں دوسو روپے یومیہ ملتے ہیں جو کہ چھ ہزار روپے ماہانہ بنتے ہیں۔ محترمہ یاسمین نے کہا کہ آپ سب لوگ ٹھیک کہہ رہے ہیں ہمیں ہمارے حقوق مل سکتے ہیں مگر اس کے لیے ہمیں سب کو مل کر کوشش کرنی ہوگی۔ جب عاصمہ جہانگیر اور حنا جیلانی جیسی خواتین مارشل لاء کے دور میں خواتین کے لیے کام کرسکتی ہیں تو ہم موجودہ صورتحال میں کیوں نہیں کرسکتیں؟ اس اجلاس میں کور گروپ کے ممبران وکلاء، صحافی اور سماجی کارکنان نے شرکت کی۔

(غلام نبی)

منتخب بلدیاتی نمائندوں کو اختیارات منتقل کئے جائیں

بنوں اختیارات کی منتقلی کے بارے میں سپریم کورٹ کے مشاہدات بلدیاتی نمائندوں کے امنگوں کے مطابق ہے، بلدیاتی انتخابات کا ایک سال مکمل ہونے کو ہے لیکن تاحال اختیارات، فنڈز اور مراعات فراہم نہیں کئے گئے ہیں ترقیاتی کاموں میں تاخیر پر بلدیاتی نمائندے اور عوام مایوسی کا شکار ہوگئے ہیں۔ حکومت کی غفلت کی وجہ سے 9 ماہ گزرنے کے باوجود منتخب بلدیاتی نمائندوں کو اختیارات، ترقیاتی فنڈز اور مراعات منتقل نہیں کئے گئے ہیں جس کی وجہ سے منتخب نمائندگان اور عوام مایوس ہوگئے ہیں کیونکہ سالوں سے درپیش مسائل و مشکلات جوں کے توں چلے آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب سپریم کورٹ نے ایک بار پھر صوبے کو اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی کے بارے میں ریمارکس دیئے ہیں جس کا وہ خیر مقدم کرتے ہیں۔ لہذا خیبر پختونخوا حکومت سپریم کورٹ کے حکم پر عمل درآمد کرتے ہوئے بلدیاتی نمائندوں کو اختیارات دیں تاکہ عوام کو درپیش مسائل و مشکلات فوری طور پر حل کئے جاسکیں۔ انہوں سپریم کورٹ سے مطالبہ کیا کہ وہ بلدیاتی نمائندوں کو ان کے حقوق دلانے کیلئے مزید اقدامات اُٹھائیں اور بلدیاتی نمائندوں میں پائی جانے والی مایوسی کا خاتمہ کریں۔

(نامہ نگار)

انتخابات کو جمہوری بنائیں

آئی۔اے۔رحمٰن

جمہوری سوچ رکھنے والے تمام شہری اس خبر کا خیر مقدم کریں گے کہ پارلیمنٹ کی ذیلی کمیٹی نے انتخابی اصلاحات سے متعلق اپنی سفارشات کو حتمی شکل دے دی ہے۔ انتخابی نظام میں اصلاحات کو زیادہ سے زیادہ جامع بنانے کے لئے جو کوششیں کی گئی ہیں ان کا بھی خیر مقدم کیا جانا چاہیے۔ آئین میں کچھ تبدیلیوں سے متعلق اس نوعیت کی کوئی کوشش شاید ایک طویل عرصے تک ممکن نہ ہو۔ اس لئے اس سے پہلے کہ اصلاحات سے متعلق سفارشات قانون سازی کے لئے پارلیمنٹ میں بھیجی جائیں، اس بات کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ موجودہ نظام کے تمام نقاد ترمیم شدہ انتخابی فریم ورک سے متفق ہوں۔

پارلیمانی کمیٹی اپنے کام کے بارے میں رسمی اور غیر رسمی طور پر جو معلومات جاری کر رہی ہے وہ اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ اس نے تفویض کردہ کام کو بخوبی انجام دیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ مختلف سیاسی جماعتوں، سول سوسائٹی کی تنظیموں اور باشعور شہریوں کی جانب سے اٹھائے گئے زیادہ تر معاملات کا جائزہ لیا ہے۔

ان معاملات میں الیکشن کمیشن آف پاکستان کے اراکین کی اہلیت کا معیار، قائم مقام الیکشن کمشنر کے انتخاب کا طریقہ کار، ریٹرننگ افسر سے لے کر اسسٹنٹ پریزائڈنگ افسر تک پولنگ کے عملے کا انتخاب، حلقہ بندیاں اور انتخابی فہرستوں میں تبدیلی، خواتین کے ووٹ دینے کے حق کا تحفظ، اور نتائج کے اعلان کا طریقہ کار شامل ہیں۔ اطلاعات کے مطابق اس بات کو یقینی بنانے کی خاص طور پر کوشش کی گئی ہے کہ الیکشن ٹریبونل انتخابات سے پہلے کی پٹیشنوں کی سماعت مختصر مدت میں مکمل کریں۔

ذیلی کمیٹی نے صرف ایسی سفارشات پیش کرنے کا اصول اپنایا جن پر اس کے اراکین میں اتفاق رائے پایا جاتا تھا۔ اس نے وہ تمام سفارشات جن پر اس کے اراکین میں اختلاف پایا جاتا تھا وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی سربراہی میں قائم پارلیمنٹ کی مرکزی کمیٹی کو بھیجنے کا فیصلہ کیا۔ مرکزی کمیٹی کے سپرد کئے گئے کام کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ضرورت ہے۔

اگر اس کام میں تاخیر کی گئی تو آئین اور متعلقہ قوانین اور طریق ہائے کار میں ترامیم کو حتمی شکل نہیں دی جا سکے گی۔ سینیٹر اسحاق ڈار کو اپنے اس بیان پر نظر ثانی کرنی چاہیئے جس میں انہوں نے کہا تھا کہ چونکہ عام انتخابات میں ابھی اڑھائی سال کا عرصہ باقی ہے اس لئے جلدی کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ تجربہ ظاہر کرتا ہے کہ تاخیر سے گریز کرنا ہی دانشمندی ہے کیونکہ آخری وقت میں کئے گئے فیصلے اکثر مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کر پاتے۔ اس کے علاوہ عوام کو پارلیمانی کمیٹی اور اس کی ذیلی کمیٹی کی جانب سے تیار کی جانے والی سفارشات پر بحث کے لئے مناسب وقت دیا جانا چاہیئے، باوجود اس کے کہ انہوں نے مستقل مزاجی سے اور وسیع النظری سے کام کیا ہو۔

انتخابی اصلاحات سے متعلق بحث کئی دہائیوں سے جاری ہے اور اس حوالے سے جس بات کی سب سے زیادہ شکایت کی جاتی رہی ہے وہ انتخابات کے دوران دھاندلی اور دیگر بے ضابطگیاں ہیں۔ اس لئے اس بات پر توجہ دینا ضروری ہے کہ انتخابات نہ صرف آزادانہ ہوں -- اس لحاظ سے کہ ہر ووٹر کو بغیر کسی دباؤ یا دھمکی یا غیر قانونی ترغیب کے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی آزادی ہو -- بلکہ وہ شفاف بھی ہوں -- اس لحاظ سے کہ نتائج مقررہ طریقہ کار کے تحت ڈالے گئے ووٹوں کی اصل گنتی کی عکاسی کرتے ہوں -- اور سب سے بڑھ کر یہ کہ وہ جمہوری ہونے چاہئیں۔

ذیلی کمیٹی نے صرف ایسی سفارشات پیش کرنے کا اصول اپنایا جن پر اس کے اراکین میں اتفاق رائے پایا جاتا تھا۔ اس نے وہ تمام سفارشات جن پر اس کے اراکین میں اختلاف پایا جاتا تھا وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی سربراہی میں قائم پارلیمنٹ کی مرکزی کمیٹی کو بھیجنے کا فیصلہ کیا۔ مرکزی کمیٹی کے سپرد کئے گئے کام کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ضرورت ہے۔

انتخابات کی شفافیت کو یقینی بنانا نسبتاً آسان ہے لیکن آزادانہ انتخاب کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے ایک طویل عرصے تک مل جل کر جدوجہد کرنا ہوگی کیونکہ ان رکاوٹیں ہمارے سماجی نظام میں پیوست ہو چکی ہیں۔ دیہی علاقوں میں لوگوں کی ایک بڑی تعداد ان جاگیرداروں کا حکم مانتی ہے جو اکثر خود امیدوار ہوتے ہیں۔ اقلیتی برادریوں سے تعلق رکھنے والے کسان اور کھیت مزدور تو یہ بھی نہیں جانتے کہ کسی کا انتخاب کرنیکی آزادی کا مطلب کیا ہے۔ خواتین ووٹروں کی ایک بڑی تعداد کو ووٹ ڈالنے سے روکا جاتا ہے اور جنہیں ووٹ ڈالنے کی اجازت دی جاتی ہے وہ خاندان کے بڑوں کے حکم کی نافرمانی کرنے کی جرأت نہیں کر سکتیں۔

اس کے علاوہ لسانی یا برادری کے رشتے ابھی اتنے کمزور نہیں ہوئے کہ عام لوگ اپنی پسند کے امیدواروں کے انتخاب کے وقت برادری کے دباؤ کی مزاحمت کر سکیں۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ لوگوں کو کسی کے لئے یا کسی کے خلاف ووٹ دینے پر مجبور کرنے کے لئے مذہب کے استعمال میں اضافہ ہوا ہے حالانکہ ایسی سرگرمیوں کو کافی عرصہ پہلے ضابطہ تعزیرات میں جرم قرار دیا جا چکا ہے۔

آخری بات یہ ہے کہ جب تک جاگیردارانہ نظام کی تمام باقیات کا خاتمہ نہیں کیا جاتا اور جب تک سیاسی مقاصد کے لئے مذہب کے استعمال کو روکا نہیں جاتا، ملک کے تمام حصوں میں آزادانہ انتخابات ممکن نہیں۔ ان مثالی تصورات کے حقیقت میں بدلنے کا انتظار کرنے کی بجائے مجرموں کے نشاندہی کر کے اور انہیں سخت سزا دیتے ہوئے قلیل المدتی تبدیلی کے لئے اقدامات کئے جانے چاہئیں۔

تاہم، جب تک منتخب عہدوں پر سے امراء کی اجارہ داری کا خاتمہ نہیں کیا جاتا اور جب تک ان عہدوں کی خواہش رکھنے والوں کو مساوی مواقع فراہم نہیں کئے جاتے اس وقت تک مناسب طور پر آزادانہ اور شفاف انتخابات بھی حقیقی نمائندوں کے انتخاب کو یقینی نہیں بنا سکتے۔ یہ خاص طور پر پارلیمانی کمیٹی کی سفارشات کی آزمائش کا وقت ہوگا۔

جب سے برصغیر میں انتخابات کا نظام متعارف کرایا گیا ہے قانون کی جانب سے مقرر کردہ حد سے زائد رقم کا استعمال ہدف تنقید بنا رہا ہے۔ ماضی میں یہ منتخب قانون سازوں کو نااہل قرار دیے جانے کی سب سے بڑی وجہ رہی ہے جبکہ بعد ازاں تعلیمی اسناد یا اثاثوں کے اظہار سے متعلق دھوکہ دہی کو بھی انتخابی بے ضابطگیوں میں شامل کر لیا گیا۔

گزشتہ عام انتخابات سے پہلے سپریم کورٹ نے انتخابی اخراجات کو باضابطہ بنانے کی کوشش تو کی لیکن ہماری قوانین اور ضوابط کو جھانسہ دینے کی مہارت نے اس کوشش کو ناکام بنا دیا۔ اب بس یہی امید کی جا سکتی ہے کہ پارلیمانی کمیٹی انتخابی اخراجات کی توثیق کے لئے ایک واضح اور قابل عمل نظام مقرر کرے گی، چاہے یہ اخراجات امیدواروں کی جانب سے کئے جائیں یا پھر ان کے حامیوں اور سیاسی سرپرستوں کی جانب سے۔

قلیل ذرائع رکھنے والے لوگوں کے لئے انتخابات میں حصہ لینا اسی صورت میں ممکن ہوگا جب انتخابی اخراجات کو معقول حد تک کم کیا جائے گا۔ جب تک ایسا نہیں ہو جاتا، وفاقی اور صوبائی مجالس قانون ساز میں غریب لوگوں اور خاص طور پر کسانوں اور مزدوروں کے لئے نشستیں مختص کی جانی چاہئیں۔ وہ ان نشستوں کے ان علماء اور پیشہ ور افراد سے زیادہ حق دار ہیں جنہیں اب مرکزی سیاسی جماعتوں میں نمایاں حیثیت حاصل ہے۔

انتخابات اس وقت تک بھی جمہوری تصور نہیں کئے جائیں گے جب تک تمام ووٹروں کو ایک ہی انتخابی فہرست میں شامل نہیں کیا جاتا۔ 2002ء میں مخلوط انتخابات کی بحالی کے بعد احمدیوں کا نام علیحدہ فہرست میں درج کرنے کا کوئی جواز نہیں۔ مشترکہ فہرست میں ان کی شمولیت کا ان کی مذہبی حیثیت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ اگر وہ مشترکہ انتخابی فہرست میں شامل کئے جانے کے بعد بھی انتخابات کا بائیکاٹ کرتے ہیں تو پھر انتخابات کو تسلیم نہ کرنے کی ذمہ داری ان پر عائد ہوگی جبکہ اس وقت ایک کھلم کھلا خلاف جمہوریت امتیازی سلوک کی ذمہ داری واضح طور پر ریاست پر عائد ہوتی ہے۔

(انگریزی سے ترجمہ بشکریہ ڈان)

خواجہ سراؤں کی جبری بے دخلی

مینگورہ پاکستان کے صوبے خیبر پختونخوا کے ضلع سوات کے شہر مینگورہ میں مقیم خواجہ سراؤں کو ان کے گھروں سے جبری طور پر نکالنے پر خواجہ سرا سراپا احتجاج ہیں۔ نکالے جانے والے ان خواجہ سراؤں کی تعداد 15 ہے جن پر غیر اخلاقی حرکات اور فحاشی پھیلانے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ مینگورہ شہر کے وسط میں قائم کرائے کی عمارت میں رہائش پذیر ان خواجہ سراؤں کا کہنا ہے کہ ان پر بے بنیاد الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان الزمات کی بنیاد پر ان کی جبری بیدخلی کے بعد اب ان کے پاس رہنے کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔ خواجہ سراؤں کے گرو نے بتایا کہ سوات میں خواجہ سراؤں کی تعداد 150 کے لگ بھگ ہے جو ٹولیوں کی شکل میں شہر کے مختلف علاقوں میں مقیم ہیں۔ بیدخل کیے جانے والے ایک خواجہ سرا میکسی نے بتایا کہ ایک طرف خاندان والے ہمیں قبول نہیں کر رہے تو دوسری جانب معاشرہ ہمیں رہنے نہیں دے رہا تو ہم جائیں تو کہاں جائیں؟ انھوں نے بتایا کہ اگر میں خواجہ سرا ہوں تو اس میں میرا کوئی قصور نہیں، مجھ سے خاندانی شناخت چھیننے اور ناچنے پر مجبور کرنے کا ذمہ دار معاشرہ ہے۔ سوات میں خواتین جرگے کی سربراہ مس تبسم عدنان نے بی بی سی کو بتایا کہ خواتین جرگہ زبردستی نکالے جانے والے خواجہ سراؤں کے ساتھ ہے اور وہ انتظامیہ اور علاقے کے منتخب ممبر صوبائی اسمبلی سے اس حوالے سے بات کریں گے۔ خیال رہے کہ سوات میں طالبان کی عملداری کے دوران سوات سے خواجہ سرا محفوظ علاقوں میں چلے گئے تھے تاہم امن کی بحالی کے بعد واپس سوات آ گئے ہیں۔ (نامہ نگار)

تحفظِ خواتین قانون کے تحت پہلا مقدمہ

لاہور پنجاب اسمبلی میں تحفظ خواتین بل منظور ہونے کے بعد گورنر کے دستخط سے قانون بنتے ہی لاہور میں پہلا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ لاہور کے تھانہ گرین ٹاؤن میں پولیس نے بسرا بی بی نامی خاتون کی شکایت پر مقدمہ درج کیا، جس میں دھمکیاں دینے اور تشدد سمیت دیگر دفعات شامل کی گئی ہیں۔ تھانے پہنچنے والی بسرا بی بی کا کہنا تھا کہ وہ ایک سال سے تھانے کے چکر لگا رہی ہیں، لیکن انھیں انصاف نہیں ملا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ قانون پاس ہونے کے بعد اس کے شوہر کو مبینہ مظالم پر گرفتار کر لیا جائے گا۔

(انگریزی سے ترجمہ، بشکریہ ڈان)

خیبر پختونخوا میں پولیو کے مزید 2 کیسز

پشاور خیبر پختونخوا میں پولیو کے مزید دو کیسز سامنے آ گئے جن کے بعد ملک بھر میں رواں سال ان کیسز کی تعداد پانچ ہو گئی۔ ڈان نیوز کی رپورٹ کے مطابق خیبر پختونخوا میں رپورٹ ہونے والے دو نئے کیسز میں سات ماہ کی نورین بی بی کا تعلق ہنگو جبکہ 21 ماہ کے جریر کا تعلق پشاور کے نواحی علاقے سے ہے۔ محکمہ صحت ذرائع کے مطابق دونوں بچوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوگئی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ 21 ماہ کے جریر کے والدین نے اسے پولیو کے قطرے پلانے سے انکار کیا تھا۔ سال 2016 میں خیبر پختونخوا میں پولیو سے متاثرہ کیس کی تعداد 3 جبکہ ملک میں 5 ہو گئی ہے۔ پولیو زندگی بھر مفلوج کر دینے والی ایک لاعلاج بیماری ہے تاہم ایک سادہ ویکسین کے ذریعے اس سے بچا جا سکتا ہے۔ 2011 تک پولیو صرف ہندوستان، پاکستان، افغانستان اور نائجیریا میں رہ گیا تھا جبکہ ہندوستان کو 2011 میں پولیو فری ملک قرار دیے جانے کے بعد 2014 میں نائجیریا میں بھی پولیو ختم ہو چکا ہے۔ دنیا بھر میں پاکستان اور افغانستان ہی واحد وہ دو ممالک ہیں جہاں یہ بیماری ابھی بھی پائی جاتی ہے۔

(نامہ نگار)

سہولیات کے بغیر سکول

جھنگ جھنگ سرگودھا روڈ پر واقع رسول پورہ یونین کونسل نمبر 74 میں 23 ستمبر 2004ء کو گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول کا قیام عمل میں لایا گیا۔ اس سکول کے لیے حکومت نے ایک کینال چار مرلہ زمین الاٹ کی لیکن اس کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی۔ بارہ برس گزرنے کے بعد آج بھی سکول نہ صرف چار دیواری اور بیت الخلاء کی سہولت سے محروم ہے بلکہ سکول میں کلاس اول سے لے کر کلاس پنجم تک پانچ کلاوں کے بچوں کی تعداد سو ہے جنہیں پڑھانے کے لیے 3 اساتذہ ہیں جبکہ سوکل میں صرف ایک جماعت ہے۔ گزشتہ مہینوں میں پڑنے والی سخت سردی میں یہاں تعلیم کو جاری رکھنا ممکن نہیں رہا۔ دوسری جانب طالبعلموں کی سیکیورٹی کا بھی کوئی بندوبست نہیں ہے۔

(قمر زیدی)

دو بہنیں غیرت کے نام پر قتل

ساہیوال پنجاب پولیس کو ضلع ساہیوال کے گاؤں نور شاہ میں بظاہر غیرت کے نام پر اپنی دو بہنوں کو قتل کرنے والے شخص کی تلاش ہے۔ محمد آصف نے 4، 5 سال قبل اپنی والدہ کو بھی قتل کیا تھا، تاہم بعد ازاں خاندان والوں کی جانب سے معاف کیے جانے پر اسے رہا کر دیا گیا تھا۔ ایک مقامی پولیس افسر اللہ دتہ بھٹی نے بتایا، 'محمد آصف نے گذشتہ رات اپنی دو بہنوں کو اس وجہ سے قتل کر دیا کیونکہ اسے ان کے کردار پر شبہ اور ان کے طرز زندگی سے اختلاف تھا۔' مذکورہ افسر کے مطابق ملزم کی بہنیں موقع پر ہی ہلاک ہو گئیں جبکہ آصف فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ اللہ دتہ بھٹی کے مطابق آصف نے 4، 5 سال قبل اپنی والدہ کو بھی قتل کیا تھا لیکن اس کے خاندان والوں نے اسے معاف کر دیا تھا۔ اس واقعے کی تصدیق مقامی پولیس اسٹیشن کے دیگر افسران کی جانب سے بھی کی گئی۔ اس سے قبل 29 فروری کو لاہور میں ایک شخص نے اپنی 18 سالہ بیٹی کو صرف اس وجہ سے قتل کر دیا تھا، کیونکہ وہ یہ بتانے سے قاصر رہی تھی کہ وہ 5 گھنٹوں سے کہاں تھی۔ یہ واقعہ ایک ایسے وقت میں پیش آیا ہے جب رواں ہفتے 29 فروری کو پاکستانی فلمساز شرمین عبید چنائے کو غیرت کے نام پر قتل کے حوالے سے تیار کردہ ڈاکیومینٹری 'اے گرل ان دی ریور: دی پرائس آف فورگیونس' پر آسکر ایوارڈ سے نوازا گیا۔ 'اے گرل ان دی ریور' شرمین عبید چنائے فلمز اور ہوم باکس آفس (ایچ بی او) کی مشترکہ پروڈکشن تھی جس میں ایک اٹھارہ سالہ لڑکی کی زندگی کا احوال بیان کیا گیا تھا جو غیرت کے نام پر قتل کی کوشش میں بچ جاتی ہے۔ ضابطہ فوجداری پاکستان میں 2005 میں کی گئی ترمیم کے مطابق اپنے خاندان کی خواتین کو قتل کرنے والے مردوں کو ان کے 'وارث' کی حیثیت سے خود کو معاف کرنے پر پابندی لگا دی گئی تھی۔ تاہم یہ جج کی صوابدید پر چھوڑ دیا گیا تھا کہ وہ رشتے داروں کی جانب سے معافی کے باوجود کسی ملزم کو قید کی سزا دے یا نہ دے، جسے ناقدین کی جانب سے تنقید کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ وزیراعظم نواز شریف نے بھی گزشتہ ہفتے پاکستان میں غیرت کے نام پر قتل جیسی 'برائی' کے خاتمے کے عزم کا اظہار کیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ اسلام میں غیرت کے نام پر قتل کی کوئی گنجائش نہیں ہے اور حکومت ایسے ظالمانہ اقدام کو روکنے کے لئے قانون سازی کر رہی ہے۔

(انگریزی سے ترجمہ، بشکریہ ڈان)

انتہا پسندی کی روک تھام اور رواداری کے فروغ کے لیے منعقدہ تربیتی ورکشاپس کی رپورٹس

پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق نے پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے بعض مقامات پر انتہا پسندی کے خاتمے اور انسانیت دوست اقدار کے فروغ کے کے لئے دو روزہ تربیتی ورکشاپس کا انعقاد کیا۔ ورکشاپس میں تربیت کاروں نے، انسانی حقوق کا فروغ، حقوق کی تحریک کو مستحکم کرنے کیلئے حکمت عملی کی تشکیل اور عوام تک رسائی حاصل کرنے میں سول سوسائٹی کا کردار، طرز فکر میں مثبت تبدیلی اور جمہوری روّیوں کے فروغ کیلئے تعلیمی اداروں اور نصاب میں انسانی حقوق کی تعلیم کی شمولیت کی اہمیت، انتہا پسندی کے انسداد/فروغ میں میڈیا کا کردار، انتہا پسندی کیا ہے، اس کی مختلف اقسام، ہماری زندگیوں پر اثرات اور روک تھام کے لیے لائحہ عمل جیسے موضوعات پر لیکچر دیئے۔ شرکاء کو دستاویزی فلمیں جن میں لوٹ جاتی ہے ادھر کو بھی نظر، ہم انسان، ضمیر کی عینک، جمہوریت زندہ باد، اور پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق کے قیام پر مشتمل دستاویزی فلمیں دکھائی گئیں جنھیں شرکاء نے بے حد پسند کیا۔ تربیتی ورکشاپس کے دوران گروپ ورک کے ذریعے ضلع و تحصیل کی سطح پر انسانی حقوق کی صورتحال کا جائزہ بھی لیا گیا جس میں شرکاء نے اپنی رائے کا اظہار کیا۔ ورکشاپس کی روداد ذیل میں بیان کی گئی ہے۔

جیوانی ضلع گوادر 19-20 دسمبر 2015ء

ورکشاپ کے اغراض ومقاصد

ابوبکر یونس

اس ورکشاپ کا بنیادی مقصد ملک کو درپیش انتہاء پسندی کی صورتحال کا جائزہ لینا ہے تا کہ اس اہم بنیادی مسئلے کا ممکنہ حل تلاش کیا جاسکے۔ پاکستان میں انتہاء پسندی کا مسئلہ سنگین ہوتا جا رہا ہے جو ملک کی بنیادوں کو دیمک کی طرح کھوکھلا کر رہی ہے۔ ہم اپنے ملک کا جائزہ لیں تو عدم رواداری اور عدم برداشت جیسے روّیوں کا ہر انسان سامنا کر رہا ہے۔ انتہاء پسند اپنا نظریہ ،اپنی سوچ اور اپنی مرضی کو عوام پر زبردستی تھوپنے کے لئے روزانہ کوئی نہ کوئی قدم اٹھاتے ہیں۔ انتہاء پسندی اس حد تک بڑھ چکی ہے کہ کوئی اس کے نتائج سے محفوظ نہیں۔ دوسری جانب انتہاء پسندی کی روک تھام اور اس کے اثرات سے عوام کو آگاہ رکھنے کے لئے کوئی قدم نہیں اٹھایا جا رہا۔ پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق ملک کے تمام اضلاع و تحصیلوں میں اس حوالے سے ورکشاپوں کا انعقاد کر رہا ہے۔ یہ ورکشاپ بھی اسی سلسلے کا تسلسل ہے۔ انتہاء پسندی کو ہم مذہب کے دائرے میں نہیں دیکھتے بلکہ اس کا تعلق زندگی کے مختلف شعبوں سے ہے۔ اس وقت ملک میں انتہاء پسندی کے بڑی تیزی سے پھیلنے کی وجہ سے انسانی حقوق کی پامالی میں بے حد اضافہ ہو رہا ہے۔ ایسی صورتحال میں ہمیں رواداری اور برداشت جیسے تصورات کو فروغ دینا ہوگا اور اس عمل کو سرانجام دینے کے لئے ہم آپ سب کو سننے اور اپنی معلومات آپ تک منتقل کرنے یہاں آئے ہیں اور آپ سب سے ہماری توقع ہے کہ آپ اور ہم سب ملکر اس

> انتہاء پسندی کو ہم مذہب کے دائرے میں نہیں دیکھتے بلکہ اس کا تعلق زندگی کے مختلف شعبوں سے ہے۔ اس وقت ملک میں انتہاء پسندی کے بڑی تیزی سے پھیلنے کی وجہ سے انسانی حقوق کی پامالی میں بے حد اضافہ ہو رہا ہے۔

کام کو آگے لے جائیں گے۔ پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق کی جانب سے ہم آپ سب سے یہ امید رکھتے ہیں کہ آپ تربیتی ورکشاپ کے دوران بحث ومباحثہ میں بھرپور حصہ لیں گے اور اس دوروزہ ورکشاپ میں آپ جو سیکھیں گے اسے اپنے گلی محلوں بلکہ ہر گھر میں پہنچانے کی کوشش کریں گے اور اس حوالے سے اپنے اپنے علاقوں میں کمیونٹی میٹنگوں کا انعقاد کر کے لوگوں کو انتہاء پسندی، ہمارے معاشرے پر اس کے اثرات اور اس کے روک تھام کے لئے کمیونٹی کے کردار کے بارے میں آگاہ کریں گے۔

انسانی حقوق کے فروغ، حقوق کی تحریک کو مستحکم کرنے کے لئے حکمت عملی کی تشکیل اور عوام تک رسائی حاصل کرنے میں سول سوسائٹی کا کردار

حفیظ بزدار

دنیا کے 190 کے قریب ممالک نے انسانی حقوق کی عالمی منشور پر دستخط کر رکھے ہیں اور یہ تمام ممالک اس عالمی منشور پر عملدرآمد کے پابند ہیں۔ پاکستان کے آئین میں بھی انسانی حقوق کی ضمانت فراہم کی گئی ہے جس میں مردوں، عورتوں، بچوں، چھوٹی اقوام سمیت تمام انسانوں کے حقوق کی فراہمی شامل ہے۔ موجودہ انسانی حقوق کے چارٹر میں معاشی، سیاسی، سماجی اور ثقافتی حقوق شامل ہیں۔ انسانی حقوق کی تحریک کا اگر ہم باریک بینی سے مشاہدہ کریں تو اس تحریک کے باقاعدہ آغاز کے شواہد یونان اور روم سے ملتے ہیں۔ وہاں سے جنم لینے والی یہ تحریک مختلف مراحل سے گزرتی ہوئی ایک عالمی منشور کی شکل میں آ کر رکی جس نے اس تحریک کو باقاعدہ شکل دی۔ دوسری جنگ عظیم میں تقریباً چھ کروڑ انسان مارے گئے۔ اس کے بعد دنیا بھر کی اقوام نے اکٹھے ہو کر انسانی حقوق کے متعلق ایک منشور تیار کیا۔ انسانی حقوق کے عالمی منشور میں زندہ رہنے کے حق کو ہر انسان کا بنیادی حق مانا گیا۔ جمہوری روّیوں کا انسانی حقوق کے فروغ میں اہم کردار ہوتا ہے۔ جمہوری روّیے ہم سے تقاضا کرتے ہیں کہ ہم ایک دوسرے کے مذہب کا احترام کریں۔ جب ہم جمہوریت کی آواز بلند کرتے ہیں تو سب سے پہلے خود کا جائزہ لیتے ہیں کہ کیا ہمارے گھروں، محلوں اور معاشرے میں جمہوریت ہے؟ اگر غور کیا جائے تو یہ حقیقت خود بخود ہمارے سامنے آئے گی کہ ہمارے اپنے اندر جمہوری روّیے نہیں ہیں اور ان اداروں کی بھی کمی ہے جو ہماری سوسائٹی میں جمہوری رویوں کے فروغ کے لئے کام کریں۔ آج سوشل میڈیا کا دور ہے دنیا گلوبل ولیج بن چکی ہے سوشل میڈیا کے ذریعے ہم مجموعی طور پر عوام بالخصوص نوجوانوں تک رسائی حاصل کر کے ان میں شعور کو اجاگر کر سکتے ہیں۔ ہماری سوچ کی بنیاد ہمارے خاندان سے شروع ہوتی ہے۔ ہم جس گھر میں پیدا ہوتے ہیں گھر اور گردونواح کے ماحول سے اثر لیتے ہیں۔ سول سوسائٹی کو اس اہم نقطے پر اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔ وکلاء، صحافی، ڈاکٹرز، این جی اوز سے تعلق رکھنے والے افراد کو انسانی حقوق کی تحریک کی تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے۔ اسی طرح انتہاء پسندانہ رویوں اور انتہاء پسندوں کے خلاف لوگوں میں شعور اجاگر کرنے کے لئے سول سوسائٹی کا اہم کردار ہے سول سوسائٹی کا کردار کسی بھی معاشرے میں انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے جس کے بغیر انسانی حقوق کا فروغ اور عوام تک رسائی ممکن نہیں۔

طرز فکر میں مثبت تبدیلی اور جمہوری رویوں کے فروغ کے لئے نصاب میں انسانی حقوق کی تعلیم کی شمولیت کی اہمیت

محمد یونس

جس موضوع پر مجھے بات کرنی ہے اس کو ہم تین حصوں

میں تقسیم کرتے ہیں: طرز فکر میں مثبت تبدیلی، جمہوری رویوں کے فروغ اور تعلیمی اداروں اور نصاب میں انسانی حقوق کی تعلیم کی اہمیت۔ جب ہم طرز فکر کی بات کرتے ہیں تو ہمیں یہ جاننا ہوگا کہ طرز فکر کیا ہے؟ اس میں مثبت تبدیلی کی کیا اہمیت ہے؟ سوچ حالات وواقعات سے جنم لیتی ہے۔ انسان جو کچھ اپنے آس پاس دیکھتا ہے اس سے انسان کے اندر سوچنے کی صلاحیت جنم لیتی ہے۔ انسان نے پہلی دفعہ پیالے کی تخلیق کی تو اس کے ذہن میں یہ خیال اس کے ہاتھ سے پانی پینے سے آیا۔ انسان کی سوچ کی بنیاد خاندان سے ہی شروع ہوتی ہے۔ جب انسان پیدا ہوتا ہے تو اپنے آس پاس کے عوامل کو آہستہ آہستہ اپنا لیتا ہے۔ انسان بنیادی طور پر سیکھنے کے عمل سے گزرتا ہے اور سیکھنے کا یہ عمل آخری سانس تک جاری رہتا ہے۔ سیکھنے کا عمل ماں کی گود سے شروع ہو کر سکول، کالج، یونیورسٹی سے ہوتا ہوا عام معاشرتی زندگی تک جاتا ہے۔ انسان کی درسگاہ ماں کی گود سے جب سکول کی جانب منتقل ہو جاتی ہے تو تعلیمی ادارے میں بچے کو جو بنیادی حقوق کے متعلق سکھانا چاہئے پاکستان میں وہ تعلیم انہیں نہیں دی جاتی۔ ملک میں تعلیمی نصاب کو ترتیب دینے والے اداروں کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ تعلیمی نصاب میں انسانی حقوق کے متعلق مضامین شامل کریں تا کہ ہمارے بچوں کو یہ علم حاصل ہو کہ جس طرح ہمارے حقوق دوسروں پر ہیں اسی طرح دوسروں کے حقوق بھی ہم پر واجب الادا ہیں۔ ہم ایک دوسرے کے حقوق خیال رکھتے ہوئے معاشرے میں ایک بہتر فرد کی حیثیت سے جی سکتے ہیں اور اسی طرح معاشرے سے انتہاء پسندی کے تدارک کے لئے اپنا مثبت کردار ادا کر سکیں گے۔ ہمارے معاشرے کا المیہ ہے کہ تعلیمی نصاب میں انسانی حقوق کے متعلق کسی قسم کی آگاہی شامل نہیں کی گئی۔ ہمارے بچوں کو انسانی حقوق کے متعلق تعلیم نہیں دی جاتی۔ انسانی حقوق کے متعلق لاعلمی بھی انتہاء پسندی کے فروغ میں ایک کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ تعلیمی نصاب کی تشکیل کرنے والے ادارے تعلیمی نصاب میں انسانی حقوق کے متعلق آگاہی کی ضرورت کو سامنے رکھتے ہوئے نصاب ترتیب دیں تا کہ کل یہ بچے جب معاشرے میں اپنی زندگی کا عملی آغاز کریں تو وہ معاشرے میں اپنا ایک بہتر کردار ادا کر سکیں۔ اگر ابتداء ہی سے تعلیمی نصاب میں انسانی حقوق کی تعلیم کی شمولیت ہوتی، بچوں کو انسانی حقوق کے متعلق پڑھایا جاتا تو آج پاکستان جس انتہاء پسندی کا شکار ہے یقینی طور پر ایسا نہیں ہوتا۔ حکومت اور تعلیمی نصاب تشکیل دینے والے اداروں کی یہ بنیادی ذمہ داری ہے کہ تعلیمی نصاب میں انسانی حقوق کی تعلیم کو لازمی جز کے طور پر شامل کریں تا کہ پرائمری سطح سے بچوں کو اپنے اور دوسروں کے حقوق کے متعلق جانکاری حاصل ہو اور یوں وہ معاشرے کے ذمہ دار افراد بن جائیں۔

انتہا پسندی کے انسداد / فروغ میں میڈیا کا کردار

امیر جان جمالدینی

سب سے پہلے ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ انتہاء پسندی کیا ہے؟ انتہاء پسندی بنیادی طور پر ایک سوچ کا نام ہے جو آہستہ آہستہ انسان کے اندر سرایت کرتی ہے۔ جب انسان کی یہ سوچ ہوتی ہے کہ میں اپنے نظریہ اور اپنی سوچ کو کسی طرح دوسروں پر

> ملک میں بے روزگاروں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے اور وہ بے روزگاری کی وجہ سے انتہا پسندوں کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ انتہاء پسندی کے فروغ میں سوشل میڈیا کا بھی بڑا کردار ہے۔ سوشل میڈیا انتہاء پسندوں کے لئے گیٹ وے بن گیا ہے۔ روزانہ ہزاروں پیغامات کی نشر و ترسیل سوشل میڈیا کے ذریعے کی جاتی ہے۔

مسلط کروں تو اسی سوچ اور نظریہ کو لیکر وہ انتہا تک جاتا ہے۔ اسی طرح ہمیں میڈیا کے متعلق جاننا ہوگا کہ میڈیا ہے کیا؟ ہر وہ ذریعہ جس سے خبر دوسروں تک منتقل ہو جائے وہ میڈیا کہلاتا ہے۔ جس دور سے ہم گزر رہے ہیں اس دور میں میڈیا کا بنیادی کردار ہے۔ آج میڈیا نے دنیا کو گلوبل ویلج میں تبدیل کر دیا ہے۔ دنیا کے ایک کنارے میں پیش آنے والے واقعہ کی خبر سیکنڈوں میں آخری کنارے تک پہنچ جاتی ہے۔ میڈیا کی دو قسمیں ہیں ایک الیکٹرانک اور دوسرا پرنٹ میڈیا۔ پرنٹ میڈیا میں اخبارات، رسائل، کتابیں وغیرہ آتی ہیں جبکہ الیکٹرانک میڈیا میں ٹی وی، ریڈیو، فلم اور سوشل میڈیا وغیرہ شامل ہیں۔ ہمارے میڈیا پر جہادی نظریات کی ترویج ہو رہی ہے اور لوگوں کے نظریات کا رخ انتہاء پسندی کی جانب کیا جا رہا ہے۔ ایک دوسرے سے بازی لیجانے کی کوشش میں عجیب وغریب پروگرام نشر کئے جاتے ہیں۔ جب انتہاء پسندوں نے مساجد، سکولوں، بازاروں اور عام لوگوں کو نشانہ بنانا شروع کیا تو جیسے ہی کوئی دہشت گردی کا واقعہ رونما ہوتا دوسری جانب ٹی وی چینل دہشت گردی کا شکار ہونے والے لوگوں کی لاشیں براہ راست دکھانا شروع کر دیتے جس کے ملکی و بین الاقوامی سطح پر منفی اثرات پیدا ہوئے۔ اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ میڈیا شدت پسندی کو فروغ دیکر عوام کو خوفزدہ اور بے حوصلہ کر رہا ہے۔ پرائیوٹ میڈیا کے غلبے نے جہاں معاشرے پر بہتر اثرات مرتب کئے وہیں مالکان کے کاروباری مفادات، ریٹنگ کی جنگ، اور ایک دوسرے سے بازی لے جانے کے عمل نے معاشرے پر انتہائی برے اثرات مرتب کئے۔ اس کے علاوہ جہاں شدت پسند کوئی کاروائی کرتے ہیں تو ہمارا میڈیا اسے براہ راست نشر کرتا ہے۔ جائے وقوع کی لائیو کوریج کی جاتی ہے جس سے انتہاء پسندوں کا پیغام پوری دنیا میں جارہا ہوتا ہے اور خوف کا ماحول پیدا کیا جاتا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ٹی وی اینکرز اپنے پروگراموں میں ایسے علماء، سیاست دانوں اور مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو مدعو کریں جو مثبت سوچ رکھتے ہوں۔ ہمارے ملک میں پیمرا جس کا بنیادی کردار گیٹ کیپر کا ہے اس کے حکام اپنا کردار ادا نہیں کر رہے۔

انتہا پسندی کیا ہے، اس کی مختلف اقسام، ہماری زندگیوں پر اثرات اور روک تھام کے لیے لائحہ عمل

عبدالواحد شاہوانی

پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق کا شکریہ کہ انہوں نے ہم سب کو اکٹھا کیا اور ایک دوسرے سے سیکھنے کا موقع فراہم کیا۔ آج اگر ہم اپنے ملک کا ایک تقابلی جائزہ لیں تو گلی گلی ہمیں انتہاء پسندی کے مناظر نظر آئیں گے جن میں سے کچھ کا ہم یہاں تذکرہ کرتے ہیں جن میں، سیاسی انتہاء پسندی، مذہبی انتہاء پسندی، ذاتی انتہاء پسندی، خاندانی انتہاء پسندی، گروہی انتہاء پسندی، سماجی انتہاء پسندی، قومی انتہاء پسندی اور بین الاقوامی انتہاء پسندی۔ ہم جس سماج میں رہتے ہیں یہاں لوگوں میں عدم رواداری کو فروغ دینے میں میڈیا بنیادی کردار ادا کر رہا ہے۔ میڈیا رائے عامہ پر فوری اثر انداز ہوتا ہے اور اگر ہم میڈیا کے کردار کا اس حوالے سے جائزہ لیں تو ہمیں یہ محسوس ہوگا کہ انتہاء پسند تنظیمیں اپنی رائے کو دوسروں تک پہنچانے کے لئے میڈیا کا سہارا لیتی ہیں۔ ریاست نوجوانوں کو روزگار دینے میں ناکام ہوگئی ہے۔ ملک میں بے روزگاروں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے اور وہ بے روزگاری کی وجہ سے انتہا پسندوں کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ انتہاء پسندی کے فروغ میں سوشل میڈیا کا بھی بڑا کردار ہے۔ سوشل میڈیا انتہاء پسندوں کے لئے گیٹ وے بن گیا ہے۔ روزانہ ہزاروں پیغامات کی نشر و ترسیل سوشل میڈیا کے ذریعے کی جاتی ہے۔ اس پر ریاست کی طرف سے کوئی پابندی نہیں جس کی وجہ سے انتہاء پسند اس کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہیں۔ انتہاء پسندی کے برے اثرات فوراً معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے لیتے ہیں۔ لوگوں میں رواداری ختم ہو جاتی

ہے۔ برداشت کا عمل ختم ہو جاتا ہے۔ جب کسی بھی معاشرے میں برداشت ورواداری ختم ہو جاتی ہے۔تو وہاں امن کا مسئلہ پیدا ہو جاتا ہے۔ جب معاشرے میں امن کا مسئلہ سنگین ہو جاتا ہےتو وہاں معاشی مسئلہ بھی سر اٹھانا شروع کر دیتا ہے۔ غربت میں اضافہ ہو جاتا ہے اور ردعمل میں انسانی حقوق بالخصوص خواتین کے حقوق کی پامالی شروع ہو جاتی ہے۔انتہاء پسندوں کے سامنے انسانی حقوق کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی ہے اور نہ ہی وہ انسانی حقوق کے فلسفے پر یقین رکھتے ہیں بلکہ ان کا ہدف ہمیشہ انسانی حقوق ہوتے ہیں۔

اورماڑہ ضلع گوادر 17-18 دسمبر 2015ء

انسانی حقوق کا فروغ، حقوق کی تحریک کو مستحکم کرنے کیلئے حکمت عملی کی تشکیل اور عوام تک رسائی حاصل کرنے میں سول سوسائٹی کا کردار

حفیظ بزدار

ہمارا موضوع بنیادی طور پر تین حصوں میں تقسیم ہے۔ انسانی حقوق کے فروغ، حقوق کی تحریک کو مستحکم کرنے کے لئے حکمت عملی کی تشکیل ،اور عوام تک رسائی حاصل کرنے میں سول سوسائٹی کا کردار۔ اگر ہم اپنے حقوق کے متعلق خود نہیں سوچیں گے تو یقیناً حکومت یا کوئی اور ادارہ ہماری طرف توجہ نہیں دے گا۔ انسانی حقوق میں انسانی بقا کا حق ،زندگی کا حق ، مذہبی آزادی ،اور سیاسی آزادی سمیت دیگر حقوق شامل ہیں ۔دوسری جنگ عظیم میں تقریباً چھ کروڑ انسان مارے گئے ۔ اس کے بعد دنیا بھر کی اقوام نے اکٹھے ہو کر انسانی حقوق کے متعلق ایک منشور تیار کیا۔ انسانی حقوق کے اس عالمی منشور میں زندہ رہنے کے حق کو ہر انسان کا بنیادی حق مانا گیا۔محصولات اور ٹیکسوں کی وصولی کے لئے خودکار نظام کی طرح انسانی حقوق کا نظام بھی خودکار ہونا چاہیے یعنی لگاتار اور مسلسل چلنے والا نظام جس میں تمام لوگوں کو یکساں اور ہر قسم کے حقوق حاصل ہونے چاہئیں۔ جمہوری روّیوں کا انسانی حقوق کے فروغ میں اہم کردار ہوتا ہے۔ جمہوری روّیے ہم سے تقاضا کرتے ہیں کہ ہم ایک دوسرے کے مذہب کا احترام کریں۔ جب ہم جمہوریت کی آواز بلند کرتے ہیں تو سب سے پہلے خود کا جائزہ لیتے ہیں کہ کیا ہمارے گھروں ،محلوں اور سوسائٹی میں جمہوریت ہے؟ اگر غور کیا جائے تو یہ حقیقت خود بخود ہمارے سامنے آئے گی کہ ہمارے اپنے اندر جمہوری روّیے نہیں ہیں اور ان اداروں کی بھی کمی ہے جو ہماری سوسائٹی میں جمہوری روّیوں کے فروغ کے لئے کام کرتے ہیں۔ آج سوشل میڈیا کا دور ہے دنیا گلوبل ویلیج بن چکی ہے ۔سوشل میڈیا کے ذریعے ہم مجموعی طور پر عوام بالخصوص نوجوانوں تک رسائی حاصل کر کے ان میں شعور اجاگر کر سکتے ہیں۔

انتہاپسندی کیا ہے ،اس کی مختلف اقسام ، ہماری زندگیوں پر اثرات اور روک تھام کے لیے لائحہ عمل

عبدالواحد شاہوانی

انتہاء پسندی کا لفظی معنی کسی نقطے ، مسئلے ، خیال یا کسی سوچ کو آخری حد تک پسند کرنا اور اپنی مرضی کے نتائج حاصل کرنے کے لئے تمام حدود کو پار کرنا ہے چاہے اس کے حصول کے لئے طاقت کا استعمال ہی کیوں نہ کرنا پڑے۔ اپنی خواہش اور اپنی رائے کو زبردستی دوسرے لوگوں پر مسلط کرنا۔ یہ تمام تعریفیں انتہاء پسندی کے زمرے میں آتی ہیں۔ ہمارے معاشرے میں انتہاء پسندی کی مختلف شکلیں ہوتی ہیں جن میں سے کچھ کا ہم یہاں تذکرہ کرتے ہیں جن میں سیاسی انتہاء پسندی ، مذہبی انتہاء پسندی ، ذاتی انتہاء پسندی ، خاندانی انتہاء پسندی ، گروہی انتہاء پسندی ، سماجی انتہاء پسندی ،قومی انتہاء پسندی اور بین الاقوامی انتہاء پسندی شامل ہیں۔ ہم جس سماج میں رہتے ہے یہاں لوگوں میں عدم رواداری کو فروغ دینے میں میڈیا بنیادی کردار ادا کر رہا ہے۔میڈیا رائے عامہ پر فوری اثر انداز ہوتا ہے اور اگر ہم میڈیا کے کردار کا اس حوالے سے جائزہ لیں تو ہمیں یہ محسوس ہو گا کہ انتہاء پسند تنظیمیں اپنی رائے کو دوسروں تک پہنچانے کے لئے میڈیا کا سہارا لیتی ہیں ۔ریاست نوجوانوں کو روزگار دینے میں ناکام ہوگئی ہے۔ ملک میں بے روزگاروں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے اور وہ بے روزگاری کی وجہ سے انتہاپسندوں کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ انتہاء پسندی کے فروغ میں سوشل میڈیا کا بھی ایک بڑا کردار ہے۔سوشل میڈیا انتہاء پسندی کے لئے گیٹ وے بن گیا ہے۔روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں پیغامات کی نشر و ترسیل سوشل میڈیا کے ذریعے کی جاتی ہے اس پر ریاست کی طرف سے کوئی پابندی نہیں جس کی وجہ سے انتہاء پسند اس کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہیں ۔انتہاء پسندی ایک ایسا عمل ہے جس کے برے اثرات معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے لیتے ہیں۔ لوگوں میں رواداری ختم ہو جاتی ہے اور برداشت کا مادہ کمزور ہو جاتا ہے۔ جب کسی بھی معاشرے میں برداشت ورواداری ختم ہو جاتی ہے تو وہاں امن کا مسئلہ پیدا ہو جاتا ہے۔ جس معاشرے میں امن کا مسئلہ سنگین ہو جاتا ہے تو وہاں معاشی مسئلہ بھی سر اٹھانا شروع کر دیتا ہے۔ غربت میں اضافہ ہو جاتا ہے اور ردعمل میں انسانی حقوق بالخصوص خواتین کے حقوق کی پامالی شروع ہو جاتی ہے۔ انتہاء پسندوں کے سامنے انسانی حقوق کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی اور نہ ہی وہ انسانی حقوق کے فلسفے پر یقین رکھتے ہیں۔ان کا ہدف ہمیشہ انسانی حقوق ہوتے ہیں۔

انتہاپسندی کے انسداد/فروغ میں میڈیا کا کردار

امیر جان جمالدینی

سب سے پہلے ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ انتہاء پسندی کیا ہے؟ انتہاء پسندی بنیادی طور پر ایک سوچ کا نام ہے جو آہستہ آہستہ انسان کے اندر سرایت کرتی ہے۔ انتہا پسند انسان کی یہ سوچ ہوتی ہے کہ وہ اپنے نظریہ، اپنی سوچ کو کسی طرح دوسروں پر مسلط کرے۔ اسی طرح ہمیں میڈیا کے متعلق جاننا ہو گا کہ میڈیا ہے کیا؟ ہر وہ ذریعہ جس سے خبر دوسروں تک منتقل ہو جائے وہ میڈیا کہلاتا ہے۔جس دور سے ہم گزر رہے ہیں اس دور میں میڈیا کا بنیادی کردار ہے۔آج میڈیا نے دنیا کو گلوبل ویلیج میں تبدیل کر دیا ہے۔دنیا کے ایک کنارے میں پیش آنے والے واقعہ کی خبر سیکنڈوں میں آخری کنارے تک پہنچ جاتی ہے۔میڈیا کی دو قسمیں ہیں: ایک الیکٹرانک اور دوسرا پرنٹ میڈیا ۔ پرنٹ میڈیا میں اخبارات ،رسائل ،کتابیں وغیرہ آتی ہیں جبکہ الیکٹرانک میڈیا میں ٹی وی ،ریڈیو ،فلم اور سوشل میڈیا وغیرہ شامل ہیں۔ ہمارے میڈیا پر جہادی نظریات کی ترویج ہو رہی ہے اور لوگوں کے نظریات کا رخ انتہاء پسندی کی جانب کیا جا رہا ہے۔ایک دوسرے سے بازی لے جانے کی کوشش میں عجیب وغریب پروگرام نشر کئے جاتے ہیں۔ جب انتہاء پسندوں نے مساجد، اسکولوں، بازاروں اور عام لوگوں کو نشانہ بنانا شروع کیا تو جیسے ہی کوئی دہشت گردی کا واقعہ رونما ہوتا تو ٹی وی چینل دہشت گردی کا شکار ہونے والے لوگوں کی لاشیں براہ راست دکھانا شروع کر دیتے جس کے ملکی و بین الاقوامی سطح پر منفی اثرات پیدا ہوئے۔اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ میڈیا شدت پسندی کو فروغ دے کر عوام کو خوفزدہ اور بے حوصلہ کر رہا ہے۔ پرائیوٹ میڈیا کے غلبے نے جہاں معاشرے پر بہتر اثرات مرتب کئے وہیں مالکان کے کاروباری مفادات ،ریٹنگ کی جنگ ،اور ایک دوسرے سے بازی لے جانے کے عمل نے معاشرے پر انتہائی برے اثرات مرتب کئے۔ اس کے علاوہ جہاں شدت پسند کوئی کاروائی کرتے ہیں تو ہمارا میڈیا اسے براہ راست نشر کرتا ہے۔جائے وقوعہ کی لائیو کوریج کی جاتی ہے جس سے انتہاء پسندوں کا پیغام پوری دنیا میں جا رہا ہوتا ہے اور خوف کا ماحول پیدا کیا جاتا ہے۔ضرورت اس بات کی ہے کہ ٹی وی اینکرز اپنے پروگراموں میں ایسے علماء ،سیاست دانوں اور مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو مدعو کریں جو مثبت

سوچ رکھتے ہوں۔ ہمارے ملک میں پیمرا کا بنیادی کردار گیٹ کیپر کا ہے مگر وہ اپنا کردار ادا نہیں کر رہا۔

طرز فکر میں مثبت تبدیلی اور جمہوری رویوں کے فروغ کے لئے نصاب میں انسانی حقوق کی تعلیم کی اہمیت

محمد یونس

انسان بنیادی طور پر سیکھنے کے عمل سے گزرتا ہے اور سیکھنے کا یہ عمل آخری سانس تک جاری رہتا ہے۔ سیکھنے کا عمل ماں کی گود سے شروع ہو کر سکول، کالج، یونیورسٹی سے ہوتا ہوا عام معاشرتی زندگی تک جاتا ہے۔ انسان کی درسگاہ ماں کی گود سے جب سکول کی جانب منتقل ہو جاتی ہے تو تعلیمی ادارے میں بچے کو جو بنیادی حقوق کے متعلق سکھانا چاہئے ہمارے ملک میں وہ تعلیم انہیں نہیں دی جاتی۔ ملک میں تعلیمی نصاب کو ترتیب دینے والے اداروں کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ تعلیمی نصاب میں انسانی حقوق کے متعلق مضامین شامل کریں تاکہ ہمارے بچوں کو یہ علم حاصل ہو کہ جس طرح ان کے حقوق دوسروں پر ہیں اسی طرح دوسروں کے حقوق بھی ان پر واجب الادا ہیں۔ ہم ایک دوسرے کے حقوق خیال رکھتے ہوئے معاشرے میں ایک بہتر فرد کی حیثیت سے جی سکتے ہیں اور اسی طرح معاشرے سے انتہاء پسندی کے تدارک کے لئے اپنا مثبت کردار ادا کرسکیں گے۔ ہمارے معاشرے کا المیہ ہے کہ تعلیمی نصاب میں انسانی حقوق کے متعلق کسی قسم کی آگاہی شامل نہیں کی گئی۔ اچھنبے کی بات ہے کہ ہمارے بچوں کو انسانی حقوق کے متعلق تعلیم نہیں دی جاتی۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ تعلیمی نصاب تشکیل دینے والے ادارے تعلیمی نصاب میں انسانی حقوق کے متعلق آگاہی کی ضرورت کو سامنے رکھتے ہوئے نصاب کو ترتیب دیں تاکہ کل یہ بچے جب معاشرے میں اپنی عملی زندگی کا آغاز کریں تو وہ معاشرے میں بہتر کردار ادا کرسکیں۔

نگر پارکر 09-08 دسمبر 2015

جمہوریت اور انسانی حقوق ،انسانی حقوق اور معاشی ترقی کے مابین تعلق

حفیظ بزدار

جمہوریت کا لفظ یونانی زبان سے نکلا ہے جس کا مطلب ہے "عوام کی حکومت"۔ جمہوریت ایک ایسے نظام حکومت کو کہتے ہیں جس میں عام آدمی یا عوام ریاست کے لیے جمہوری عمل کے ذریعے نمائندے منتخب کرتے ہیں۔ ابراہم لنکن نے جمہوریت کی تعریف ان الفاظ میں کی: عوام کی حکومت، عوام کے لیے حکومت اور عوام سے منتخب کردہ حکومت۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جمہوری حکومت میں سیاست دان اور افسر شاہی عوام کی خواہشات کے مطابق نظام حکومت چلاتے ہیں۔ ایسی حکومت کا بنیادی مقصد عوام کی فلاح و بہبود اور انہیں تمام تر بنیادی سہولیات کی فراہمی ہوتا ہے۔ ایسے نظام حکومت میں عوام الناس کی رائے ہی کو اوّلیت دی جاتی ہے۔ جمہوریت ایک ایسا نظام ہے جس میں مذہبی، اقتصادی اور سیاسی آزادی کی ضمانت دی جاتی ہے اور ہر انسان کے تمام تر بنیادی حقوق کا احترام کیا جاتا ہے۔ اسی لیے تو جمہوریت اور انسانی حقوق لازم و ملزوم ہیں۔ اگر کسی ریاست میں مکمل طور پر جمہوریت کا فروغ ہو تو وہاں آباد تمام انسانوں کو ان کے

انسان بنیادی طور پر سیکھنے کے عمل سے گزرتا ہے اور سیکھنے کا یہ عمل آخری سانس تک جاری رہتا ہے ۔ سیکھنے کا عمل ماں کی گود سے شروع ہو کر سکول، کالج ، یونیورسٹی سے ہوتا ہوا عام معاشرتی زندگی تک جاتا ہے۔ انسان کی درسگاہ ماں کی گود سے جب سکول کی جانب منتقل ہو جاتی ہے تو تعلیمی ادارے میں بچے کو جو بنیادی حقوق کے متعلق سکھانا چاہئے ہمارے ملک میں وہ تعلیم انہیں نہیں دی جاتی۔

حقوق میسر ہوں گے۔ جب کسی معاشرے میں انسانی حقوق کا فروغ ہو گا تو وہاں معاشی انقلاب برپا ہو گا اور معاشی ترقی کی رفتار تیز ہو گی۔ ہر انسان کو اپنا حق ملے تو معاشرہ پر امن رہے گا۔ عالمی برادری اور سرمایہ کار جمہوری ملک میں سرمایہ کاری کریں گے تو ملک میں خوشحالی آئے گی۔ جمہوری ممالک میں جہاں انسانی حقوق کے نکات پر کاربند رہا جاتا ہے وہاں معاشی ترقی کا نیا باب کھل جاتا ہے۔

حقوق کے فروغ، حقوق کی تحریک کو مستحکم کرنے کے لیے حکمت عملی کی تشکیل اور عوام تک رسائی حاصل کرنے میں سول سوسائٹی کا کردار

تیرت

حق ایک ایسا دعویٰ ہے جس کو پورا کرنے کی ذمہ داری دوسروں پر عائد ہوتی ہے کہ وہ ان کو پورا کریں اور احترام بھی کریں۔ حقوق کا احترام، تحفظ اور انہیں پورا کرنے کی ذمہ داری ریاست کے ساتھ ساتھ معاشرے پر بھی عائد ہے۔ مثلاً اخلاقی حق عام طور پر معاشرے کی قدروں پر قائم ہوتا ہے۔ ان حقوق کی حفاظت کے لیے کوئی بھی قوت موجود نہیں ہوتی بلکہ ان کے تحفظ کی ذمہ داری معاشرے کے تمام انسانوں پر ہوتی ہے۔ قانونی حق وہ ہے جو ریاست اپنے شہریوں کو دے۔ ریاست کی یہ ذمہ داری ہے کہ عام شہری قانونی حقوق کی فراہمی کے سلسلے میں کسی کی مداخلت سے محفوظ رہیں۔ قانونی حقوق میں جینے کا حق، شخصی تحفظ کا حق، مذہبی آزادی کا حق، تعلیم کا حق، خانگی زندگی کا حق، اظہار رائے کی آزادی کا حق، تنظیم سازی کا حق، شہری سہولتوں سے فائدہ اٹھانے کا حق، ملکیت رکھنے کا حق، روزگار کا حق، ووٹ دینے کا حق، سیاست میں حصہ لینے کا حق، سرکاری ملازمت کا حق، تنقید کا حق اور سیاسی جماعت بنانے کا حق شامل ہیں۔

جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کے بعد انسان کی معاشی اور سماجی آزادی کا عمل آہستہ آہستہ متعارف ہوا۔ روشن خیال انسان کو انفرادی حقوق کے ادراک نے ایک پلیٹ فارم مہیا کیا جس کے بعد لوگوں نے اپنی بھلائی اور خودمختاری حاصل کی۔ 1215ء میں عالمی منشور کے بعد انسانی حقوق کی تحریک مستحکم ہوئی۔ دنیا میں روشن خیالی کی تحریک پیدا ہوئی جس کا اصل مقصد انسان کی آزادی، انسان کو روایتی عقیدوں، جبر، تشدد سے آزادی دلانا تھی۔ پہلی جنگ کی تباہی کے بعد 1919ء میں دنیا کے سب ملکوں نے ایک ادارہ قائم کیا جو بعد میں اقوام متحدہ کے نام سے منظور ہوا جس کی وجہ سے دنیا کی عالمی تنظیمیں وجود میں آئیں۔ 1948ء میں انسانی حقوق کا عالمی منشور کا اجرا ہوا جس پر بہت سے ممالک نے اتفاق کیا۔ یہ دنیا کا پہلا منشور تھا جس میں ریاستی طاقت کو محدود رکھنے اور شہریوں کو تحفظ دینے پر زور دیا گیا تھا۔ ریاست کو پابند کیا گیا کہ وہ اپنے شہریوں کو معاشی، انسانی اور شہری حقوق دے اور ان کے بنیادی اور فطری حقوق تسلیم کرے۔

انتہا پسندی کیا ہے، اس کی مختلف اقسام اور ہماری زندگیوں پر اثرات اور اس کے لئے لائحہ عمل

قاضی خضر

انتہا پسندی کا لفظی معنی ہے حد سے گزر جانا۔ انتہا پسندی کئی شکلوں میں پائی جاتی ہے۔ ہمیں تھوڑا پیچھے دیکھنا ہو گا کہ یہ انتہا پسندی آئی کیسے اور ہماری زندگیوں پر اس کے اثرات کیسے پڑے ہیں۔ پاکستان میں اسٹیبلشمنٹ کی بالادستی کا آغاز جنرل ایوب خان کے وزیر دفاع بننے سے ہوتا ہے۔ پھر اس بالادستی نے ایسی شکل اختیار کی جس کا نتیجہ 1958ء کے مارشل لاء کی صورت میں نکلا۔ یہ پاکستان پر مسلط ہونے والی تاریک رات کی ابتدا تھی۔ پھر پے در پے مارشل لاء کے نتیجے میں پاکستان پر انتہا پسندوں کا غلبہ ہو گیا۔ وہ رجعت پسند جنہوں نے پاکستان اور قائداعظم محمد علی جناح کی مخالفت کی اور پاکستان کا قیام روکنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ اب ان رجعت پسندوں کا میڈیا سمیت پاکستان کے تمام اہم اداروں پر غلبہ ہے۔ اس طبقے کی

جمہوریت سے نفرت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ۔ان کا کہنا ہے کہ یہ جمہوریت ہی ہے جو گدھے گھوڑے کو ایک ہی قطار میں کھڑا کر دیتی ہے۔ان پڑھ اور پڑھے لکھے میں کوئی فرق نہیں کرتی ۔دونوں کے ووٹ کی طاقت ایک جیسی ہوتی ہے۔ پاکستان کے حکمران طبقے انتہا پسندوں کی مدد سے عوام کو حق حکمرانی دینے سے انکار کرتے رہے ہیں۔پاکستان کے حکمران طبقوں نے اپنی بقاء کو یقینی بنانے کے لیے انتہا پسند قوتوں کو جنم دیا اور پھر ان کی پرورش کی ۔یہ بالا دست طبقوں کی ایک ایسی عیارانہ چال ہے جس کو پاکستانی عوام بھی پوری طرح سمجھ نہیں سکے۔ان قوتوں نے فرقہ واریت کے نام پر لوگوں کو تقسیم کرکے پاکستانی عوام کی طاقت کو تقسیم کر دیا۔اب ہر فرقہ ایک دوسرے کا دشمن بن گیا ہے۔حکمران طبقوں کی اس وقت سب سے بڑی مددگار مذہبی انتہا پسند قوتیں ہیں۔ ان انتہا پسندی قوتوں نے آج پاکستانی عوام کو یرغمال بنایا ہوا ہے جو اس سے پہلے پاکستان کی تاریخ میں ایسا نہیں ہوا ۔ہمیں اس انتہا پسندی سے بچنے کے لئے لائحہ عمل سوچنا ہوگا۔ایک دوسرے کو برداشت کرنا ہوگا،تعلیم عام کرنی ہوگی اور ایک دوسرے کے مذہب کا احترام کرنا ہوگا۔

میڈیا کیا ہے ، اس کی اقسام ،بدلتے ہوئے رجحانات اور انتہا پسندی کے انسداد یا فروغ میں میڈیا کا کردار

حفیظ بزدار

میڈیا لفظ میڈیم سے نکلا ہے جس کا مطلب ہے راستہ۔ میڈیا کے آغاز میں شیر شاہ سوری کا بہت بڑا کردار رہا ہے۔اس نے تیز ترین ڈاک کا نظام متعارف کروایا جس میں ایک گھوڑ سوار کچھ سفر طے کر کے دوسرے گھوڑے سوار کو معلومات دے کر آگے بھیجتا تھا۔شیر شاہ سوری بادشاہ بننے سے پہلے سپاہی تھا اور وہ جانتا تھا کہ خبر کو جلد از جلد پہنچانا ایک بادشاہ کی طاقت ہوتی ہے۔آج کا میڈیا نجی کاروبار بن چکا ہے۔ میڈیا کے ڈھانچے میں خبر اور رپورٹنگ بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔انتہا پسندی کے فروغ میں میڈیا کا کردار اہم ہے۔ میڈیا ایک ریاست کی طرح کام کر رہا ہے ۔جب چاہے کسی کی سزا اور جزا کا فیصلہ سناتا ہے جس سے ملک کے حالات پر بڑا برا اثر پڑ رہا ہے۔ ٹیلی ویژن چینلز تربیت کی کمی کی وجہ سے گیٹ کیپر کے فرائض سے ناواقف ہیں۔ گیٹ کیپر کا فرض ایسی تمام اطلاعات کو روک لینا ہے جس سے معاشرے میں بدامنی پھیلے۔ ایک اچھے رپورٹر کیلئے ضروری ہے کہ وہ پیشہ ور صحافی ہو،صحافت کے اصولوں سے واقف ہو اور رپورٹنگ تحقیق کی بنیاد پر کرے۔

بیسویں صدی میں کئی گروہ اور تحریکیں انسانی حقوق کے نام پر معاشرتی تبدیلیاں لانے میں کامیاب ہوئیں۔ یورپ کے کچھ مما لک میں مزدور یونین کے کارکنوں کو ہڑتال کرنے کا حق حاصل ہوا،اوقات کار میں کمی کرانے میں کامیابی حاصل ہوئی اور بچوں سے محنت ومشقت کروانے پر قابو پایا گیا۔عورتوں کے حقوق کی تحریک کئی ملکوں میں عورتوں کو ووٹ ڈالنے کا حق دلانے میں کامیاب ہوئی۔انسانی حقوق کے حصول کی تحریک بہت قدیم ہے۔اس مسلسل جدوجہد کے نتیجے میں اقوام متحدہ کی طرف سے UDHR کی قرارداد منظوری ہوئی جس کو انسانی حقوق کا عالمی منشور کہتے ہیں جو 10 دسمبر 1948ء کو منظور ہوا۔

میرپور خاص 26,25 نومبر 2015

حقوق کے فروغ،حقوق کی تحریک کو مستحکم کرنے کے لیے حکمت عملی کی تشکیل اور عوام تک رسائی حاصل کرنے میں سول سوسائٹی کا کردار

عظیم رونجھاں

بیسویں صدی میں کئی گروہ اور تحریکیں انسانی حقوق کے نام پر معاشرتی تبدیلیاں لانے میں کامیاب ہوئیں۔ یورپ کے کچھ مما لک میں مزدور یونین کے کارکنوں کو ہڑتال کرنے کا حق حاصل ہوا،اوقات کار میں کمی کرانے میں کامیابی حاصل ہوئی اور بچوں سے محنت ومشقت کروانے پر قابو پایا گیا۔عورتوں کے حقوق کی تحریک کئی ملکوں میں عورتوں کو ووٹ ڈالنے کا حق دلانے میں کامیاب ہوئی۔انسانی حقوق کے حصول کی تحریک بہت قدیم ہے۔ اس مسلسل جدو جہد کے نتیجے میں اقوام متحدہ کی طرف سے UDHR کی قرارداد منظوری ہوئی جس کو انسانی حقوق کا عالمی منشور کہتے ہیں جو 10 دسمبر 1948ء کو منظور ہوا۔اس عالمی منشور میں برابری کا حق ،آزادی کا حق ،تشدد اور غیر انسانی سلوک سے بچاؤ کا حق ،زندگی کا حق اور آزادی رائے کا حق شامل ہیں۔وہ غیر سرکاری ادارے جو عوام کے مفاد اور عام شہریوں کے حقوق کے لئے کام کریں سول سوسائٹی کہلاتے ہیں۔سول سوسائٹی کے فرائض میں لوگوں میں شعور پیدا کرنا، آگاہی ومعلومات دینا،لوگوں کو منظّم کرنا،ضروری تربیت فراہم کرنا،لوگوں کے مسائل کے حل کے لیے ان کی مدد کرنا،نقصان دہ پالیسیوں اور قانون کی نشاندہی کرنا اور متعلقہ اداروں کی معاونت کرنا شامل ہے۔

جمہوریت اور انسانی حقوق ،انسانی حقوق اور معاشی ترقی کے مابین تعلق

شہزادہ ملک

جمہوریت اس نظام کو کہتے ہیں جس میں کسی ریاست کے عوام کی رائے سے حکومتیں بنتی ہیں اور دیگر ریاستی، سیاسی،معاشی اور معاشرتی اصول ترتیب دیئے جاتے ہیں اور عوام الناس کی رائے ہی کو اوّلیت دی جاتی ہے۔نظام حکومت کے طور پر جمہوریت کا ارتقاء ایک لمبے عرصے پر محیط ہے۔جمہوریت کا نہایت خفیف تصور آزاد، منصفانہ اور کھلے عام انتخابات پر مشتمل انتخابی جمہوریت پر زور دیتا ہے۔جمہوریت میں تمام ادارے اپنے مرتب شدہ دائرے میں کام کر کے ایک دوسرے کے کام میں مداخلت نہیں کرتے اور انصاف کے تقاضوں کو معاشرے میں پورا کر کے جمہوریت و انصاف کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔لیکن اگر سماجی،معاشی پسماندگی اور محرومیاں جڑ پکڑیں تو جمہوریت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچتا ہے۔اگر کسی ریاست میں مکمل طور پر جمہوریت کا فروغ ہو تو وہاں معاشی ترقی کی رفتار تیز ہوگی۔ ہر انسان کو اپنا حق ملے تو معاشرہ پر امن رہے گا۔ عالمی برادری اور سرمایہ کار جمہوری مما لک میں سرمایہ کاری کرینگے اور ملک میں خوش حالی آئیگی۔جمہوری مما لک میں جہاں انسانی حقوق کے نکات پر پابند رہا جاتا ہے وہاں معاشی ترقی کا نیا باب کھل جاتا ہے۔الغرض کہ جس ریاست یا معاشرے میں جمہوریت کا فروغ ہوگا وہاں آباد انسانوں کو ان کے حقوق میسر ہوں گے اور جب کسی معاشرے میں انسانی حقوق کا فروغ ہوگا تو وہاں معاشی انقلاب برپا ہوگا۔ ماہرین کا خیال ہے کہ اگر انسانوں کے آپس کے تعلقات اور باہمی سلوک کا ایک بہتر نظام نافذ ہو تو تمام مسائل پر قابو پانا ممکن ہوجائے گا۔انسانی معاشرے کے ارتقاء پر اگر نظر دوڑائی جائے تو انسانی معاشروں میں مختلف اوقات میں مختلف قسم کے نظام وقوانین کا نفاذ رہا ہے۔اور موجودہ دور جسے ہم ترقی یافتہ دور کہہ سکتے ہیں اس سے کچھ عرصہ قبل قبائلی نظام رائج تھا۔دنیا کی اقوام اس بات پر متفق نظر آتی ہیں کہ جمہوریت ہی ایک ایسا نظام ہے جس میں منصفانہ اقتصادی و سیاسی آزادی کی ضمانت دی جاسکتی ہے ۔یہ نظام انسانی مساوات پر صرف قانون کی حد تک نہیں بلکہ سیاسی عقائد کی تمام سطحوں پر اور عمل کی حد تک مبنی ہے جس میں ہر انسان کے بنیادی حقوق کے

احترام کی ضمانت دی جا سکتی ہے۔

انتہا پسندی کیا ہے، اس کی مختلف اقسام اور ہماری زندگیوں پر اثرات اور اس کے خاتمہ کے لئے لائحہ عمل

جمیلہ منگی

انتہا پسندی کے کئی اقسام ہیں جن میں مذہبی انتہا پسندی، سیاسی انتہا پسندی، سماجی انتہا پسندی اور ثقافتی انتہا پسندی شامل ہیں۔ انتہا پسندی کے ضمن میں دھماکے قتل و غارت اور ٹارگٹ کلنگ کی خبریں ہر روز اخبارات اور نیوز چینلز کی زینت بنتی ہیں۔ کوئی ایسا دن نہیں گزرتا جس روز ہمارے ملک میں بم دھماکہ ٹارگٹ کلنگ، ڈکیتی یا قتل و غارت کا کوئی نہ کوئی واقعہ رونما نہ ہو۔ ہر روز درجنوں بے گناہ لوگ ان واقعات کی نذر ہو جاتے ہیں۔ ان چند سالوں میں ملک کو کیا ہو گیا ہے؟ آج سے آٹھ دس سال پہلے تو حالات اس قدر نازک اور سنگین نہیں تھے کہ لوگوں کا اپنے گھروں اور مذہبی مقامات پر جانا بھی مشکل ہو جائے۔ کوئی بھی شخص چاہے وہ ایک ڈاکٹر ہو، انجینئر ہو، پروفیسر ہو، سرکاری ملازم ہو، ٹیچر ہو یا ایک غریب رکشا چلانے والا عام آدمی آج اس ملک میں انتہا پسندی سے محفوظ نہیں ہے۔ کیا آج تک کسی نے یہ جاننے کی کوشش کی ہے کہ یہ انتہا پسند کون ہیں؟ انہوں ظلم اور بربادی کا بازار گرم کیا ہوا ہے؟ ہمیں یہ پتہ ہونا چاہئے کہ انتہا پسندی کیا ہے اس کے پیچھے محرکات کیا ہیں؟ انتہا پسند تنظیمیں اتنی مضبوط ہو گئی ہیں کہ ایک ایٹمی ملک کی حکومت ان کے سامنے بے بس نظر آ رہی ہے۔ سوات، وزیرستان اور باجوڑ کے بے گھر ہونے والے افراد کی دادرسی نہیں کی جا رہی۔ ان کے سروں سے چھت، بدن سے کپڑے اور منہ سے نوالہ بھی چھینا گیا ہے۔ اس کے باوجود انتہا پسندوں نے اپنی کاروائیاں جاری رکھی ہوئی ہیں۔ اگر ہمیں انتہا پسندی سے چھٹکارا حاصل کرنا ہے تو ہمیں ان کے عوامل کو ختم کرنا ہوگا جن کی بدولت ایک عام آدمی باغی ہو کر دہشتگرد بن جاتا ہے۔

ہمیں اپنے رہنماؤں سے درخواست کرنی چاہئے کہ وہ سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر ملک کی ابتر حالت پر مل بیٹھ کر سنجیدگی سے غور کریں۔ ایسی پالیسیاں اپنائیں کہ کوئی بھی شخص غربت کی حد سے نیچے زندگی بسر کرنے پر مجبور نہ ہو۔ اگر ہمارے لوگوں کے پاس کھانے کے لئے روٹی، پہننے کے لئے کپڑے اور رہنے کے لئے چھت ہوگی تو انتہا پسندی کو ختم کیا جا سکتا ہے۔ ہمارا ملک اس وقت تک امن کا گہوارا نہیں بن سکتا جب تک ان عوامل کا خاتمہ نہ کیا جائے جن سے انتہا پسندی کو فروغ ملتا ہو۔ جب تک یہ عوامل ختم نہیں کئے جائیں گے تب تک ملک میں امن وامان نہیں آئے گا۔

ٹانک 07-08 نومبر 2015

ضلع کی سطح پر مسائل کا جائزہ:

نصرت اللہ داوڑ

فوجی آپریشن کے بعد یہاں کافی مسائل نے جنم لیا ہے۔ سب سے بڑا مسئلہ تعلیمی اداروں کا ہے جو کہ مسمار کئے گئے ہیں۔ ان کی دوبارہ تعمیر سے ہی یہاں کے بچے پھر پڑھنے لکھنے کے قابل ہونگے۔ دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ یہ علاقہ بہت سی بنیادی ضروریات سے محروم ہے جن میں صحت پہلے نمبر پر ہے۔ بچیوں کی تعلیم پر بھی توجہ نہیں دی جاتی۔ عورتوں کو عموماً گھر میں رکھنے کو ترجیح دی جاتی ہے اور ان کے حقوق پامال ہوتے ہیں۔ سڑکوں کا حال بھی کافی خراب ہے۔ سڑکوں کی مرمت پر توجہ نہیں دی جاتی۔ کوئی ایسا مرکز قائم نہیں ہوا جہاں پر بچوں کی دیکھ بھال ہو یا جو لوگ دہشت گردی یا انتہا پسندی سے متاثر ہوئے ہیں ان کی رہنمائی کی جائے۔

> کیا آج تک کسی نے یہ جاننے کی کوشش کی ہے کہ یہ انتہا پسند کون ہیں؟ انہوں ظلم اور بربادی کا بازار گرم کیا ہوا ہے؟ ہمیں یہ پتہ ہونا چاہئے کہ انتہا پسندی کیا ہے اس کے پیچھے محرکات کیا ہیں؟

انتہا پسندی و تعصب کے خاتمہ کے لیے سول سوسائٹی اور انسانی حقوق کے کارکنوں کا کردار

ندیم عباس

پاکستان اس وقت دہشتگردی اور انتہا پسندی کا شکار ہے۔ ہمیشہ یہی کہتے ہیں کہ یہ بیرونی سازش ہے لیکن کیا کبھی ہم نے یہ سوچا ہے کہ ہمارے ملک کی جو اندرونی حالت ہے اس کا کیا ہوگا یا اس کا ذمہ دار کون ہے؟ ہمارے معاشرے میں رہنے والوں کا جو روّیہ ہے اسے کیا کہا جا سکتا ہے؟ ہم سب میں جو عدم برداشت ہے اور تعصّبانہ رویہ ہے اس کو کیسے ختم جائے گا؟ یہ چند سوال ہیں جن کا جواب خود ہمارے پاس ہے لیکن ضرورت عزم و حوصلے کی ہے۔ اس سوچ کو بدلنا انتہائی مشکل کام ہے لیکن صحیح لائحہ عمل سے ان روّیوں کو تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ اس ضمن میں سول سوسائٹی کے کردار کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ سول سوسائٹی کے ادارے اگر فعال ہوں تو یہ کسی بھی معاشرے میں مثبت تبدیلی لا سکتے ہیں۔ بدقسمتی سے انتہا پسندی کافی حد تک ہمارے اداروں میں بھی پائی جاتی ہے یہاں تک کہ بعض اداروں میں یہ انتہا پسند کسی نہ کسی طرح سرائیت کر گئے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ اپنے مقاصد حاصل کرنے کے لیے انہی اداروں کا استعمال کرتے ہیں۔ اگر دیکھا جائے تو جو ہماری نوجوان نسل ہے وہ انتہائی حد تک انتہا پسندی کا شکار ہے۔ اس کے پیچھے کئی وجوہات ہیں۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ان وجوہات کو معلوم کر کے ان کا تدارک کیا جائے۔ اس کے علاوہ انسانی حقوق کے کارکن جہاں بھی ہیں ان کو بہتر طریقے سے لوگوں کی اصلاح کرنی چاہیے اور ان کے حقوق کے حوالے سے ان کو آگاہی دینی چاہیے۔ اگر ہم دیکھیں تو ہر انسان انسانی حقوق کا کارکن اور محافظ ہے۔ چونکہ ہم سب کے حقوق بھی یکساں ہوتے ہیں اور فرائض بھی اس لیے کسی اور کے حق کی جنگ لڑنا ایسا ہے جیسا کہ اپنے حق کی جنگ لڑنا۔ اگر انتہا پسندی کو روکنا ہے تو ایک ساتھ مثبت سوچ سے حالات کا مقابلہ کرنا ہے اور فرائض ٹھیک طریقے سے انجام دینے ہیں۔

طرز فکر میں مثبت تبدیلی اور جمہوری رویوں کے فروغ کے لیے، تعلیمی اداروں اور نصاب میں انسانی حقوق کی تعلیم کی شمولیت کی اہمیت

ڈاکٹر اخلاق احمد

طرز فکر سوچنے کے ایک انداز کو کہتے ہیں۔ اب سوچ مثبت بھی ہو سکتی ہے اور منفی بھی۔ مثبت سوچ مثبت چیزوں کو جبکہ منفی سوچ منفی چیزوں کو جنم دیتی ہے۔ انسان جب انفرادی طور پر سوچتا ہے تو وہ صرف اپنی ذات تک سوچتا ہے لیکن جب اسکی سوچ کا دھارا سب کی طرف ہو تو اس کا مطلب ہے کہ وہ اجتماعی اور معاشرے کی فلاح کی سوچ رکھتا ہے۔ اسی سوچ کا اثر ہوتا ہے کہ اس انسان میں جمہوری روّیہ پروان چڑھتا ہے اور وہ ایک مثبت سوچ لیکر آگے بڑھتا ہے۔ جمہوری روّیے تب ہی پروان چڑھتے ہیں جب کسی بھی معاشرے میں رہنے والے لوگوں کی سوچ معاشرے کی فلاح و بہبود کی طرف ہو۔ اگر کوئی ملک جمہوری نظام کا حامل ہے تو وہاں کے باشندے بھی جمہوری سوچ کے حامل ہونگے ورنہ وہاں کا نظام درہم برہم ہوگا۔ جہاں تک بات تعلیمی اداروں یا نصاب میں انسانی حقوق کی تعلیم کی شمولیت کی ہے تو بدقسمتی سے ہمارا تعلیمی نظام اس قدر پرانا ہے کہ جدت بمشکل آ سکتی ہے۔ شروع سے ایک ہی نظام ہے اور جب بھی تبدیل کرنے کا سوچا گیا سو مسئلے پیدا ہوئے۔ چلو پورا نظام نہیں بدل سکتے تو پرانے والے میں ہی کچھ تبدیلی کرو اور جو انسانی حقوق کی تعلیم ہے اس کا کوئی باب ہی نصاب میں شامل کر دو اس سے کچھ تو بہتری آئے گی۔ جب تک کسی معاشرے کے لوگوں کو ان کے حقوق کے متعلق آگاہی نہیں ہوگی وہ کسمپرسی اور انتشار کا شکار ہونگے۔ ہمارے معاشرے میں کتنا انتشار ہے لوگ ایک دوسرے کو برداشت نہیں کرتے اپنے فرائض سے منہ پھیرتے

ہیں اور حقوق کی پامالی ہوتی ہے۔ یہ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے کہ اس معاملے میں سنجیدگی سے کام لے اور نصابی کتب میں انسانی حقوق کی تعلیم کو شامل کرے۔

انتہا پسندی کے انسداد فروغ میں میڈیا کا کردار

محمد اسلم

انتہا پسندی ایک ایسے روّیے کا نام ہے جو کہ بعض دفعہ انفرادی اور بعض دفعہ اجتماعی طور پر کسی فرد یا گروہ کی شکل میں ابھرتی ہے اور اس کے نتائج انتہائی خطرناک ہوتے ہیں۔ اس کی کئی وجوہات ہوتی ہیں اور انتہا پسند اس انتہا پسندی کے فروغ اور اپنے فوائد یا عزائم حاصل کرنے کے لئے کسی بھی حد تک جاتے ہیں۔ بعض چینل انتہا پسند گروہوں کے پروپیگنڈے کو فروغ دے رہے ہیں۔ آج کل میڈیا پر پرُتشدد مناظر کھلم کھلا دکھائے جاتے ہیں جن سے لوگوں میں خوف و ہراس اور تذبذب پیدا ہوتا ہے۔ انہیں سمجھ نہیں آتی وہ کس کا یقین کریں اور کس کا نہیں۔ میڈیا چینلز کے قواعد وضوابط ہوتے ہوئے بھی وہ ان پر عمل درآمد نہیں کرتے اور جو جی میں آتا ہے دکھاتے اور کہتے ہیں۔ ریاست بھی اس معاملے میں کچھ کرنے سے قاصر ہوتی ہے۔ میڈیا اگر مثبت روّیہ اختیار کرے تو انتہا پسندی کو جڑ سے ختم کیا جاسکتا ہے، ایسی چیزیں دکھائی جانی چاہئیں جن سے لوگوں کا روّیہ تبدیل ہو اور ملک کو انتہا پسندانہ سوچ سے نجات مل سکے۔

انتہا پسندی کیا ہے؟ اسکی مختلف اقسام، ہماری زندگیوں پر اثرات اور روک تھام کے لئے لائحہ عمل

ڈاکٹر عظمت

کسی بھی مقصد کو حاصل کرنے کے لئے ایسا ذریعہ اپنانا جو کہ جذباتیت اور انتہا پر مبنی ہو اور اس سے عام لوگوں کو یا کسی ایک فرد کو نقصان پہنچے تو وہ روّیہ انتہا پسندی کے زُمرے میں آتا ہے۔ انتہا پسندی کی بہت سی اقسام ہیں اور کچھ براہ راست ہماری زندگی پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ بڑی اقسام جن میں آج کل پہلے نمبر پر مذہبی انتہا پسندی ہے اس کے علاوہ سیاسی اور معاشرتی انتہا پسندی ہے۔ یہ ایسی اقسام ہیں جو کہ براہ راست معاشرے کے لوگوں پر اثر کرتی ہیں۔ آج کل ایسے مذہبی گروہ ہیں جو کہ اپنے نظریات کو ترویج دینے میں لگے ہوئے ہیں اور سادہ لوح لوگوں کو گمراہ کرتے ہیں۔ یہ گروہ دوسرے لوگوں کے عقائد ونظریات کو غلط قرار دیتے ہیں۔ یہی انتہا پسندی آگے جا کر دہشت گردی کا سبب بنتی ہے اور لوگ ایک دوسرے کی جان کے دشمن بن جاتے ہیں۔ دیکھا جائے تو سیاسی لحاظ سے بھی ہمارا ملک انتہائی پسماندہ ہے۔ لوگوں کی ایک بڑی تعداد غیر سیاسی ہے اور ان میں سیاسی شعور کی کمی ہے۔ سیاسی پارٹیاں ہیں اسی چیز کا فائدہ اٹھا کر اپنے عزائم حاصل کرتی ہیں۔ ایک پارٹی دوسری پارٹی کے اوپر الزامات لگاتی ہے، لعن طعن کرتی ہے اور خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑتا ہے۔ پھر معاشرتی انتہا پسندی ہے جو کہ بہت عام ہے اور ہمارے روّیوں سے جھلکتی ہے۔ معاشرتی ناانصافی ہوتی ہے جسکی بنیاد پر بہت سے لوگوں کا رجحان انتہا پسندی کی طرف بڑھ جاتا ہے اور معاشرہ انتشار کا شکار ہو جاتا ہے۔ اسکی بنیادی وجہ حقوق کا نہ ملنا ہے۔ لوگ ایک دوسرے کے حقوق پامال کرتے ہیں اور اپنی بات منوانے کے لئے انتہائی حد تک جاتے ہیں۔ اس میں اب عملی ذمہ داری ریاست کی

کسی بھی مقصد کو حاصل کرنے کے لئے ایسا ذریعہ اپنانا جو کہ جذباتیت اور انتہا پر مبنی ہو اور اس سے عام لوگوں کو یا کسی ایک فرد کو نقصان پہنچے تو وہ روّیہ انتہا پسندی کے زُمرے میں آتا ہے۔ انتہا پسندی کی بہت سی اقسام ہیں اور کچھ براہ راست ہماری زندگی پر اثر انداز ہوتی ہیں۔

ہے کہ وہ لوگوں کو ان کا جائز حق دے اور ایسی اصلاحات کرے کہ عوام ایک پرامن معاشرے کو فروغ دیں۔ سب کو برابر کے حقوق اور انصاف ملے گا تو ایسی صورتحال پیدا نہیں ہوگی جو کہ انتہا پسندی کو جنم دے۔

لہڑی 7-6 نومبر 2015ء

انسانی حقوق کے فروغ، حقوق کی تحریک کو مستحکم کرنے کے لئے حکمت عملی کی تشکیل اور عوام تک رسائی حاصل کرنے میں سول سوسائٹی کا کردار

حفیظ بزدار

ہمارا موضوع بنیادی طور پر تین حصوں میں تقسیم ہے۔ انسانی حقوق کے فروغ، حقوق کی تحریک کو مستحکم کرنے کے لئے حکمت عملی کی تشکیل، اور عوام تک رسائی حاصل کرنے میں سول سوسائٹی کا کردار۔ اگر ہم اپنے حقوق کے متعلق خود نہیں سوچیں گے تو یقیناً حکومت یا کوئی اور ادارہ اس جانب توجہ نہیں دے گا۔ انسانی حقوق میں انسانی بقا کا حق، زندگی کا حق، مذہبی آزادی اور سیاسی آزادی سمیت دیگر حقوق شامل ہیں۔ انسان پیدائش سے لیکر موت تک سیکھنے کے مختلف مراحل سے گزرتا رہتا ہے۔ اگر یوں کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا کہ پوری زندگی سیکھنے کا عمل ہے۔ اگر کوئی ادھیڑ عمر کا شخص یہ کہتا ہے کہ انہوں نے سب کچھ سیکھ لیا ہے تو یہ اس کی غلط فہمی ہوگی۔ ہم اپنے معاشرے سے سیکھتے ہیں، سماج سے سیکھتے ہیں اور روزمرہ کی زندگی سے سیکھتے ہیں۔ اگر سیکھنے کے عمل کا ہم بغور جائزہ لیں تو خیال کا ایک نقشہ ہمارے سامنے آئے گا۔ خیال بنیادی طور پر عمل کا ایک حصہ ہے۔ پہلے خیال بنتا ہے اس کے بعد اس پر عمل کیا جاتا ہے۔ دوسری جنگ عظیم میں تقریباً چھ کروڑ انسان مارے گئے اس کے بعد بین الاقوامی طاقتوں نے اکٹھے ہوکر انسانی حقوق کے متعلق ایک منشور تیار کیا۔ انسانی حقوق کے عالمی منشور میں زندہ رہنے کے حق کو ہر انسان کا بنیادی حق مانا گیا۔ انسانی حقوق کا نظام خودکار ہونا چاہیے یعنی لگاتار اور مسلسل چلنے والا نظام جس میں تمام لوگوں کو یکساں ہر قسم کے حقوق حاصل ہونے چاہئیں۔ جمہوری رویوں کا انسانی حقوق کے فروغ میں اہم کردار ہوتا ہے۔ جمہوری روّیے ہم سے تقاضا کرتے ہیں کہ ہم ایک دوسرے کے مذہب کا احترام کریں۔ جب ہم جمہوریت کی آواز بلند کرتے ہیں تو سب سے پہلے خود کا جائزہ لیتے ہیں کہ کیا ہمارے گھروں، محلوں اور سوسائٹی میں جمہوریت ہے؟ اگر خود کے کردار کو پرکھا جائے تو یہ حقیقت ہمارے سامنے آئے گی کہ ہمارے اپنے اندر جمہوری روّیے نہیں ہیں اور ان اداروں کی بھی کمی ہے جو ہماری سوسائٹی میں جمہوری رویوں کے فروغ کے لئے کام کرتے ہیں۔ آج سوشل میڈیا کا دور ہے دنیا گلوبل ویلج بن چکی ہے۔ سوشل میڈیا کے ذریعے ہم مجموعی طور پر عوام بالخصوص نوجوانوں تک رسائی حاصل کرکے ان میں شعور کو اجاگر کرسکتے ہیں۔ ہمیں اپنے حقوق کے ساتھ ساتھ دوسروں کے حقوق کا علم بھی ہونا چاہئے اور ان کے حقوق کا احترام بھی کرنا چاہئے۔

انتہاء پسندی کی انسداد اور فروغ میں میڈیا کا کردار

امیر جان جمالدینی

سب سے پہلے ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ انتہاء پسندی کیا ہے؟ انتہاء پسندی بنیادی طور پر ایک سوچ کا نام ہے جو آہستہ آہستہ انسان کے اندر سرایت کرتی ہے۔ انتہا پسند انسان کی یہ سوچ ہوتی ہے کہ وہ اپنے نظریہ، اپنی سوچ کو کسی طرح دوسروں پر مسلط کرے۔ اسی طرح ہمیں میڈیا کے متعلق جاننا ہوگا کہ میڈیا ہے کیا؟ ہر وہ ذریعہ جس سے خبر دوسروں تک منتقل ہو جائے وہ میڈیا کہلاتا ہے۔ جس دور سے ہم گزر رہے ہیں اس دور میں میڈیا کا بنیادی کردار ہے۔ آج میڈیا نے دنیا کو گلوبل ویلج میں تبدیل کر دیا ہے۔ دنیا کے ایک کنارے میں پیش آنے والے واقعہ کی خبر سیکنڈوں میں آخری کنارے تک پہنچ جاتی ہے۔ میڈیا کی دو قسمیں ہیں: ایک الیکٹرانک اور دوسرا پرنٹ میڈیا۔ پرنٹ میڈیا میں اخبارات، رسائل، کتابیں وغیرہ آتی ہیں جبکہ الیکٹرانک میڈیا میں ٹی وی، ریڈیو فلم اور سوشل میڈیا وغیرہ شامل ہیں۔ ہمارے میڈیا پر جہادی

نظریات کی ترویج ہو رہی ہے اور لوگوں کے نظریات کا رخ انتہاء پسندی کی جانب کیا جارہا ہے۔ایک دوسرے سے بازی لیجانے کی کوشش میں عجیب وغریب پروگرام نشر کئے جاتے ہیں ۔ جب انتہاء پسندوں نے مساجد،اسکولوں، بازاروں اور عام لوگوں کونشانہ بنانا شروع کیا تو جیسے ہی کوئی دہشت گردی کا واقعہ رونما ہوتا تو ٹی وی چینل دہشت گردی کا شکار ہونے والے لوگوں کی لاشیں براہ راست دکھانا شروع کر دیتے جس کے ملکی و بین الاقوامی سطح پر منفی اثرات پیدا ہوئے۔اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ میڈیا شدت پسندی کو فروغ دیکر عوام کو خوفزدہ اور بے حوصلہ کر رہا ہے۔ پرائیوٹ میڈیا کے غلبے نے جہاں معاشرے پر بہتر اثرات مرتب کئے وہیں مالکان کے کاروباری مفادات ،ریٹنگ کی جنگ ،اور ایک دوسرے سے بازی لے جانے کے عمل نے معاشرے پر انتہائی برے اثرات مرتب کئے۔ اس کے علاوہ جہاں شدت پسند کوئی کاروائی کرتے ہیں تو ہمارا میڈیا اسے براہ راست نشر کرتا ہے۔جائے وقوعہ کی لائیو کوریج کی جاتی ہے جس سے انتہاء پسندوں کا پیغام پوری دنیا میں جارہا ہوتا ہے اور خوف کا ماحول پیدا کیا جاتا ہے۔ضرورت اس بات کی ہے کہ ٹی وی اینکرز اپنے پروگراموں میں ایسے علماء ،سیاست دانوں اور مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو مدعو کریں جو مثبت سوچ رکھتے ہوں۔ ہمارے ملک میں پیمرا کا بنیادی کردار گیٹ کیپر کا ہے مگر وہ اپنا کردار ادا نہیں کر رہا۔

انتہاپسندی کیا ہے ،اس کی مختلف اقسام ، ہماری زندگیوں پر اثرات اور روک تھام کے لیے لائحہ عمل

محمد رفیق کھوسہ

آج اگر ہم اپنے ملک کا ایک تقابلی جائزہ لیں تو گلی گلی ہمیں انتہاء پسندی کے مناظر نظر آئیں گے جن میں سے کچھ کا ہم یہاں تذکرہ کرتے ہیں جن میں ،سیاسی انتہاء پسندی ،مذہبی انتہاء پسندی، ذاتی انتہاء پسندی، خاندانی انتہاء پسندی، گروہی انتہاء پسندی ، سماجی انتہاء پسندی ،قومی انتہاء پسندی اور بین الاقوامی انتہاء پسندی۔ ہم جس سماج میں رہتے ہیں یہاں لوگوں میں عدم رواداری کو فروغ دینے میں میڈیا بنیادی کردار ادا کر رہا ہے ۔میڈیا رائے عامہ پر فوری اثر انداز ہوتا ہے اور اگر ہم میڈیا کے کردار کا اس حوالے سے جائزہ لیں تو ہمیں یہ محسوس ہوگا کہ انتہاء پسند تنظیمیں اپنی رائے کو دوسروں تک پہنچانے کے لئے میڈیا کا سہارا لیتی ہیں ۔ریاست نوجوانوں کو روزگار دینے میں ناکام ہوگئی ہے۔ ملک میں بے روزگاروں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے اور وہ بے روزگاری کی وجہ سے انتہا پسندوں کی طرف مائل ہو جاتے ہیں ۔اس کے علاوہ انتہاء پسندی کے فروغ میں سوشل میڈیا کا بھی بڑا کردار ہے۔سوشل میڈیا انتہاء پسندوں کے لئے گیٹ وے بن گیا ہے۔ روزانہ ہزاروں پیغامات کی نشر و ترسیل سوشل میڈیا کے ذریعے کی جاتی ہے۔اس پر ریاست کی طرف سے کوئی پابندی نہیں جس کی وجہ سے انتہاء پسند اس کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہیں ۔انتہاء پسندی کے برے اثرات فوراً معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے لیتے ہیں ۔لوگوں میں رواداری ختم ہو جاتی ہے۔ برداشت کا عمل ختم ہو جاتا ہے۔ جب کسی بھی معاشرے میں برداشت ورواداری ختم ہو جاتی ہے۔تو وہاں امن کا مسئلہ پیدا ہو جاتا ہے۔ جب معاشرے میں امن کا مسئلہ سنگین ہو جاتا ہے تو وہاں معاشی مسئلہ بھی سر اٹھانا شروع کر دیتا ہے۔ غربت میں اضافہ ہو جاتا ہے اور ردعمل میں انسانی حقوق بالخصوص خواتین کے حقوق کی پامالی شروع ہو جاتی ہے۔انتہاء پسندوں کے سامنے انسانی حقوق کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی ہے اور نہ ہی وہ انسانی حقوق کے فلسفے پر یقین رکھتے ہیں بلکہ ان کا ہدف ہمیشہ انسانی حقوق ہوتے ہیں۔

جب زندگی اور مذہب کے درمیان رشتہ کٹ جاتا ہے تو زندگی کسی نہ کسی سمت میں جاری رہتی ہے لیکن مذہب ایسی بے جان شے بن جاتا ہے جسمیں نہ لچک اور نہ ترقی کی صلاحیت باقی رہتی ہے اور یہ مسجدوں اور خانقاہوں کی حدود میں سمٹ کر رہ جاتا ہے۔اسلام کیساتھ بھی کچھ ایسا ہی ہوا ہے جبکہ انسانیت نے سائنس اور فلسفے میں زبردست ترقی کر لی ہے۔

طرز فکر میں مثبت تبدیلی اور جمہوری رویوں کے فروغ کے لئے تعلیمی اداروں اور نصاب میں انسانی حقوق کی تعلیم کی شمولیت کی اہمیت

فرید احمد شاہوانی

انسان کی ابتدائی تربیت اس کی ماں سے ہوتی ہے اور دوسری تربیت اس کے اپنے گھر کے ماحول سے اور پھر جا کر وہ معاشرے سے کچھ سیکھتا ہے۔ یوں چلتے چلتے اسکول، کالج اور یونیورسٹی تک انسان جو سیکھتا ہے ان تمام کا اثر اس کے روّیہ اور کردار میں نظر آتا ہے۔ باریک بینی سے جائزہ لیا جائے تو انسان میں موجود مثبت سوچ کو نصاب ابھار کر سامنے لاتا ہے۔مگر ہمارے نصاب میں وہ بنیادی خصوصیات نظر نہیں آتیں جو کسی بھی فرد کو باکردار شہری اور اچھا انسان بنانے کے لئے ضروری ہوتی ہیں۔ اس وقت ہم مجموعی طور پر ایک ایسے معاشرے میں زندگی بسر کر رہے ہیں جس میں انتہا پسندی واضح نظر آتی ہے۔اگر ہم تعلیمی نصاب کا جائزہ لیں تو بدقسمتی سے ہمارے نصاب مکمل طور پر قصے کہانیوں سے بھرے پڑے ہیں۔ انسانی حقوق کی تعلیم کو اگر نصاب کا حصہ بنایا جائے تو ہر انسان کو بچپن ہی سے اپنے اور دوسرے انسانوں کے بنیادی حقوق کے متعلق نہ صرف آگاہی حاصل ہوگی بلکہ انہیں انسانی حقوق کا خیال رکھنے میں بھی مدد ملے گی۔ تعلیمی ادارں خصوصاً پرائمری اور مڈل کے تعلیمی نصاب کو ترتیب دینے والے اداروں کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ تعلیمی نصاب میں انسانی حقوق کے متعلق مضامین کی شمولیت کو اوّلیت دیں جس سے بچے بچپن ہی سے انسانی حقوق اور اپنے فرائض کے متعلق آگاہ ہونگے اور بعد ازاں وہ معاشرے سے انتہاء پسندی کے تدارک کے لئے اپنا مثبت کردار ادا کر سکیں گے۔ ہمارے معاشرے کا یہ المیہ ہے کہ تعلیمی نصاب میں انسانی حقوق کے متعلق کسی قسم کی آگاہی شامل نہیں کی گئی۔ یہ عجیب بات ہے کہ ہمارے بچوں کو انسانی حقوق کے متعلق تعلیم نہیں دی جاتی۔ضرورت اس بات کی ہے کہ تعلیمی نصاب کو ترتیب دینے والے ادارے تعلیمی نصاب میں انسانی حقوق کے متعلق آگاہی کی ضرورت کو سامنے رکھتے ہوئے نصاب کی ترتیب بنائیں تاکہ ہمارے بچوں کو بچپن میں ہی ان کے حقوق اور ایک دوسرے کے احترام کی ترغیب حاصل ہو تاکہ تعلیم سے فراغت کے بعد وہ ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ انسان بننے کے ساتھ ساتھ انسانی حقوق کا خیال رکھنے والے انسان بھی بن جائیں۔

سرگودھا 04-05 نومبر 2015ء

تعارف شرکاء، رجسٹریشن، قبل از ورکشاپ شرکاء کا استعدی جائزہ

عون محمد

جب زندگی اور مذہب کے درمیان رشتہ کٹ جاتا ہے تو زندگی کسی نہ کسی سمت میں جاری رہتی ہے لیکن مذہب ایسی بے جان شے بن جاتا ہے جسمیں نہ لچک اور نہ ترقی کی صلاحیت باقی رہتی ہے اور یہ مسجدوں اور خانقاہوں کی حدود میں سمٹ کر رہ جاتا ہے۔اسلام کیساتھ بھی کچھ ایسا ہی ہوا ہے جبکہ انسانیت نے سائنس اور فلسفے میں زبردست ترقی کر لی ہے۔ مذہب صدیوں سے جامد رہا ہے۔اسلام کا معجزہ یہ تھا کہ اس نے بت پرستی کا خاتمہ کر دیا اور مسلمانوں کا المیہ یہ ہے کہ انہوں نے مذہب کو ایک بت کی شکل دے دی ہے۔ اسلام کے بارے میں اس جدید سوچ سے مذہبی انتہا پسندی کی مخالفت جھلکتی ہے لیکن ریاست اپنی پالیسی کے اعلانات کے باوجود اسلامی اصطلاحات استعمال کرتی رہی ۔ پاکستان میں انتہا پسندی کے موضوع پر اگر چہ بہت زیادہ توجہ دی جا

رہی ہے مگر اسکے باوجود اسکو سمجھنے اور اسکی وجوہات کی نشاندہی کرنے میں بے شمار شکوک وشبہات پائے جاتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق انتہا پسندی ایک ایسا طرزعمل ہے جو معاشرتی بے سکونی کا باعث بنتا ہے۔ ایچ آر سی پی کی جانب سے انسانی حقوق کی تعلیم کے فروغ، انتہا پسندی سے آگاہی اور اس کی روک تھام کے لیے پورے ملک میں کوششیں جاری ہیں۔ اسی سلسلے کی ایک کاوش آج کی ورکشاپ ہے۔ ہمیں مل کر سوچنا ہے کہ انتہا پسندی جیسے سرطان کو روکنے کے لیے کن تدابیر کی ضرورت ہے ورنہ ہمارا معاشرہ بہت تیزی سے زوال کا شکار ہوگا۔ آپ سب سے درخواست ہے کہ ہماری ورکشاپ کے مقصد کو اچھی طرح سمجھیں اور اس کے فروغ میں اپنا کردار ادا کریں۔

طرزِفکر میں مثبت تبدیلی اور جمہوری رویوں کے فروغ کے لیے تعلیمی اداروں اور نصاب میں انسانی حقوق کی تعلیم کی شمولیت کی اہمیت

ذکی نقوی

حقیقی جمہوریت حاصل کرنے کے لئے ایک ایسی ثقافت کا فروغ ضروری ہے جسمیں مذہبی، شخصی اور صحافتی آزادیوں کا خیال رکھا جائے۔ لیکن پاکستان میں پریس دیگر ترقی یافتہ جمہوری ممالک کی طرح مکمل آزادی سے ہنوز خاصا دور ہے۔ شاید اس اس وجہ سے بھی معاشرہ گھٹن کا شکار ہورہا ہے۔ پاکستان کا نظام تعلیم بھی وہ کردار ادا کرنے میں ناکام رہا ہے جس سے عوام میں سماجی اور ثقافتی روّیے فروغ پا سکتے۔ اس ضمن میں ترقی پسند موضوعات کا نصاب بالکل ہی خاموش ہے۔ ہماری روایتی ثقافت اور تاریخ، سماجی اقدار، روّیے اور عادات ماضی کے دھندلکوں میں گم ہوتے جا رہے ہیں۔ ہماری لوک ثقافت کو ہی لے لیجیے، عوام الناس اس کے متعلق نہایت قلیل علم رکھتے ہیں بلکہ کئی اکیڈمیاں تو ان کے وجود سے ہی بے بہرہ ہیں۔ پاکستانی لوک ثقافت کو انتہا پسندی کا متضاد کہا جا سکتا ہے کیونکہ اس میں شدت پسندی کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔ لوک ورثے کو تعلیمی اداروں میں بطور اختیاری مضمون بھی پڑھایا جانا چاہیئے کیونکہ یہ نسلوں کے درمیان فاصلے کم کرتا ہے۔ لوک ورثے کی تعلیم بوڑھوں اور نوجوانوں کے مابین موئثر رابطے کا باعث بن سکتی ہے۔ بزرگ لوک کہانیوں سے آگاہ ہوتے ہیں اور وہ کہاوتوں، پہیلیوں، جادوئی کہانیوں، قصوں، مافوق الفطرت واقعات اور اس طرح کی دوسری ثقافتی اقدار سے عوام کو روشناس کراتے ہیں۔ جن لوگوں کے سماجی بندھن کمزور ہوتے ہیں وہ جلد ہی انتہا پسندوں کے جھانسے میں آجاتے ہیں۔ حالانکہ انتہا پسند خود بھی قطعی طور پر تنہائی پسند نہیں ہوتے بلکہ انکے محدود سماجی تعلقات ہوتے ہیں اور وہ نئے بھرتی ہونے والے ریکروٹس کو بھی ان راستوں پر ہی گامزن کر دیتے ہیں۔ مزید براں نئے جوان بھرتی ہوکر دیگر ہم خیال نوجوانوں کے ساتھ اپنے سماجی تعلقات مظبوط کر لیتے ہیں۔ سماجی عدم تحفظ کی وجہ سے بھی نوجوانوں کو اپنا مستقبل تاریک نظر آتا ہے جس سے وہ آسانی کے ساتھ شدت پسندوں کے پھیلائے ہوئے جال میں پھنس جاتے ہیں۔ ناانصافی بھی انتہا پسندی کی ایک اہم وجہ ہوتی ہے۔ ہماری سماجی اقدار کے مختلف درجے ہیں جو کہ متوازن معاشرے کے ڈھانچے سے مناسبت نہیں رکھتے مثلاً یہاں تعلیم کی غیر منصفانہ تقسیم۔

حقیقی جمہوریت حاصل کرنے کے لئے ایک ایسی ثقافت کا فروغ ضروری ہے جسمیں مذہبی، شخصی اور صحافتی آزادیوں کا خیال رکھا جائے۔ لیکن پاکستان میں پریس دیگر ترقی یافتہ جمہوری ممالک کی طرح مکمل آزادی سے ہنوز خاصا دور ہے۔ شاید اس اس وجہ سے بھی معاشرہ گھٹن کا شکار ہورہا ہے۔ پاکستان کا نظام تعلیم بھی وہ کردار ادا کرنے میں ناکام رہا ہے جس سے عوام میں سماجی اور ثقافتی روّیے فروغ پا سکتے۔

یہاں بنیادی طور پر تین نظام تعلیم رائج ہیں، یعنی نجی انگریزی میڈیم ادارے، پبلک ادارے، اور مدرسے۔ ویسے تو ایک ریسرچ کے مطابق یہاں چار قسم کے سکول پائے جاتے ہیں جو مدرسوں، اردو میڈیم، ایلیٹ انگلش میڈیم اور کیڈٹ کالجز پر مشتمل ہے۔ نظام تعلیم میں یہ تفاوت ہی دراصل ان سماجی اور اقتصادی طبقات کی موجودگی کا مظہر ہیں۔ حقیقت میں یہ ایک ایسی دنیا کا ذکر ہے جہاں مختلف مضامین، طبقات، ڈھانچے، فیسیں اور تنخواہیں رائج ہیں۔ اسی طرح اساتذہ اور سٹاف کی جانب سے بھی طلباء کے ساتھ روّیہ درست نہیں ہے۔ سرکاری سکولوں اور مدرسوں میں بچوں کو سزا دینے کا تصور موجود ہے۔ اسٹاف کے ارکان بھی چھوٹی باتوں پر طلباء کی بے عزتی کر ڈالتے ہیں نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ یہاں کے بچے زیادہ محرومی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ان مدرسوں اور سکولوں میں ابھی تک پرانا تعلیمی نظام رائج ہے۔ انسانی حقوق کی ابھی تک کسی بھی سرکاری اسکول یا مدرسے میں تعلیم نہیں دی جاتی۔ سماج میں سائنسی قدروں کا فروغ، انسانی روّیوں، اور عادات کو مضبوط کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ لیکن پاکستان میں انسانی حقوق کی تعلیم پر زور نہیں دیا گیا یا پھر اس سے کوئی خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھایا گیا اور نہ ہی حکومت اور معاشرے نے اس جانب کوئی توجہ دی۔

ہمارے ہاں زیادہ تر بچے سکول نہیں جاتے اور جو سکول جاتے ہیں وہ ایسا کچھ بھی نہیں سیکھتے جسکی بناء پر وہ بہتر شہری بن سکیں۔ سکولوں کو بذات خود مسئلہ بننے کی بجائے مسئلے کے حل کا ذریعہ ہونا چاہیئے۔ سکول مناسب طور پر تعلیم فراہم نہیں کر رہے اور نہ ہی طالبعلموں کی صلاحیتوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ معیاری تعلیم کا مطلب تو یہ ہے کہ طالبعلم جمہوری اور اخلاقی اقدار کی جانب راغب ہوں، انہیں بنیادی انسانی حقوق سے آگاہی حاصل ہو اور انکے ذہنی افق پر نئے خیالات پیدا ہوں۔ تعلیم پچھلی حکومتوں کی ترجیح تو کبھی نہیں رہی اور اب بھی تعلیم کے لیے وقف کردہ بجٹ تین فیصد سے بھی کم ہے۔

دستاویزی فلم: کھانے کے وقفے کے بعد شرکا کو دستاویزی فلم ضمیر کی عینک دکھائی گئی، جسکا مقصد پاکستانی معاشرے میں دوہرے معیار کی تصویر کشی تھی۔ اسمیں یہ دکھایا گیا کہ ہم پاکستانی عوام بہت آسانی کے ساتھ اپنے کیے کا جرم غیر ملکی لوگوں یا غیر ملکی ایجنڈوں کے کھاتے میں ڈال دیتے ہیں۔ ایچ آر سی پی کی اس کاوش کو شرکا نے خوب سراہا۔

مذہبی ہم آہنگی اور رواداری وقت کی اہم ضرورت ہے

محمد ابوبکر

تمام مذاہب کی منزل حق کی تلاش ہے۔ من مانی تشریح کا مطلب ہے وضع کرنا یا اپنی طرف سے بنانا۔ دنیا کا کوئی بھی مذہب جب متعارف ہوتا ہے تو وہ ایک خاص وقت تک تکمیل کے مرحلے میں رہتا ہے اور آخر چند قواعد، رسومات، عقائد کو اپنا حصہ بنا کر مکمل ہو جاتا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ دُنیا مذہب کے مکمل ہونے پر ختم نہیں ہو جاتی بلکہ آگے بڑھتی رہتی ہے۔ آگے بڑھتے ہوئے زمانے کی بدلتی ہوئی ضرورتیں جب ماضی کے کسی دور میں مکمل ہو چکے مذہب سے کوئی مدد نہیں لے پاتیں تو پھر یا تو وہ دنیا اور دین کو الگ الگ کر کے زمانے کے ہم قدم ہونے کی کوشش کرتی ہیں یا جدید علوم کی روشنی میں تاویل کا سہارا لے کر اپنا راستہ ہموار کرتی ہیں۔ یہ تاویل ہمیشہ جذبات، تعصّبات اور مفادات کے تابع ہوتی ہے۔ یہ مفادات انفرادی بھی ہو سکتے ہیں اور اجتماعی بھی۔ مثال کے طور پر قرآن کریم میں ہے کہ " زمین اللہ کی ہے "۔ خطہ عرب میں اس وقت تو ایسا طبقہ موجود نہیں تھا جسے جاگیردار کہتے اس لیے اللہ کی زمین ہونے کو لوگوں نے تسلیم کیا اس کے لئے کسی تاویل کی ضرورت پیش نہیں آئی۔ لیکن ہندوستان میں جہاں 18 57ء کی جنگ آزادی کے بعد انگریز سامراج نے زمین اپنے وفاداروں میں تقسیم کر کے زمین کی ملکیت کا حق دار ٹھہرایا۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوا کہ جب تحریک پاکستان کے نتیجہ میں اسلامی مملکت قائم ہو گی تو ریاست اس معاملہ کو کیسے نمٹائے گی۔ علامہ اقبال نے ایک

نظم لکھی اس کا نام "الارض للہ" جس میں انہوں نے ذاتی ملکیت کی نفی کی ہے۔لیکن مسلم لیگ میں ایک بڑی اکثریت میں جاگیردار شامل ہوگئے۔پھر جنرل ایوب خاں نے انہیں دوبارہ متعارف کروایا تاکہ وہ علامہ اقبال کو دو قومی نظریئے کا خالق بتا کر اور قائداعظم کو اُن کا ایک پیروکار ثابت کر کے فاطمہ جناح کی الیکشن مہم پر اثر انداز ہوں۔

قیام پاکستان کے بعد یہ مسئلہ درپیش تھا کہ نئی اسلامی فلاحی مملکت میں جاگیرداروں کا کیا کیا جائے تو جہاں مذہبی پیشوا میدان میں آئے تو وہاں سیاستدان بھی۔نوابزادہ نصراللہ نے "انجمن تحفظ زمینداراں فی احکام شریعہ" بنائی تو ان کے بیانیہ کو مولانا مودودی کی کتاب "مسئلہ ملکیت زمین" سے بہت سہارا ملا۔جبکہ علامہ اقبال کے پیروکار علامہ غلام احمد پرویز نے قرآن کریم سے زمین کی ملکیت کی نفی کی۔اس لیے اُن کے خیالات کو کبھی سرکاری سر پرستی حاصل نہیں کر پائے۔سرکاری سرپرستی قرآن کریم کی اسی تشریح کو حاصل رہی جو ریاست پر قابض حکمران طبقے کے مفادات کا تحفظ کرتی تھی۔مختلف طبقے اپنے مفادات کی جنگ کو مذہب میں داخل کر لیتے ہیں اسطرح جہاد کی بات ہے جہاں مسلمان طاقت میں تھے وہاں جہاد بالسعیت کو ترجیح دیتے لیکن پھر ایک وقت وہ بھی آیا کہ جہاد بالنفس کو ترجیح دی گئی۔

مذہب کا مخالف ہمیشہ کافر کہلاتا ہے۔اس کے برعکس سیاست ہمیشہ اختلاف رائے اور تنقید سے پروان چڑھتی ہے اس تضاد کا اثر یہ ہوا کہ سیاست میں عدم برداشت کا رّویہ داخل ہوگیا۔سیاسی اختلاف رائے کو تقویت دینے کے لیے مذہب کا سہارا لیا گیا جس سے مذہب میں فرقے اور عدم برداشت پیدا ہوئی۔ضیاء الحق کے دور میں جب افغانستان میں روسی فوجیں داخل ہوئیں تو امریکہ روس کو شکست دینے کے لیے پاکستانی فوج اور طالبان کو استعمال کر رہا تھا۔اس عمل کو جائز کرنے کیلئے جہاد کے فلسفے کو دوبارہ زندہ کیا گیا۔حقیقت میں مذہبی اختلاف رائے یا مذہب کی من مانی تشریح کر لینا کوئی خطرہ کا باعث نہیں۔معاشرے میں یہ من مانی تشریح اس وقت خطرے کا باعث بنتی ہے جب ایک چھوٹا گروپ بزورِ شمشیر دوسروں کو اپنا ہمنوا بنانے کے کوشش کرتا ہے۔یہ رّویہ تب تک جاری رہے گا جب تک ہم اپنا نصاب تعلیم میں بچوں کو یہ نہیں پڑھاتے کہ ہر انسان بنیادی طور پر برابر کے حق رکھتا ہے اس میں اس کا اپنا عقیدہ، سیاسی خیال اور رائے رکھنے کا حق بھی شامل ہے۔آپ یہ رویہ پیدا کریں کہ آپ لوگوں کے عقیدہ رکھنے کے حق کو تسلیم کریں اور بدلے میں وہ آپ کے عقیدہ رکھنے کے حق کو تسلیم کرے۔

قیام پاکستان کے بعد یہ مسئلہ درپیش تھا کہ نئی اسلامی فلاحی مملکت میں جاگیرداروں کا کیا کیا جائے تو جہاں مذہبی پیشوامیدان میں آئے تو وہاں سیاستدان بھی۔نوابزادہ نصراللہ نے "انجمن تحفظ زمینداراں فی احکام شریعہ" بنائی تو ان کے بیانیہ کومولانا مودودی کی کتاب "مسئلہ ملکیت زمین" سے بہت سہارا ملا۔جبکہ علامہ اقبال کے پیروکار علامہ غلام احمد پرویز نے قرآن کریم سے زمین کی ملکیت کی نفی کی۔اس لیے اُن کے خیالات کو کبھی سرکاری سر پرستی حاصل نہیں کر پائے۔سرکاری سرپرستی قرآن کریم کی اسی تشریح کو حاصل رہی جو ریاست پر قابض حکمران طبقے کے مفادات کا تحفظ کرتی تھی۔مختلف طبقے اپنے مفادات کی جنگ کو مذہب میں داخل کر لیتے ہیں اسطرح جہاد کی بات ہے جہاں مسلمان طاقت میں تھے وہاں جہاد بالسعیت کو ترجیح دیتے لیکن پھر ایک وقت وہ بھی آیا کہ جہاد بالنفس کو ترجیح دی گئی۔

انتہا پسندی کیا ہے، اس کی مختلف اقسام، ہماری زندگیوں پر اثرات اور روک تھام کیلئے لائحہ عمل

محمد رضوان

پاکستان کی تاریخ سیاسی افراتفری، سیاسی و معاشی بدنظمی اور مذہبی دباؤ سے بھری پڑی ہے جس نے عوام کو انتہائی مایوس کن صورتحال سے دوچار کردیا ہے۔ایک مظبوط سیاسی پلیٹ فارم کی عدم موجودگی کی وجہ سے ہمارے نوجوانون میں بہت منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔انتہا پسند تنظیمیں ایسے نوجوانوں کو ایسا پلیٹ فارم دستیاب کر دیتی ہیں جس سے یہ نوجوان بلاسوچے سمجھے انکی ہدایت پر اپنی زندگی گذارنے پر مجبور ہوجاتے ہیں۔فاٹا اور خیبر پختونخواہ کے علاقوں میں زیادہ انتہا پسندی دیکھنے میں آئی ہے۔کچھ دیگر عناصر جیسے کہ ترقی و تعمیر کی کمی، وسیع پیمانے پر غربت، کثرت بے روزگاری، افراط زر، سیلاب، عدم تحفظ، عام انصاف کیعدم فراہمی بھی انتہا پسندی کے اسباب میں شامل ہیں۔

مذہبی انتہا پسندی کا سادہ سا مفہوم ہے کہ عقیدے کی بنیاد پر انسانوں کی برتری اور کمتری کا تعین کرنا اور اسی عقیدے کی رو سے ان سے سلوک کرنا۔یہ ایک طرح سے انتہا پسندی کی سب سے خطرناک قسم ہے کیونکہ انسانی تاریخ میں لوگ سب سے زیادہ اسی وجہ سے غیر انسانی سلوک کا نشانہ بنے ہیں۔یہ تمام انسانوں کا بنیادی حق ہے کہ اپنے عقیدے کو برحق سمجھیں لیکن کسی کے عقیدے کو بزور طاقت تبدیل کرنا غلط ہے۔عقیدے کی بنیاد پر انسانوں میں تفریق کرنا اور اپنے عقائد کو بزور طاقت دوسروں پر مسلط کرنا مذہبی انتہا پسندی ہے۔اسی طرح کوئی بھی غیر ملکی ادارہ ہمارے ملک میں سرمایہ کاری کرنا چاہے تو بعض مذہبی شخصیات فتوے دینا شروع کر دیتے ہیں۔پھر کچھ دنوں کے وقفے کے بعد کسی مذہبی مدرسے کے حمایتی بیانات کے ہمراہ ایسے اداروں کے اشتہارات شائع ہوتے ہیں۔

سماجی رویوں اور ضابطوں میں کسی بھی صورت انتہا پر چلے جانا سماجی انتہا پسندی کہلاتا ہے۔مثال کے طور پر ہمارے سماج میں بچیوں کی شادیاں طے کرتے وقت ان کی مرضی کو شامل نہیں کیا جاتا یہ سماجی انتہا پسندی ہے جس کا عموماً یہ جواز پیش کیا جاتا ہے کہ والدین اپنے بچوں کا بُرا تھوڑی چاہیں گے۔مگر یہ کہاں لکھا ہے کہ والدین جو بھی کہیں گے وہ ٹھیک ہے۔اسی طرح آپ اپنی بچی کا ایک قانونی، آئینی، اور مذہبی حق چھین رہے ہیں صرف اور صرف مذہب کے نام پر۔یہ ایک سماجی انتہا پسندانہ فیصلہ ہے۔اسی طرح غیرت کے نام پر قتل بھی سماج کا انتہا پسندانہ فیصلہ ہے۔غیرت اور تقدس انہی دو لفظوں کے گرد ہم صدیوں سے گھوم رہے ہیں۔گھریلو خواتین کی تمام عمر باپ، چچا، بھائی، بھتیجا کی مرضی سے یا پھر سسرال شوہر یا بیٹے کے گھر میں گزر جاتی ہے۔وہ بے چاری اس قید و بند میں اف کئے بنا عمر کی پونجی لٹا دیتی ہے۔یہ ہمارے سماج کا عورت کے خلاف کتنا غلط اور انتہا پسندانہ رویہ ہے۔طاقت کے دم پر کسی کے ووٹ کا حق چھین لینا کسی کے سیاسی نظریات پر قبضہ کرنا سیاسی انتہا پسندی ہے۔ووٹ معاشرے کے ہر فرد کا حق ہے لیکن جب کوئی ڈرا دھمکا کر یا لالچ دے کر اس حق کو پامال کرتا ہے تو وہ سیاسی انتہا پسندی کا مرتکب ہوتا ہے۔اور اسی طرح حکومت اور ریاست کے سربراہان کا بھی پورا پورا فرض بنتا ہے کہ وہ اپنی رعایا کی تمام بنیادی سہولتوں اور ضرورتوں کو پورا کریں۔اگر وہ ایسا نہیں کرتے تو وہ بھی سیاسی انتہا پسندی کہلائے گی۔یہ حقیقت ہے کہ انسانی تاریخ کا سب سے چرب زبان آدمی بھی کسی بھوکے کو قائل نہیں کرسکتا کہ اس کا پیٹ بھرا ہوا ہے۔

انتہا پسندی خواہ کسی شکل میں ہو تو وہ تباہی کا موجب بنے گی۔ایک بڑا مسئلہ یہ ہے کہ تحفظ پاکستان ایکٹ اور سزائے موت کے نفاذ سے انتہا پسندی کو ختم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔کیا کبھی ایک بیماری کا علاج دوسری بڑی بیماری سے ہوا ہے؟ ایک جہالت کا مقابلہ دوسری بڑی جہالت سے، ایک پاگل پن کا خاتمہ دوسرے بڑے پاگل پن سے، ایک دہشت کا خاتمہ دوسری بڑی دہشت سے، ایک جنون کا مقابلہ دوسرے بڑے جنون سے اور ایک شدت

پسندی کو دوسری بڑی شدت پسندی سے ختم کرنا اور سراسر حماقت نہیں تو پھر اور کیا ہے؟ اور اسی حماقت کا انجام ہم پاکستان کی عوام بھگت رہے ہیں۔

انتہا پسندی کے فروغ میں میڈیا کا کردار اور ذرائع ابلاغ سے منسلک افراد کی تربیت کی اہمیت

عون محمد

انتہا پسندی ان بنیادی مسائل میں سے ایک ہے جو پاکستانی ریاست اور معاشرے کو درپیش ہیں۔ اسکی جڑیں شاید پاکستان کے قیام سے بھی پہلے جا نکلتی ہیں۔ پاکستان کی پوری تاریخ میں یہ مسئلہ افقی اور عمودی دونوں اطراف میں پھیلتا رہا ہے۔ ایک طرف بہت سے عوامل اور کردار اسمیں اپنا اپنا کردار ادا کرتے رہے ہیں تو دوسری طرف بہت سے بے گناہ افراد اور گروہ بھی اس کا نشانہ بنتے رہے ہیں۔ پاکستانی میڈیا جس نے ایک نئی طاقت اور اہمیت حاصل کی ہے وہ بھی ابتدائی ایام سے لے کر آج تک اس سارے عمل میں ایک عامل کے طور پر موجود رہا ہے۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ یہ شدت پسند گروہوں کا نشانہ بھی بنتا رہا ہے۔ ذرائع ابلاغ شروع سے ہی شدت پسندی کے مظہر کو بڑھاوا دینے میں اپنا کردار ادا کرتے رہے ہے۔ 1950ء میں حکومت پنجاب نے شدت پسندانہ خیالات کی اشاعت اور فروغ کے لئے ذرائع ابلاغ کو استعمال کیا۔ اس وقت کی حکومت کے ڈائریکٹوریٹ آف انفارمیشن نے ان اخبارات کو رقوم ادا کیں جو احمدیوں کے خلاف شدت پسندانہ خیالات کی تشہیر کرتے تھے۔ یہ معاملہ ایک انکوائری کمیٹی کے روبرو پیش ہوا اور ایک بڑے موقر اردو اخبار کے ایڈیٹر نے اسکی توثیق کی۔ ہر اخبار کی اپنی ایک پالیسی ہوتی ہے مثلاً بعض انگریزی اخبارات کی پالیسی شدت پسندی کے خلاف ہے جبکہ بعض اخبارات کی پالیسی شدت پسندی کے حق میں ہے۔ ایک اردو اخبار کا ایک پورا صفحہ طالبان کے لیے وقف ہے اور یہ طالبان اور دہشتگردوں کو عسکریت پسند کہتا ہے۔

ضیاء الحق کے دور حکومت میں ذرائع ابلاغ پر اثر انداز ہونے کی باقاعدہ منصوبہ بندی کی گئی۔ ایک مذہبی سیاسی جماعت چونکہ جنرل ضیاء الحق کے بہت قریب تھی اور ضیاء نے اسے افغان جنگ میں بھی استعمال کیا تھا، اس جماعت کے بہت سے لوگ ذرائع ابلاغ میں شامل ہو گئے جنھوں نے پنجاب یونین آف جرنلسٹس کی بنیاد رکھی۔ ان میں سے بہت سے لوگ عسکریت پسند تھے اور اپنے اپنے نظریات کی بنیاد پر لوگوں کی جانیں لے رہے تھے۔ اس گروپ نے بہت سے ذرائع ابلاغ کے لوگوں کو خریدا اور اپنے اپنے مقصد کے لئے استعمال کیا۔ اس قسم کے لوگ اگرچہ اخبارات کی پالیسی کو براہ راست متاثر نہیں کرتے تاہم اگر ایک شخص نیوز روم میں یا رپورٹنگ میں ایک خاص سوچ لیکر بیٹھا ہوا ہے تو اسکے پاس موقع ہوتا ہے وہ کسی بھی خبر کو بڑھا چڑھا کر پیش کرے یا کوئی خبر اس طرح دے کہ اسکی اہمیت کم ہو جائے۔

پاکستانی ذرائع ابلاغ بالواسطہ طور پر اور دبے لفظوں میں شدت پسندوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر لال مسجد کے معاملے پر میڈیا نے یکطرفہ کردار ادا کیا۔ اسی طرح جن تنظیموں پر پابندی ہے انکی خبریں بھی مسلسل چھپ رہی ہیں صرف انکے نام کے ساتھ سابقہ کا لفظ لگ جاتا ہے۔ شدت پسندی سے جڑے ہوئے واقعات کو جس قدر تشہیر ملنی چاہیے ہمارا میڈیا بریکنگ نیوز کے چکر میں ان واقعات کو زیادہ تشہیر دے جاتا ہے۔ اس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ شدت پسندوں کے حوصلے بلند ہو جاتے ہیں۔ طالبان کے ترجمان کو بہت زیادہ کوریج ملتی ہے۔ بعض گروہ ایسے بھی ہیں جو اس قسم کی کاروائیوں میں ملوث نہیں ہیں لیکن وہ باجود یا کسی ایسی جگہ بیٹھ کر ذمہ داری قبول کر لیتے ہیں اور اس پر فخر کرتے ہیں۔

ہمارے ہاں ذرائع ابلاغ میں گیٹ کیپنگ کی روایت معدوم ہے جو شخص میڈیا سے منسلک ہے اسے ایک گیٹ کیپر کے طور پر کام کرنا چاہیے۔ نیوز رپورٹر یا ایڈیٹر کو خبر کی اشاعت کے حوالے سے فیصلہ کرنا ہوتا ہے۔ اسے یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ اگر کوئی خبر فائدے کی نسبت زیادہ نقصان کرے گی تو وہ اسے روک لے۔ ہمارا الیکٹرانک میڈیا حال ہی میں سامنے آیا ہے اور لوگ اسکے لئے مناسب طور پر تربیت یافتہ نہیں ہیں۔ پرنٹ میڈیا میں جب کوئی چیز تحریر ہوتی ہے تو تحریر کرنے والے کے پاس کچھ وقت ہوتا ہے کہ وہ اسکو دوبارہ دیکھ سکے اور پھر وہ تحریر مدیر کی نظر سے بھی گزرتی ہے۔ لیکن الیکٹرانک میڈیا میں ایسا نہیں ہوتا۔ الیکٹرانک میڈیا کے رپورٹروں کے پاس ضرورت سے زیادہ گنجائش ہوتی ہے۔ یہ ان عوامل میں سے ایک ہے جنکی وجہ سے ہمارے ٹی وی چینل شدت پسندی سے متعلق واقعات کو اکثر غیر موزوں طریقے سے پیش کرتے ہیں۔ مزید براں پاکستان میں پرنٹ میڈیا کے پاس کوئی ڈیڑھ سو سال کا تجربہ ہے جبکہ الیکٹرانک میڈیا مقابلتاً نوخیز ہے۔

ام احسان، جو لال مسجد کے خطیب عبدالعزیز کی اہلیہ ہیں، کا ایک کارٹون ایک اخبار میں چھپا تو اس اخبار کو کھلے عام دھمکی دی گئی کہ وہ اسکے نتائج بھگتنے کے لیے تیار رہے۔ نماز جمعہ کے بعد لال مسجد میں اس اخبار کے خلاف نعرے لگائے گئے۔ انہوں نے اخبار کے خلاف الزام عائد کیا کہ اسکی پالیسی جہاد کے خلاف ہے اور اسے سبق سکھایا جائے۔ اگر شدت پسندوں کے خلاف کوئی خبر شائع ہوتی ہے تو ذرائع ابلاغ پر الزام عائد کیا جاتا ہے وہ خلاف اسلام باتیں چھاپ رہا ہے۔ اسی طرح 1981 میں اردو کے ایک بڑے اخبار نے اسلامی جمعیت طلبہ کے خلاف ایک خبر چھاپی۔ طلبہ دو بسوں میں سوار ہو کر آئے اور جنگ اخبار کے دفتر کو آگ لگا دی۔

میڈیا دراصل آج کل مارکیٹ فورسز کے تحت چل رہا ہے۔ پہلے جب میڈیا حکومت کی تحویل میں تھا تو اسکے اثر سے آزاد تھا۔ اب مارکیٹ کیا چاہتی ہے وہ معاشرے کا عمومی طرز عمل ہے میڈیا بھی اسی رنگ میں رنگا جاتا ہے۔ اگر معاشرہ انتہا پسند نظریات سے لیس ہے، یعنی اگر ریاست کی عملداری کم ہو چکی ہے اور انتہا پسند حلقوں کا رسوخ معاشرے پر زیادہ ہے تو میڈیا میں بھی وہی چیز آپکو نظر آئے گی۔ میڈیا عدم استحکام میں اضافے کا باعث بن رہا ہے، شائد اسلئے کہ اسے جو آزادی ملی ہے وہ ابھی نئی نئی ہے۔ خاص طور پر الیکٹرانک میڈیا کے حوالے سے تو یہی لگتا ہے اسے تجربہ نہیں ہے، رہنمائی بھی نہیں ہے اور جو ہے وہ بڑی سطحی قسم کی ہے کہ چینل بڑا مقبول ہو جائے گا۔ یہ بڑی خطرناک بات ہے۔ میڈیا اس امر کو مسلسل نظر انداز کر رہا ہے کہ ایسا کرنے سے مستقبل میں اظہار رائے کی آزادی برقرار رکھنا مشکل ہو جائے گا۔

صحبت پور 4-5 نومبر 2015ء

انسانی حقوق کے فروغ، حقوق کی تحریک کو مستحکم کرنے کے لئے حکمت عملی کی تشکیل اور عوام تک رسائی حاصل کرنے میں سول سوسائٹی کا کردار

حفیظ بزدار

ہمارا موضوع بنیادی طور پر تین حصوں میں تقسیم ہے۔ انسانی حقوق کے فروغ، حقوق کی تحریک کو مستحکم کرنے کے لئے حکمت عملی کی تشکیل، اور عوام تک رسائی حاصل کرنے میں سول سوسائٹی کا کردار۔ اگر ہم اپنے حقوق کے متعلق خود نہیں سوچیں گے تو یقیناً حکومت یا کوئی اور ادارہ اس جانب توجہ نہیں دے گا۔ انسانی حقوق میں انسانی بقا کا حق، زندگی کا حق، مذہبی آزادی اور سیاسی آزادی سمیت دیگر حقوق شامل ہیں۔ انسان پیدائش سے لیکر موت تک سیکھنے کے مختلف مراحل سے گزرتا رہتا ہے۔ اگر یوں کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا کہ پوری زندگی سیکھنے کا عمل ہے۔ اگر کوئی ادھیڑ عمر کا شخص یہ کہتا ہے کہ انہوں نے سب کچھ سیکھ لیا ہے تو یہ اس کی غلط فہمی ہوگی۔ ہم اپنے معاشرے سے سیکھتے ہیں ،سماج سے سیکھتے ہیں اور روزمرہ کی زندگی سے سیکھتے ہیں۔ اگر سیکھنے کے عمل کا ہم بغور جائزہ لیں تو خیال کا ایک نقشہ ہمارے سامنے آئے گا۔ خیال بنیادی طور پر عمل کا ایک حصہ ہے۔ پہلے خیال بنتا ہے اس کے بعد اس پر عمل کیا جاتا ہے۔ دوسری جنگ عظیم میں تقریباً چھ کروڑ انسان مارے گئے اس کے بعد اقوام

عالم نے اکٹھے ہو کر انسانی حقوق کے متعلق ایک منشور تیار کیا۔ انسانی حقوق کے عالمی منشور میں زندہ رہنے کے حق کو ہر انسان کا بنیادی حق مانا گیا۔ انسانی حقوق کا نظام خود کار ہونا چاہیئے یعنی لگاتار اور مسلسل چلنے والا نظام جس میں تمام لوگوں کو یکساں اور ہر قسم کے حقوق حاصل ہونے چاہئیں۔ جمہوری رویوں کا انسانی حقوق کے فروغ میں اہم کردار ہوتا ہے۔ جمہوری روّیے ہم سے تقاضا کرتے ہیں کہ ہم ایک دوسرے کے مذہب کا احترام کریں۔ جب ہم جمہوریت کی آواز بلند کرتے ہیں تو سب سے پہلے خود کا جائزہ لیتے ہیں کہ کیا ہمارے گھروں، محلوں اور سوسائٹی میں جمہوریت ہے؟ اگر خود کے کردار کو پرکھا جائے تو یہ حقیقت ہمارے سامنے آئے گی کہ ہمارے اپنے اندر جمہوری روّیے نہیں ہیں اور ان اداروں کی بھی کمی ہے جو ہمارے معاشرے میں جمہوری رویوں کے فروغ کے لئے کام کریں۔ آج سوشل میڈیا کا دور ہے اور دنیا گلوبل ویلج بن چکی ہے۔ سوشل میڈیا کے ذریعے ہم مجموعی طور پر عوام بالخصوص نوجوانوں تک رسائی حاصل کر کے ان میں شعور اجاگر کر سکتے ہیں۔ ہمیں اپنے حقوق کے ساتھ ساتھ دوسروں کے حقوق کا علم بھی ہونا چاہیئے اور ان کے حقوق کا احترام بھی کرنا چاہیئے۔

طرز فکر میں مثبت تبدیلی اور جمہوری رویوں کے فروغ کے لئے تعلیمی اداروں اور نصاب میں انسانی حقوق کی تعلیم کی شمولیت کی اہمیت

فرید احمد شاہوانی

ترقی یافتہ اقوام انسانی حقوق کے متعلق جدید نصاب کو اپناتے ہوئے بہتر علم حاصل کر کے اقتصادی اور معاشی طور پر مستحکم ہوگئیں۔ تعلیمی ادارں خصوصاً پرائمری اور مڈل کے تعلیمی نصاب کو ترتیب دینے والے اداروں کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ تعلیمی نصاب میں انسانی حقوق کے متعلق مضامین کی شمولیت کو اوّلیت دیں جس سے بچے بچپن ہی سے انسانی حقوق اور اپنے فرائض کے متعلق آگاہ ہونگے اور جو عملی زندگی میں انتہاء پسندی کے تدارک کے لئے اپنا مثبت کردار ادا کر سکیں گے۔ ہمارے معاشرے میں یہ ایک المیہ ہے کہ تعلیمی نصاب میں انسانی حقوق کے متعلق کسی قسم کی آگاہی شامل نہیں۔

انتہا پسندی کیا ہے، اس کی مختلف اقسام، ہماری زندگیوں پر اثرات اور روک تھام کے لیے لائحہ عمل

محمد رفیق کھوسہ

آج اگر ہم اپنے ملک کا ایک تقابلی جائزہ لیں تو گلی گلی ہمیں انتہاء پسندی کے مناظر نظر آئیں گے جن میں سے کچھ کا ہم یہاں تذکرہ کرتے ہیں جن میں، سیاسی انتہاء پسندی، مذہبی انتہاء پسندی، ذاتی انتہاء پسندی، خاندانی انتہاء پسندی، گروہی انتہاء پسندی، سماجی انتہاء پسندی، قومی انتہاء پسندی اور بین الاقوامی انتہاء پسندی۔ ہم جس سماج میں رہتے ہیں یہاں لوگوں میں عدم رواداری کو فروغ دینے میں میڈیا بنیادی کردار ادا کر رہا ہے۔ میڈیا رائے عامہ پر فوری اثر انداز ہوتا ہے اور اگر ہم میڈیا کے کردار کا اس حوالے سے جائزہ لیں تو ہمیں یہ محسوس ہوگا کہ انتہاء پسند تنظیمیں اپنی رائے کو دوسروں تک پہنچانے کے لئے

ترقی یافتہ اقوام انسانی حقوق کے متعلق جدید نصاب کو اپناتے ہوئے بہتر علم حاصل کر کے اقتصادی اور معاشی طور پر مستحکم ہوگئیں۔ تعلیمی ادار ں خصوصاً پرائمری اور مڈل کے تعلیمی نصاب کو ترتیب دینے والے اداروں کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ تعلیمی نصاب میں انسانی حقوق کے متعلق مضامین کی شمولیت کو اوّلیت دیں جس سے بچے بچپن ہی سے انسانی حقوق اور اپنے فرائض کے متعلق آگاہ ہونگے اور جو عملی زندگی میں انتہاء پسندی کے تدارک کے لئے اپنا مثبت کردار ادا کر سکیں گے۔ ہمارے معاشرے میں یہ ایک المیہ ہے کہ تعلیمی نصاب میں انسانی حقوق کے متعلق کسی قسم کی آگاہی شامل نہیں۔

میڈیا کا سہارا لیتی ہیں۔ ریاست نوجوانوں کو روزگار دینے میں ناکام ہوگئی ہے۔ ملک میں بے روزگاروں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے اور وہ بے روزگاری کی وجہ سے انتہا پسندوں کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ انتہاء پسندی کے فروغ میں سوشل میڈیا کا بھی بڑا کردار ہے۔ سوشل میڈیا انتہاء پسندوں کے لئے گیٹ وے بن گیا ہے۔ روزانہ ہزاروں پیغامات کی نشر و ترسیل سوشل میڈیا کے ذریعے کی جاتی ہے۔ اس پر ریاست کی طرف سے کوئی پابندی نہیں جس کی وجہ سے انتہاء پسند اس کا بھر پور فائدہ اٹھاتے ہیں۔ انتہاء پسندی کے برے اثرات فوراً معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے لیتے ہیں۔ لوگوں میں رواداری ختم ہو جاتی ہے۔ برداشت کا عمل ختم ہو جاتا ہے۔ جب کسی بھی معاشرے میں برداشت و رواداری ختم ہو جاتی ہے۔ تو وہاں امن کا مسئلہ پیدا ہو جاتا ہے۔ جب معاشرے میں امن کا مسئلہ سنگین ہو جاتا ہے تو وہاں معاشی مسئلہ بھی سر اٹھانا شروع کر دیتا ہے۔ غربت میں اضافہ ہو جاتا ہے اور ردِعمل میں انسانی حقوق بالخصوص خواتین کے حقوق کی پامالی شروع ہو جاتی ہے۔ انتہاء پسندوں کے سامنے انسانی حقوق کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی ہے اور نہ ہی وہ انسانی حقوق کے فلسفے پر یقین رکھتے ہیں بلکہ ان کا ہدف ہمیشہ انسانی حقوق ہوتے ہیں۔

انتہاء پسندی کی انسداد اور فروغ میں میڈیا کا کردار

امیر جان جمالدینی

سب سے پہلے ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ انتہاء پسندی کیا ہے؟ انتہاء پسندی بنیادی طور پر ایک سوچ کا نام ہے جو آہستہ آہستہ انسان کے اندر سرایت کرتی ہے۔ انتہا پسند انسان کی یہ سوچ ہوتی ہے کہ وہ اپنے نظریہ، اپنی سوچ کو کسی طرح دوسروں پر مسلط کرے۔ اسی طرح ہمیں میڈیا کے متعلق جاننا ہوگا کہ میڈیا ہے کیا؟ ہر وہ ذریعہ جس سے خبر دوسروں تک منتقل ہو جائے وہ میڈیا کہلاتا ہے۔ جس دور سے ہم گزر رہے ہیں اس دور میں میڈیا کا بنیادی کردار ہے۔ آج میڈیا نے دنیا کو گلوبل ویلج میں تبدیل کر دیا ہے۔ دنیا کے ایک کنارے میں پیش آنے والے واقعہ کی خبر سیکنڈوں میں آخری کنارے تک پہنچ جاتی ہے۔ میڈیا کی دو قسمیں ہیں: ایک الیکٹرانک اور دوسرا پرنٹ میڈیا۔ پرنٹ میڈیا میں اخبارات، رسائل، کتابیں وغیرہ آتی ہیں جبکہ الیکٹرانک میڈیا میں ٹی وی، ریڈیو فلم اور سوشل میڈیا وغیرہ شامل ہیں۔ ہمارے میڈیا پر جہادی نظریات کی ترویج ہو رہی ہے اور لوگوں کے نظریات کا رخ انتہاء پسندی کی جانب کیا جا رہا ہے۔ ایک دوسرے سے بازی لیجانے کی کوشش میں عجیب و غریب پروگرام نشر کئے جاتے ہیں۔ جب انتہاء پسندوں نے مساجد، اسکولوں، بازاروں اور عام لوگوں کو نشانہ بنانا شروع کیا تو جیسے ہی کوئی دہشت گردی کا واقعہ رونما ہوتا تو ٹی وی چینل دہشت گردی کا شکار ہونے والے لوگوں کی لاشیں براہ راست دکھانا شروع کر دیتے جس کے ملکی و بین الاقوامی سطح پر منفی اثرات پیدا ہوئے۔ اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ میڈیا شدت پسندی کو فروغ دیکر عوام کو خوفزدہ اور بے حوصلہ کر رہا ہے۔ پرائیوٹ میڈیا کے غلبے نے جہاں معاشرے پر بہتر اثرات مرتب کئے وہیں مالکان کے کاروباری مفادات، ریٹنگ کی جنگ، اور ایک دوسرے سے بازی لے جانے کے عمل نے معاشرے پر انتہائی برے اثرات مرتب کئے۔ اس کے علاوہ جہاں شدت پسند کوئی کاروائی کرتے ہیں تو ہمارا میڈیا اسے براہ راست نشر کرتا ہے۔ جائے وقوعہ کی لائیو کوریج کی جاتی ہے جس سے انتہاء پسندوں کا پیغام پوری دنیا میں جا رہا ہوتا ہے اور خوف کا ماحول پیدا کیا جاتا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ٹی وی اینکرز اپنے پروگراموں میں ایسے علماء، سیاست دانوں اور مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو مدعو کریں جو مثبت سوچ رکھتے ہوں۔ ہمارے ملک میں پیمرا کا بنیادی کردار گیٹ کیپر کا ہے مگر وہ اپنا کردار ادا نہیں کر رہا۔

▼▼▼▼

تضحیک مذہب قوانین

پیٹر جیکب

اسلامی نظریاتی کونسل (سی آئی آئی) کے سربراہ، مولانا محمد خان شیرانی نے حکومت کے ایماء پر تضحیک مذہب قوانین میں موجود بعض تضادات کا جائزہ لینے پر آمادگی کا اظہار کیا ہے۔

مولانا کی پیشکش جسٹس آصف سعید کھوسہ کے نومبر 2015ء میں لیے گئے فیصلے کی توثیق کرتی ہے جس میں انہوں نے کہا تھا کہ تضحیک مذہب قوانین پر بحث تضحیک مذہب کے زمرے میں نہیں آتی۔ جسٹس کھوسہ نے ممتاز قادری والے مقدمے کی سماعت کے دوران اس حقیقت کی بھی نشاندہی کی تھی کہ یہ قانون انسان کا بنایا ہوا ہے۔

مولانا شیرانی کے بیان سے ایک دن قبل، لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس عبادالرحمان نے گزشتہ چار برسوں سے تضحیک مذہب کے مقدمے میں زیرحراست غلام علی اصغر کی رہائی کے احکامات صادر کیئے۔ اپنے فیصلے میں فاضل جسٹس نے دو سابقہ عدالتی فیصلوں کا حوالہ بھی دیا جن میں انتظامیہ کو بے بنیاد الزامات پر تضحیک مذہب کے مقدمات کا اندراج کرنے اور غیر شفاف ٹرائل کرنے سے خبردار کیا گیا تھا۔ جن عدالتی فیصلوں کا حوالہ دیا گیا ان میں جسٹس علی نواز چوہان کا فیصلہ بھی شامل ہے، جو اب نیشنل کمیشن برائے انسانی حقوق کے سربراہ ہیں، انہوں نے تضحیک مذہب سے نبٹنے کے لیے پولیس کو ہدایات بھی جاری کی تھیں۔ مذکور عدالتی فیصلہ 2002ء میں کیا گیا تھا جس پر تاحال عملدرآمد نہیں کیا گیا۔

مزید برآں، 1997ء میں شانتی نگر اور 2009ء میں گوجرہ میں پرتشدد واقعات کے بعد بالترتیب جسٹس تنویر احمد خان اور جسٹس اقبال حمیدالدین کی سربراہی میں قائم دو عدالتی کمیشنوں نے بھی نہایت قابل عمل سفارشات پیش کی تھیں۔ ان تحقیقاتی رپورٹوں میں تضحیک مذہب قوانین کے ناجائز استعمال سے نبٹنے کے لیے قوانین پر نظرثانی اور ترامیم کرنے، تعلیمی سرگرمیوں اور اداروں میں اصلاحات کرنے کی سفارش کی گئی تھی۔

ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ، خود پر عائد حدود و قیود کے باوجود، ان ناانصافیوں کا بدستور ازالہ کر رہی ہیں جو مذہب کے الزامات پر متعصب قانونی چارہ جوئی کے نتیجے میں پیدا ہوتی ہیں۔ رمشا مسیح، شمع و شہزاد اور ڈاکٹر یونس شیخ چند ایک مثالیں ہیں۔ اگر انتظامیہ اور مقنّنہ قانون اور مذہب کے ناجائز استعمال کے معاملے سے نبٹنے کے لیے آمادہ ہوں تو اعلیٰ عدلیہ کے وہ فیصلے ٹھوس بنیاد فراہم کرتے ہیں جو عدلیہ نے انفرادی و اجتماعی ذمہ داری کے مقدمات میں سنائے تھے۔

حال ہی میں لیگل ایڈ سوسائٹی کراچی کے ایک تحقیقی جائزے میں بتایا گیا کہ: ''تضحیک مذہب کے زیادہ تر مقدمات کی بنیاد من گھڑت الزامات تھے جو جائیداد کے جھگڑوں یا دیگر ذاتی یا خاندانی دشمنی کے باعث عائد کئے گئے جن کا نتیجہ ملزم کی پوری کمیونٹی پر ہجوم کے تشدد کی صورت میں نکلتا ہے''۔

مولانا شیرانی کے بیان سے ایک دن قبل، لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس عبادالرحمان نے گزشتہ چار برسوں سے تضحیک مذہب کے مقدمے میں زیرحراست غلام علی اصغر کی رہائی کے احکامات صادر کیئے۔ اپنے فیصلے میں فاضل جسٹس نے دو سابقہ عدالتی فیصلوں کا حوالہ بھی دیا جن میں انتظامیہ کو بے بنیاد الزامات پر تضحیک مذہب کے مقدمات کا اندراج کرنے اور غیر شفاف ٹرائل کرنے سے خبردار کیا گیا تھا۔

نومبر 2015ء میں بین الاقوامی کمیشن برائے ماہرین قانون کے ایک تحقیقی جائزے میں بھی بتایا گیا کہ ہائی کورٹ نے دفعہ 295-C کے تحت جن 25 مقدمات میں ملزمان کو رہائی دی ان میں سے 15 میں عدالت کا کہنا تھا کہ: ''شکایات من گھڑت، کینہ پرور یا ذاتی دشمنی پر مبنی تھیں نو مقدمات میں ملزموں کو مقدمہ سازی کے دوران قواعد وضوابط اور تفتیش میں پائے جانے والے نقائص جبکہ دو مقدمات میں ملزمان کو ذہنی معذوری کی بنیاد پر رہائی ملی۔

بدقسمتی سے یہ فیصلے محمد انور کا ہاتھ کٹنے سے یا سلمان تاثیر کو قتل ہونے سے نہ بچاسکے۔ ہزاروں شہریوں کی زندگی اور آزادی تباہ اور اربوں مالیت کی املاک جلائی جاچکی ہیں۔ محض الزامات ہجوم کے تشدد کا سبب بن سکتے ہیں۔

نظم ونسق میں پائے جانے والے اس انتشار کا بنیادی سبب تضحیک مذہب قوانین کی موجودگی اور ان کا استعمال ہے۔ کوئی بھی ماہر قانون بتا سکتا ہے کہ ان قوانین کے نفاذ کے نتائج اگر پہلے سے بنائے منصوبہ کی بنیاد پر نہیں تھے تو پہلے سے معلوم ضرور تھے۔

1980ء سے 1986ء کے دوران، ضابطہ فوجداری پاکستان میں دفعہ 298-B اور C اور 298-A کے نفاذ سے یہ فرض کرلیا گیا کہ تضحیک مذہب کی پہلے سے ہی وضاحت کردی گئی ہے۔ چنانچہ تضحیک مذہب کی حدود کی وضاحت کیے بغیر بعض اقدامات کو جرم قرار دینے سے جرم کا مفروضہ جنم لیتا ہے۔ اور اس کے استعمال سے انصاف کا خون ہورہا ہے کیونکہ مذکورہ قوانین صرف تضحیک کے ذرائع اور اقسام کی بات کرتے ہیں مگر حدود متعین نہیں کرتے۔

مزید برآں، مجرمانہ ذمہ داری عائد کرنے کے حوالے سے معقولیت، فعل کے نتائج کے ادراک کی صلاحیت، ذہنی حالات، اشتعال کی موجودگی اور مختلف عقیدہ رکھنے کی بنیاد پر جن عالمی مستثنیات کو مدنظر رکھا جانا چاہیئے، قانون انہیں بھی نظرانداز کررہا ہے اور بے قصور لوگوں کو وسیع پیمانے پر نشانہ بنانے کا ذریعہ بن رہا ہے۔

اگرنچہ مولانا شیرانی اپنی اچھی پیشکش کی بدولت شکریہ کے مستحق ہیں۔ تاہم، تضحیک مذہب کا مسئلہ مذہبی معاملے کی بجائے قانونی معاملے کی حیثیت اختیار کرچکا ہے اور اسلامی نظریاتی کونسل کے دائرہ اختیار سے باہر ہے۔ مذہبی دلائل عوام کے علم میں اضافے کے لیے مفید ہوسکتے ہیں اور جاوید غامدی، ڈاکٹر خالد ظہیر اور ڈاکٹر خالد مسعود نے اس حوالے سے اہم کردار ادا کیا ہے۔ عرفات مظہر کی عالمانہ تحقیق میں بڑی وضاحت کے ساتھ بتایا گیا ہے کہ تضحیک مذہب کے تصور کو کس طرح ذاتی مفادات کے لیے استعمال کیا گیا جس کا خمیازہ مسلمان معاشروں کو بھگتنا پڑا۔

پارلیمان کو چاہیئے کہ وہ اس معاملے کو سنجیدگی سے لے۔ تضحیک مذہب کے ناقص قوانین کی موجودگی میں نفرت انگیز تقریر کے خلاف جنگ نہیں جیتی جاسکتی۔

اس مسئلے کا آسان حل یہ ہے کہ تمام متعلقہ فریقین پر مشتمل کمیٹی کے ذریعے گوجرہ جوڈیشل کمیشن کی سفارشات پر عملدرآمد کروایا جائے۔ ان سفارشات پر بلاتاخیر عملدرآمد حکومت کی قانونی ذمہ داری ہے۔

اگر حکومت تضحیک مذہب قوانین کے ناجائز استعمال کا حقائق پر مبنی جائزہ لے اور اسے جلد از جلد شائع کردے تو یہ اس کا ملک پر بہت بڑا احسان ہوگا۔

(انگریزی سے ترجمہ، بشکریہ دی نیوز)

قانون نافذ کرنے والے ادارے

دھماکے سے 3افراد ہلاک،3اہلکار زخمی

قلات پاکستان کے صوبہ بلوچستان کے ضلع قلات میں 4 فروری کو ہونے والے بم دھماکے میں تین افراد ہلاک جبکہ فرنٹیئر کور کے تین اہلکار زخمی ہوگئے ہیں۔حکام کا دعویٰ ہے کہ تینوں افراد ایک خودکش دھماکے میں ہلاک ہوئے۔کوئٹہ میں فرنٹیئر کور بلوچستان کی جانب سے جاری کیے جانے والے ایک بیان کے مطابق بارود سے بھری ایک گاڑی کے بارے میں خفیہ اطلاع پر ایف سی نے علاقے میں موثر ناکہ بندی کی تھی۔بیان میں کہا گیا ہے کہ ناکے پر نہ رکنے کے باعث ایک گاڑی کا تعاقب کیا گیا۔محاصرے میں لینے پر گاڑی میں موجود ایک خودکش حملہ آور نے خود کو دھماکے سے اُڑا لیا۔دھماکے کے نتیجے میں گاڑی میں موجود تینوں افراد ہلاک ہوگئے جبکہ تین ایف سی اہلکار زخمی ہوئے۔بیان میں یہ دعویٰ کیا گیا کہ ہلاک ہونے والے تینوں افراد دہشت گرد تھے۔گدر کے علاقے میں بدامنی کے واقعات میں پہلے بھی پیش آتے رہے ہیں لیکن اس علاقے میں رونما ہونے والا یہ دھماکہ اپنی نوعیت کا پہلا واقعہ تھا۔دوسری جانب سبی کے علاقے میں بجلی کے چار ٹاوروں کو دھماکہ خیز مواد سے نقصان پہنچانے کی ذمہ داری کالعدم یونائیٹڈ بلوچ آرمی نے قبول کی ہے۔

(نامہ نگار)

ہندو لڑکی کی بازیابی کا مطالبہ

سنگھڑ ضلع سانگھڑ کے تعلقہ کھپرو کے نزدیکی گاؤں حاجی قادر بخش شر کی 16 سالہ ہندو لڑکی ونی بنت سانگ کوہلی 18 فروری کو لاپتہ ہوگئی۔لڑکی کے والد سانگ کوہلی نے کھپرو تھانے درخواست جمع کرائی کہ اس کی بیٹی کو اسلحہ کے زور پر اغواء کیا گیا ہے جس میں ایک خاتون سمیت بوزدار برادری کے منور، علی، احسان اور واصل شامل ہیں جبکہ کچھ لوگوں کا کہنا تھا کہ لڑکی اپنی پسند کی شادی کے لیے گھر سے نکل گئی ہے۔دوسرے روز لڑکی کے عزیزوں کی جانب سے کھپرو شہر میں دھرنا دے کر اہم راستوں پر ٹائروں کو آگ لگا کر راستوں کو بند کر کے نعرے لگائے گئے اور لڑکی کی بازیابی کا مطالبہ کیا گیا۔تقریباً دو گھنٹے بعد ڈی ایس پی کھپرو اور ایس ایچ او کھپرو موقع پر آئے اور دھرنے میں شامل افراد کو یقین دہانی کرائی کہ لڑکی کو جلد از جلد بازیاب کرایا جائے۔یقین دہانی کے بعد مظاہرین نے دھرنا ختم کر دیا۔

(ابراہم خلجی)

پاکستان کا پھانسیاں دینے والے ممالک میں تیسرا نمبر

اسلام آباد بین الاقوامی انسانی حقوق کے اداروں کی ایک رپورٹ کے مطابق گذشتہ برس پاکستان میں 324افراد کو پھانسی پر لٹکایا گیا جن میں زیادہ تر ایسے مجرم شامل تھے جن کا دہشتگردی سے کوئی واسطہ نہیں تھا۔اتنی بڑی تعداد میں پھانسیوں کی وجہ سے پاکستان سے سب سے زیادہ پھانسیاں دینے والے ملکوں کی فہرست میں تیسرے نمبر پر آ گیا ہے۔برطانوی خبر رساں ادارے روئٹرز نے کہا ہے کہ بین الاقوامی انسانی حقوق کے اداروں کی اس رپورٹ کے مطابق پشاور کے آرمی پبلک سکول پر حملے کے بعد سے 351افراد کو پھانسی پر لٹکایا گیا اوران میں صرف 39افراد ایسے تھے جو دہشت گردی میں ملوث تھے یا ان کا دہشتگرد گروہوں سے تعلق تھا۔پاکستان میں سنہ 2014 میں پشاور کے آرمی پبلک سکول پر حملے کے بعد پھانسیوں پر عائد غیر اعلانیہ پابندی ہٹالی گئی تھی۔اس حملے میں 134 سکول کے بچوں سمیت 153افراد ہلاک ہوگئے تھے۔عالمی تنظیم 'ریپریو' اور جسٹس پراجیکٹ پاکستان کی رپورٹ میں کہا گیا کہ چین اور ایران کے بعد پاکستان ایک سال میں 324افراد کو پھانسیاں دے کر تیسرے نمبر پر آ گیا ہے۔اس رپورٹ میں کہا گیا کہ ذہنی مریض، کم عمر مجرم اور ایسے قیدی جن پر تشدد کیا گیا یا انھیں مکمل طور پر انصاف فراہم نہیں کیا گیا پھانسی پانے والوں میں شامل تھے۔عالمی تنظیم ریپریو کی ڈائریکٹر مایا فوا نے کہا کہ ان اعداد وشمار سے ثابت ہوتا ہے کہ پاکستانی حکومت کے دعوے حقائق پر مبنی نہیں ہیں۔روئٹرز کے مطابق پاکستان کی وزارتِ داخلہ کے ترجمان نے اس بارے میں کوئی تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا۔حکومت نے ابتدا میں کہا تھا کہ پھانسیوں پر غیر اعلانیہ پابندی صرف دہشت گردی کے جرائم میں ملوث افراد کے لیے اٹھائی جا رہی ہے لیکن بعد میں دوسرے جرائم کے مرتکب افراد کو بھی اس میں شامل کر لیا گیا۔بڑی تعداد میں لوگوں کو پھانسیاں دینے پر عالمی سطح پر پاکستان کو تنقید کا نشانہ بنایا گیا لیکن پاکستان کے اندر بڑی حد تک اس کی پذیرائی ہوئی ہے۔ (انگریزی سے ترجمہ،بشکریہ ڈان)

پولیس تشدد کے خلاف احتجاج

عمرکوٹ 20 جنوری کو عمر کوٹ شہر میں سندھ تپیدار ایسوسی ایشن (رستاSTA) کی طرف سے صوبائی صدر سید قطب علی، سردار سنگھ سوڈھو، غلام مرتضیٰ، الیاس سمیجو سمیت دیگر تپیداروں نے 'قلم چھوڑ' ہڑتال کر کے پریس کلب عمرکوٹ کے آگے مظاہرہ کیا اور دھرنا دے کر روڈ بلاک کر دی۔اس موقع پر متاثرین نے کہا کہ عمرکوٹ تھانے کے ایس ایچ او خیر محمد نوہڑی نے دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ تپیدار حبیب اللہ آریسر اور اس کے ڈرائیور سومار بھیل کو بلاوجہ گرفتار کر کے تشدد کا نشانہ بنایا۔اب جب تک ذمہ دار ایس ایچ او اور اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کر کے سزا نہیں دی جائے گی تب تک ان کی طرف سے قلم چھوڑ ہڑتال جاری رہے گی۔ایس ایس پی عمرکوٹ نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے دو پولیس اہلکاروں غلام حسین لوند اور علمی راجڑ کو معطل کر دیا ہے۔تپیداروں کا احتجاج دوسرے دن بھی جاری رہا۔ہڑتال کی وجہ سے ضلع کی کنری، سامارو، پنہور و اور عمرکوٹ کے ریونیو دفاتر میں کام معطل رہا۔ڈی آئی جی میرپور خاص نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی عمرکوٹ کو تحقیقاتی افسر مقرر کیا۔تپیداروں کی طرف سے ہڑتال کا سلسلہ ایک ہفتے تک جاری رہا۔آخر کار 26 جنوری کو ڈپٹی کمشنر عمرکوٹ کی مداخلت پر فیصلہ کیا گیا۔معززین کی موجودگی میں تپیداروں اور ذمہ دار پولیس اہلکاروں کے مابین صلح کروائی گئی۔ (نامہ نگار)

قبرستان کی اراضی پر قبضہ

عمرکوٹ تحصیل وضلع عمرکوٹ کی یونین کونسل کھیجراڑی کے گوٹھ سبڑی بڈھو بھیل کے رہائشیوں نے ایچ آر سی پی کے ضلعی کور گروپ کو بتایا کہ ان کے گوٹھ کے قریب ڈیاتبادڑ وقبرستان، کے نام سے ایک صدی سے بھی قدیم بھیل برادری کا قبرستان ہے۔جس میں ان کے پیارے دفن ہیں۔اس قبرستان کی اراضی چار ایکڑ ہے۔جس میں تقریباً پانچ سو سے سات سو قبریں ہیں۔اس قبرستان کی مٹی بہت قیمتی ہے۔جسے مقامی زبان میں 'راؤ' کہا جاتا ہے جو کہ گھروں کی تعمیر اور دیگر تعمیرات میں بجری اور ریت کی جگہ استعمال کی جاتی ہے۔وہاں کی مٹی قیمتی ہونے کے باعث قبرستان کے قریبی گوٹھ الھورایو مہر کے رہائشی بااثر افراد اور مہر برادری سے تعلق رکھنے والوں نے قبرستان پر قبضہ کر کے قبرستان کی قیمتی مٹی کو فروخت کر رہے ہیں۔انصاف کے حصول کے لیے ڈپٹی کمشنر آفس عمرکوٹ میں تحریری درخواست بھی دی گئی ہے۔جس پر اے ڈی سی سبھاش چندر نے پٹواری کو زمین کا جائزہ لینے کے بعد رپورٹ دینے کی ہدایت کی۔ایس ایس پی عمرکوٹ کو بھی 9 جنوری کو درخواست جمع کروائی گئی۔ایس ایس پی عمرکوٹ نے تعلقہ تھانہ عمرکوٹ کے ایس ایچ او کو قانون کے مطابق کارروائی کرنے کی ہدایت کی۔متاثرین کا کہنا تھا کہ ضلع کے اعلیٰ افسران اس حوالے سے جلد قانونی کارروائی کریں۔

(اوکھو منروپ)

خودکشی کے واقعات

مختلف اخبارات میں شائع ہونے والی خبروں اور جہد حق کے نامہ نگاروں کی جانب سے بھجوائی گئی رپورٹوں کے مطابق 16 جنوری سے 24 فروری کے دوران ملک بھر میں 181 افراد نے خودکشی کر لی۔ خودکشی کرنے والوں میں 60 خواتین شامل تھیں۔ 25 دسمبر سے 24 فروری کے دوران 86 افراد نے خودکشی کرنے کی کوشش کی جنہیں بروقت طبی امداد کے ذریعے بچالیا گیا۔ اقدام خودکشی کرنے والوں میں 42 خواتین شامل ہیں۔ اعداد وشمار کے مطابق خودکشی کرنے والوں میں 96 افراد نے گھریلو جھگڑوں ومسائل سے تنگ آ کراور 20 نے معاشی تنگدستی سے مجبور ہوکر خودکشی کر لی۔ خودکشی کے واقعات میں 50 نے زہر کھا/ پی کر، 37 نے خودکو گولی مارکراور 76 نے گلے میں پھندا ڈال کر جان دے دی۔ خودکشی اور اقدام خودکشی کے 267 واقعات میں سے صرف 20 واقعات کی ایف آئی آر درج ہوئی۔

